حصہ معروضی

معروضی سوالات باب نمبر 1:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: ثقافت، تمدن اور تہذیب کس زبان کے الفاظ ہیں؟
(ا) عربی (ب) عبرانی (ج) فارسی (د) اردو

2: ثقافت، تمدن اور تہذیب میں سے کس میں اصلاح و تطہیر کا پہلو شامل ہے؟
(ا) ثقافت میں (ب) تمدن میں (ج) تہذیب میں (د) کسی میں بھی نہیں

3: اسلامی تہذیب کے عوامل کون سے ہیں؟
(ا) اسلام کے بنیادی عقائد (ب) بنیادی عقائد اور کچھ دیگر چیزیں
(ج) ارکانِ اسلام (د) ارکانِ اسلام اور کچھ دیگر چیزیں

4: اسلامی تہذیب کے عناصر کون سے ہیں؟
(ا) اسلام کے بنیادی عقائد (ب) بنیادی عقائد اور کچھ دیگر چیزیں
(ج) ارکانِ اسلام (د) ارکانِ اسلام اور کچھ دیگر چیزیں

5: اسلام کا سب سے پہلا بنیادی عقیدہ ہے:
(ا) ایمان باللہ (توحید) (ب) ایمان بالرسل (رسالت)
(ج) ایمان بالکتب (د) ایمان بالآخرت

6: ارکانِ اسلام میں سے سب سے پہلے نمبر پر ہے:
(ا) نماز (ب) روزہ (ج) حج (د) کلمۂ شہادت

7: ملائکہ جمع ہے:
(ا) مُلْك کی (ب) مِلْك کی (ج) مَلَكْ کی (د) مَلِكْ کی

8: چار الہامی کتابوں میں سب سے پہلے نازل ہونے والی کتاب:
(ا) قرآن حکیم (ب) تورات (ج) زبور (د) انجیل

9: زکوٰۃ کے مصارف کی تعداد ہے:
(ا) چھ (ب) سات (ج) آٹھ (د) نو

10: حج فرض ہے:
(ا) ہر صاحبِ نصاب مسلمان پر (ب) ہر صاحبِ استطاعت مسلمان پر

www.downloadclassnotes.com

(ج) ہر صاحبِ مال مسلمان پر (د) ہر صاحبِ حیثیت مسلمان پر

11: رومی تہذیب کتنے طبقات میں تقسیم تھی؟
(ا) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

12: ایرانی تہذیب طبقات میں تقسیم تھی:
(ا) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

13: ہندی تہذیب طبقات میں تقسیم تھی:
(ا) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

14: مصری تہذیب کے طبقات تھے:
(ا) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

15: اسلام کے بنیادی عقائد ہیں:
(ا) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

16: الہامی کتابیں ہیں۔
(ا) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

17: قرآن حکیم آپ ﷺ پر نازل ہوا:
(ا) بائیس سال میں (ب) تئیس سال میں (ج) چوبیس سال میں (د) پچیس سال میں

18: تورات حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی:
(ا) بارہ سو سال قبل مسیح (ب) ساڑھے بارہ سو سال قبل مسیح (ج) تیرہ سو سال قبل مسیح (د) ساڑھے تیرہ سو سال قبل مسیح

19: زبور تقریباً ایک ہزار سال قبل مسیح میں نازل ہوئی:
(ا) حضرت محمد ﷺ پر (ب) حضرت موسیٰ پر (ج) حضرت داؤدؑ (د) حضرت عیسیٰؑ

20: قیامت کو آدمی کا ڈھانچہ کھڑا کیا جائے گا:
(ا) گھٹنے کی ہڈی کے ایک سرے سے (ب) ریڑھ کی ہڈی کے ایک سرے سے
(ج) سینے کی ہڈی کے ایک سرے سے (د) ٹخنے کی ہڈی کے ایک سرے سے

21: سونے کی کم از کم مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے:
(ا) ساڑھے سات تولے (ب) ساڑھے آٹھ تولے (ج) ساڑھے چھ تولے (د) ساڑھے نو تولے

22: بکریوں کی کم از کم تعداد جس پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے:
(ا) 30 (ب) 35 (ج) 40 (د) 45

23: حج کی اقسام ہیں:
(ا) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

24: اسلام کی نظر میں حاکمیت اعلیٰ کا حق ہے:
(ا) پارلیمنٹ کو (ب) کابینہ کو (ج) صدر کو (د) اللہ رب العزت کو

25: اسلام صرف ایک چیز کو معیار فضیلت تسلیم کرتا ہے:
(ا) جہاد (ب) حج (ج) خیرات (د) تقویٰ

26: جب اللہ مال دے اور وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے روز اس کا مال اس کے لیے بن جائے گا:
(ا) ایک گنجا سانپ (ب) ایک خونخوار بھیڑیا (ج) خوفناک شیر (د) مگرمچھ

27: ایک مخصوص وقت میں کھانے، پینے اور جماع سے رکنے کا نام ہے:

www.downloadclassnotes.com

(ا) نماز (ب) روزہ (ج) حج (د) زکوٰۃ

:28 کلمہ شہادت کے اجزاء ہیں:

(ا) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

:29 جنت کے داروغہ فرشتے کا نام ہے:

(ا) منکر نکیر (ب) رضوان (ج) مالک (د) جبرائیل

:30 جہنم کے داروغہ فرشتے کا نام ہے:

(ا) جبرائیل (ب) منکر نکیر (ج) رضوان (د) مالک

جوابات:

ا	:5	د	:4	ا	:3	ج	:2	ا	:1
ب	:10	ج	:9	ب	:8	ج	:7	د	:6
ج	:15	الف	:14	ج	:13	د	:12	ج	:11
ب	:20	ج	:19	ب	:18	ب	:17	ب	:16
د	:25	د	:24	ب	:23	ج	:22	الف	:21
د	:30	ب	:29	الف	:28	ب	:27	الف	:26

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

:1 ثقافت کی تعریف کیجئے:

:O ایک معاشرے کی فکری زندگی کے ارتقاء کو ہم اُس معاشرے کی ثقافت کا نام دے سکتے ہیں۔

:2 تمدن کی تعریف کیجئے:

:O ایک معاشرے کی مادی زندگی کے ارتقاء کو ہم اُس معاشرے کے تمدن کا نام دے سکتے ہیں۔

:3 تہذیب کی تعریف کیجئے:

:O ایک معاشرے کی فکری اور اس کے ساتھ ساتھ مادی زندگی کے ارتقاء اور ہر دو کی اصلاح و تطہیر کا نام تہذیب ہے۔

:4 انسانی زندگی پر عقیدۂ توحید کے کوئی سے دو اثرات تحریر کیجئے:

:O :i عقیدۂ توحید کی وجہ سے انسان اپنے صحیح مقام کو پہچانتا اور اپنے شرف کو محسوس کرتا ہے۔

:ii عقیدۂ توحید کی وجہ سے انسان اصلاحِ احوال کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

:5 چار مشہور فرشتوں کے نام لکھیے:

:O :i حضرت جبرائیل :ii حضرت میکائیل :iii حضرت اسرافیل :iv حضرت عزرائیل

:6 انبیاء کرامؑ کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجئے:

:O :i تمام انبیاء اللہ کے منتخب یعنی چنے ہوئے خاص بندے ہیں۔

:ii تمام انبیاء معصوم ہوتے ہیں۔

:7 چار الہامی کتابوں کے نام اُن کے نازل ہونے کی ترتیب سے بتلایئے:

:O :i تورات :ii زبور :iii انجیل :iv قرآن حکیم

:8 انسانی زندگی پر نماز کے کوئی سے دو اثرات لکھیے:

www.downloadclassnotes.com

:O i: نماز سے انسان میں مزید احساسِ بندگی پیدا ہوتا ہے۔
ii: نماز انسان کو بے حیائی اور بُرائی کے ارتکاب سے روکتی ہے۔

:9 مصارفِ زکوٰۃ بتلائیے:
:O i: فقراء ii: مساکین iii: عاملین زکوٰۃ iv: تالیفِ قلوب
v: قیدی vi: قرضدار vii: فی سبیل اللہ viii: مسافر

:10 ارکانِ اسلام کے علاوہ بعض دیگر عبادات کے نام بتلائیے:
:O جہاد، قربانی، ذکر، نوافل، صدقات وخیرات، تبلیغ وغیرہ۔

:11 ثقافت کے لغوی معنی کیا ہیں؟
:O ثقافت کا لغوی معنی ہے: زیرک ہونا' سبک ہونا' عقلمند ہونا' دانشمند ہونا' چالاک ہونا وغیرہ۔

:12 تمدن کے لغوی معنی کیا ہیں؟
:O تمدن کے لغوی معنی ہیں: شہر بسانا' آبادی میں رہنا' رہائش اختیار کرنا' مہذب اور خوش اخلاق ہونا' شہری لوازمات اختیار کرنا' معاشرہ میں رہنا وغیرہ۔

:13 تہذیب کے لغوی معنی کیا ہیں؟
:O تہذیب کے لغوی معنی ہیں: درخت کی شاخ تراشی کرنا' صاف کرنا' درست کرنا' درخت کی چھال اتارنا' بہنا' جلدی کرنا' شور مچانا' شعر کی اصلاح کرنا' پاکیزہ اخلاق والا بنانا' عیوب دور کرنا' کسی چیز کو خالص کرنا وغیرہ۔

:14 مذہب کی تعریف کیا ہے؟
:O ''مذہب انسان کے اس رجحان فکر کا نام ہے کہ جسے وہ شعوری اور اعتقادی طور پر اپناتا ہے۔ خواہ اس کی بنیاد کسی الہامی یا وحی وغیرہ پر ہو اور خواہ وہ کسی فرد یا افراد کی ذہنی اختراع ہو''۔

:15 رومی تہذیب میں کون کون سے طبقات تھے؟
:O رومی تہذیب میں مندرجہ ذیل تین طبقات تھے:
(i) ہنسٹرس (ii) ہمولرس (iii) سروی

:16 رومی تہذیب میں سروی طبقہ کی کیا حالت تھی؟
:O سروی سب سے نچلا درجہ تھا۔ سروی لوگوں کی زندگی غلاموں سے بدتر تھی۔ انہیں معمولی جرائم کی پاداش میں بھی آگ میں جلانا اور بھوکے درندوں کے سامنے ڈال دینا روا تھا۔

:17 سمیری تہذیب کتنے طبقات میں تقسیم تھی؟
:O سمیری تہذیب درج ذیل چھ طبقات میں تقسیم تھی:
(i) فرمانروا (ii) کاہن (iii) امرا (iv) اہل ہنر (v) کاشتکار (vi) غلام

:18 اسلام کے بنیادی عقائد کیا ہیں؟
:O اسلام کے بنیادی عقائد درج ذیل ہیں:
(i) ایمان باللہ (ii) ایمان بالرسل (iii) ایمان بالملائکہ (iv) ایمان بالکتب (v) ایمان بالآخرت

:19 توحید کا مفہوم بیان کریں۔
:O اللہ رب العزت کو اپنی ذات' صفات اور عبادات میں وحدہٗ لاشریک ماننا توحید ہے۔

:20 رسالت کا مفہوم کیا ہے؟
:O شریعت اسلامیہ میں ان محترم ہستیوں کو رسول کہا جاتا ہے کہ جنہیں عام انسانوں تک اپنا پیغام پہنچانے کے لیے اللہ رب العزت نے انسانوں میں سے ہی منتخب کر کے مبعوث فرمایا اور ان رسولوں کے منصب کو شریعت اسلامیہ میں منصب رسالت کہتے ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

:21 کراماً کاتبین اور منکر نکیر ہیں؟

:O کراماً کاتبین: یہ فرشتے ہر وقت انسان کے ساتھ رہتے ہیں اور اسکے اعمال لکھتے ہیں۔
منکر نکیر: یہ فرشتے قبر میں انسان کا حساب کتاب لینے پر مامور ہیں۔

:22 فرشتوں کی کوئی سی دو ذمہ داریاں بیان کریں۔

:O (i) انبیاء ورسل تک اللہ کا پیغام بصورت وحی پہنچانا۔
(ii) حضور ﷺ پر درود بھیجنا۔

:23 کیا اسلامی تہذیب کسی خاص علاقے، خطے یا ملک کے لیے ہے؟

:O اور آپ ﷺ کو ہم نے سارے ہی انسانوں کے لیے خوشخبری سنانے والا اور ڈرسنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ (القرآن)

:24 اسلامی تہذیب میں حاکمیت اعلیٰ کسے حاصل ہے؟

:O اسلامی تہذیب کا یہ بھی بہت بڑا امتیاز ہے کہ اسلام میں حاکمیت اعلیٰ کا اختیار کسی فرد یا افراد یا کمیٹی وغیرہ کے پاس نہیں ہے بلکہ اللہ رب العزت کے پاس ہے جو احکم الحاکمین ہے۔

:25 فنون لطیفہ کی اسلام میں کس قدر گنجائش ہے؟

:O اسلام نے موسیقی اور جاندار اشیا کی مصوری وغیرہ سے سختی سے منع کیا ہے۔ لیکن اس کے برعکس اچھے ادب وغیرہ کی تعریف بھی کی ہے۔

:26 اسلام کے نظام عدل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

:O اسلام کے نظام عدل میں امیر و غریب کے یا اونچی و نیچی ذات والوں کے الگ الگ قوانین نہیں ہیں بلکہ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔

:27 اسلامی نظام سیاست کو کیا انفرادیت حاصل ہے؟

:O اسلامی نظام سیاست میں حاکمیت اعلیٰ کا اختیار کسی بادشاہ، کسی صدر، کسی وزیر اعظم، کسی کابینہ، کسی پارلیمنٹ وغیرہ کے پاس نہیں ہے بلکہ اللہ رب العزت کے پاس ہے۔

:28 اسلام کے اخلاقی نظام کو بیان کریں۔

:O اسلام ہر قسم کے رذائل مثلاً بخل و تنگ دلی، جھگڑا و فساد، وعدہ خلافی، تکبر، عیب جوئی۔

:29 ارکان اسلام کیا ہیں؟

:O ارکان اسلام پانچ درج ذیل ہیں:
(i) کلمہ شہادت (ii) نماز (iii) روزہ (iv) زکوٰۃ (v) حج

:30 حج کی کوئی سی دو اقسام بیان کریں۔

:O (i) حج افراد: یعنی صرف حج کا احرام باندھا جائے اور اس کے ساتھ عمرہ نہ کیا جائے۔
(ii) حج قرآن: یعنی حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھا جائے، پہلے عمرہ کیا جائے اور پھر احرام کھولے بغیر ایام حج میں اسی احرام کے ساتھ حج بھی کیا جائے۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 2:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

:1 انسان کو کون سا حیوان کہا جاتا ہے؟
(ا) معاشی (ب) مادی (ج) معاشرتی (د) ثقافتی

:2 اچھی اخلاقی صفات کے لئے کون سا لفظ استعمال کیا جاتا ہے؟

ISLAMIC STUDIES NOTES FOR 1st YEAR CLASS (PUNJAB)

(ا) احسن اخلاق (ب) محاسن اخلاق (ج) حسنِ اخلاق (د) محسنِ اخلاق

3: بُری اخلاقی صفات کے لئے کون سا لفظ استعمال کیا جاتا ہے؟
(ا) رذیل اخلاق (ب) ارذل اخلاق (ج) رذائل اخلاق (د) راذل اخلاق

4: اچھے اخلاق کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) اخلاق حسنہ (ب) اخلاق سیئہ (ج) اخلاق زائدہ (د) اخلاق باطلہ

5: بُرے اخلاق کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) اخلاق حسنہ (ب) اخلاق سیئہ (ج) اخلاق زائدہ (د) اخلاق باطلہ

6: اچھے اور بُرے ہونے کے لحاظ سے اخلاق کی کتنی قسمیں ہوں گی؟
(ا) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

7: حضرت ابراہیمؑ کی دُعا کا کون سا لفظ حضور اکرم ﷺ کی اخلاق سنوارنے والی صفت سے متعلق ہے؟
(ا) يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ (ب) يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ (ج) يُعَلِّمُهُمُ الْحِكْمَةَ (د) يُزَكِّيْهِمْ

8: ارشادِ نبویؐ ہے: ''بے شک میں اچھے .... کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں۔''
(ا) دین (ب) عقیدہ (ج) اخلاق (د) افعال

9: حضور اکرم ﷺ کے اخلاق سے متعلق کس نے فرمایا تھا کہ "كان خلقه قرآن۔"؟
(ا) حضرت خدیجہؓ نے (ب) حضرت عائشہؓ نے (ج) حضرت حفصہؓ نے (د) حضرت سودہؓ نے

10: سب سے پہلا معاشرتی ادارہ ہونے کی حیثیت کس کو حاصل ہے؟
(ا) مسجد کو (ب) دکان کو (ج) سکول کو (د) گھر و خاندان کو

11: جد الانبیا ہیں؟
(ا) حضرت عیسیٰؑ (ب) حضرت ابراہیمؑ (ج) حضرت نوحؑ (د) حضرت داؤدؑ

12: خانہ کعبہ کی دیواریں بلند کیں:
(ا) حضرت نوحؑ اور ان کے بیٹے نے (ب) حضرت موسیٰؑ اور ان کے بیٹے نے
(ج) حضرت ابراہیمؑ اور ان کے بیٹے نے (د) حضرت یعقوبؑ اور ان کے بیٹے نے

13: آنحضور ﷺ کے اعلان نبوت کی تحقیق کے لیے کس صحابی نے اپنے بھائی کو بھیجا؟
(ا) حضرت ابوبکرؓ (ب) حضرت ابوترابؓ (ج) حضرت ابودجانہؓ (د) حضرت ابوذر غفاریؓ

14: ''آپ ﷺ کا اخلاق قرآن تھا''۔ کس نے کہا؟
(ا) حضرت عائشہؓ (ب) حضرت فاطمہؓ (ج) حضرت خدیجہؓ (د) حضرت صفیہؓ

15: خلق کے لغوی معنی ہیں:
(ا) پاکیزگی (ب) پیدا ہونا (ج) اچھی عادت (د) بڑھوتری

16: اخلاق جمع ہے:
(ا) خلوق (ب) خلق کی (ج) خلاق (د) خالق

17: آنحضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے، جس کا اچھا ہے:
(ا) لباس (ب) علم (ج) اخلاق (د) قلم

18: اسلامی تصور اخلاق میں پائی جاتی ہے:
(ا) بناوٹ (ب) تصنع (ج) نمائش (د) سادگی

19: میزان میں سب سے وزنی چیز ہوگی:

(ا) حسن تدبیر (ب) حسن خلق (ج) حسن خطاب (د) حسن ظن

20: اخلاقِ حسنہ کا تعلق ہے:

(ا) حقوق اللہ (ب) حقوق نسواں (ج) حقوق العباد (د) حقوق طلبہ

21: مومن آراستہ ہوتا ہے:

(ا) تصنع و بناوٹ سے (ب) اخلاقِ حسنہ سے (ج) سادگی و شرافت سے (د) اعلیٰ مراتب سے

22: اسلام کی اخلاقی اقدار ہیں:

(ا) فلک گیر (ب) ملک گیر (ج) صوبہ گیر (د) عالمگیر

23: اسلام کی اخلاقی اقدار ہیں:

(ا) عارضی (ب) عبوری (ج) مستقل (د) دائمی

24: اسلامی اخلاقی اقدار کی بنیاد نظریات ہیں:

(ا) یونانی (ب) عربی (ج) وحی الٰہی (د) مغربی

25: اسلام کے اخلاقی ضوابط میں ہے:

(ا) بہت نرمی (ب) شدت پسندی (ج) اعتدال پسندی (د) تینوں

26: حضور ﷺ کے اخلاق عملی نمونہ تھے:

(ا) حدیث کا (ب) قرآن کا (ج) فقہ کا (د) تاریخ کا

27: اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے استفادہ کے لیے ضروری ہے:

(ا) افرادی قوت کا ہونا (ب) دولت کا ہونا (ج) عبادت کا ہونا (د) اخلاقِ حسنہ کا ہونا

28: دنیاوی اور اخروی زندگی میں کامیابی کا انحصار ہے:

(ا) علمی ترقی پر (ب) مادری ترقی پر (ج) اخلاقِ حسنہ پر (د) معاشرتی ترقی پر

29: آنحضور ﷺ نے فرمایا: مجھے بھیجا گیا ہے اعلیٰ اخلاق:

(ا) کی تکمیل کے لیے (ب) کے آغاز کے لیے (ج) کی تشکیل کے لیے (د) کی تعمیل کے لیے

30: قوموں کے عروج و زوال کا تعلق ہے:

(ا) معاشیات سے (ب) سیاسیات سے (ج) اخلاقیات سے (د) مادیات سے

جوابات:

:1	ج	:2	ب	:3	ج	:4	ا	:5	ب
:6	ا	:7	د	:8	ج	:9	ب	:10	د
:11	ب	:12	ج	:13	د	:14	الف	:15	ج
:16	ب	:17	ج	:18	د	:19	ب	:20	ج
:21	ب	:22	د	:23	د	:24	ج	:25	د
:26	ب	:27	د	:28	ج	:29	الف	:30	ج

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: اخلاق کی تعریف کیجئے:

O: انسان کا 'نباہ' کرنے کے لئے دوسروں کے ساتھ معاملات میں جو کردار ہے' وہی اُس کا اخلاق ہے۔

www.downloadclassnotes.com

:2 اخلاق کی دو قسموں کے نام بتلائیے:

:O i: اخلاقِ حسنہ ii: اخلاق سیئہ

:3 چند محاسن اخلاق بتلائیے:

:O صدق، امانت، دیانت، عفو، احسان، عدل وغیرہ۔

:4 چند رذائل اخلاق بتلائیے:

:O جھوٹ، خیانت، بددیانتی، ظلم، حق تلفی، ناانصافی وغیرہ۔

:5 اسلام کے نظامِ اخلاق یا اخلاقی تعلیمات سے متعلق ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ لکھیئے:

:O وَ قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا.

ترجمہ: اور لوگوں سے اچھی بات کہو۔

:6 اسلام کے نظامِ اخلاق یا اخلاقی تعلیمات سے متعلق ایک حدیث نبویؐ لکھیئے:

:O ''بے شک تم میں سے زیادہ اچھا وہ ہے کہ جس کا اخلاق تم میں سے زیادہ اچھا ہے۔''

:7 اسلامی نظامِ اخلاق کی کوئی سی دو اہم خصوصیات تحریر کیجئے:

:O i: اسلام کا نظامِ اخلاق انسانوں کا نہیں بلکہ اللہ کا بنایا ہوا ہے۔

ii: اسلام کا نظامِ اخلاق نہایت مکمل اور ہر پہلو پر محیط ہے۔

:8 اسلام نے کس قسم کی اخلاقی اقدار کو اپنانے کی ترغیب دی ہے اور کس قسم کے اخلاق سے منع کیا ہے؟

:O اسلام نے اچھی اخلاقی اقدار یا محاسن اخلاق کو اپنانے کی ترغیب دی ہے اور بُرے اخلاق یا رذائل اخلاق سے منع کیا ہے۔

:9 کسی فرد کی معاشرتی زندگی کی وسعت کا اندازہ کس چیز سے کیا جا سکتا ہے؟

:O اُس شخص کے معاشرتی تعلقات اور روابط سے۔ جتنے زیادہ کسی کے معاشرتی روابط ہوں گے، اُتنی ہی زیادہ اُس کی معاشرتی زندگی وسیع ہو گی۔

:10 کسی شخص کے اخلاق کے اچھے یا بُرے ہونے کا اندازہ کس چیز سے کیا جا سکتا ہے؟

:O اُس کے معاشرتی روابط میں اُس کے رویے اور کردار سے۔ اگر وہ دوسروں کے ساتھ تعلقات و معاملات میں اچھا کردار ادا کر رہا ہے، تو اُس کا اخلاق اچھا ہے اور اگر اُس کا نباہ کرنے میں کردار اچھا نہیں ہے، تو اُس کا اخلاق اچھا نہیں ہے۔

:11 حضرت ابراہیمؑ کے بارے میں مختصراً بتائیے۔

:O حضرت ابراہیمؑ جد الانبیاء ہیں۔ آپؑ کے بعد جتنے بھی انبیا آئے آپ ہی کی نسل سے آئے۔ خود خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بھی آپ علیہ السلام ہی کی نسل میں سے ہیں۔

:12 کعبہ کی دیواریں کن انبیاء نے بلند کیں؟

:O کعبہ کی دیواریں حضرت ابراہیمؑ اور ان کے صاحبزادے حضرت اسماعیلؑ نے بلند کیں۔

:13 قرآن مجید میں حضرت ابراہیمؑ کی جو دعا ہے تحریر کریں۔

:O ''اے ہمارے رب! ان میں ایک رسول انہی میں سے بھیج جو ان پر تیری آیات کی تلاوت کرے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور انہیں پاکیزہ بنائے۔''

:14 آنحضور ﷺ کی بعثت کا مقصد مختصراً بیان کریں۔

:O ''بے شک میں اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے مبعوث کیا گیا ہوں''۔

:15 انسانی اخلاقی تعمیر میں گھر اور خاندان کا کیا کردار ہے؟

:O جہاں فرد معاشرے کی پہلی بنیادی اکائی ہے وہاں گھر اور خاندان کو پہلا معاشرتی ادارہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ ایک فرد اپنی شعور کی عمر تک پہنچتے ہوئے سب سے پہلے اپنے گھر اور خاندان کے ماحول سے متاثر ہوتا ہے۔

16: کیا اسلام کا نظام اخلاق قابل اعتماد ہے؟

O: یہ نظام ایسی علیم وخبیر ہستی کا بنایا ہوا ہے کہ جو سب کچھ جاننے والی ہے اور جس کا بنایا ہوا نظام مکمل طور پر قابل اعتماد ہی ہوسکتا ہے۔ اس کے صحیح ہونے کے متعلق کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں ہے۔

17: اسلام کے نظام اخلاق کی جامعیت بیان کریں۔

O: اسلام کے نظام اخلاق میں انسان کی خلوت وجلوت' اس کے تعلقات' اس کی خواہشات' اس کے شب وروز کے علاوہ اس کے بچپن' لڑکپن' جوانی' ادھیڑ عمری اور بڑھاپے وغیرہ دور کے متعلق مکمل رہنمائی موجود ہے۔

18: کیا اسلام کا نظام اخلاق مخصوص طبقے کی رہنمائی کرتا ہے؟

O: یہ نظام امیر وغریب' شاہ وگدا' آقا وغلام' کمزور وطاقتور' حاکم ومحکوم ہر ایک کی یکساں رہنمائی کرتا ہے۔

19: کیا اسلامی نظام اخلاق پر عمل کرنا مشکل ہے؟

O: اسلامی نظام اخلاق پر عمل کرنا بہت آسان ہے۔ کسی کو اس پر عمل کرنا کسی لحاظ سے بھی گراں نہیں ہوسکتا۔ ہاں البتہ اگر کوئی تعصب کی وجہ سے ان تعلیمات کو اپنے لیے گراں سمجھ رہا ہو تو وہ اس کا اپنا قصور ہے۔ اسلامی نظام اخلاق مشکل یا گراں نہیں ہے۔

20: کیا اسلامی نظام اخلاق دائمی ہے؟

O: اسلامی نظام اخلاق دائمی ہے۔ جو کبھی بھی متروک یا تبدیل نہیں ہوسکتا۔ کوئی بھی نظام اخلاق متروک یا تبدیل اس وقت ہوا کرتا ہے کہ جب وہ ہر دور' ہر طبقے' ہر معاشرے اور ہر علاقے کے لیے قابل عمل نہ ہو۔ لیکن اسلامی نظام اخلاق میں ایسی کوئی کمی نہیں ہے۔

21: کیا اسلامی نظام اخلاق فطرت انسانی کے مطابق ہے؟

O: اسلامی نظام اخلاق کی تمام تعلیمات فطرت انسانی کے عین مطابق ہیں۔ یہ کوئی ایسا حکم نہیں دیتا جو انسانی فطرت کے خلاف ہو۔ اسلام نے نہ ہی رہبانیت کا درس دیا ہے اور نہ ہی جدید مغربی تہذیب والی غیر فطری کھلی چھٹی دی ہے۔

22: اسلامی نظام اخلاق کا مقصد کیا ہے؟

O: اسلامی نظام اخلاق کا مقصد صرف اور صرف رضائے الٰہی کا حصول ہے کہ کسی بھی نظام اخلاق کا بہترین مقصد ہوسکتا ہے۔ اس نظام اخلاق کو اپنانے والوں کے پیش نظر کوئی دنیاوی مقصد نہیں ہوتا بلکہ وہ صرف اللہ کی رضا کے حصول کیلیے اسے اپناتے ہیں۔

23: انسانی زندگی کے دائرہ کار میں فرد کی حیثیت کیا ہے؟

O: ایک فرد کی زندگی کا آغاز اس کی پیدائش سے ہوتا ہے۔ فرد ایک معاشرے کی بالکل بنیادی اکائی ہے افراد کے ملنے سے ہی معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔

24: فرد کی تربیت میں ماں کے کردار پر روشنی ڈالیں۔

O: ماں کی گود فرد کی پہلی درس گاہ ہوتی ہے جو اس کے اخلاق کی نشو ونما میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پھر آہستہ آہستہ وہ پرورش پاتا ہوا بڑا ہوتا ہے اور عمر کے ساتھ ساتھ شعور حاصل کرتا ہے۔

25: تمام الہامی مذاہب کی تعلیمات کس چیز کے گرد گھومتی ہیں؟

O: تمام الہامی مذاہب کی تعلیمات اخلاق کی درستگی کے گرد گھومتی ہیں۔ جس کی مثال تورات کے احکام عشرہ سے دی جاسکتی ہے۔ جس میں چھٹا' ساتواں اور آٹھواں حکم درج ذیل ہے:

''تو خون نہ کرنا' تو زنا نہ کرنا' تو نہ چوری کرنا۔'' (خروج باب 20 آیات 13,14,15)

26: حضورﷺ کی ذاتی زندگی کے بارے میں قرآن کیا فرماتا ہے؟

O: قرآن مجید حضورﷺ کی ذاتی زندگی کے بارے میں فرماتا ہے:

''بے شک آپ بڑے اخلاق پر ہیں''۔

27: حضرت عائشہؓ نے حضورﷺ کے اخلاق کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

O: ''آپ کا اخلاق قرآن تھا''۔

28: فرد کی اخلاقیات میں اس کی ذات کو کس قدر عمل دخل حاصل ہے؟

O: گھر اور خاندان سے بھی پہلے فرد کی ذات ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ گھر یا خاندان کے اچھے ماحول کے باوجود اپنی ذات کی برائی کی وجہ سے برائی کی طرف بڑھنے لگے یا گھر اور خاندان کی برائی کے باوجود اپنی ذات کی اچھائی کی وجہ سے اچھائی کے رستے پر چل نکلے۔

29: کیا اسلام کا نظام اخلاق مفصل اور واضح ہے؟

O: اسلامی نظام اخلاق کے متعلق ہم پورے وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ ایک نہایت واضح اور تفصیلی نظام اخلاق ہے۔ اس میں صرف سرسری بات کرنے پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ جزئیات کو بھی بیان کیا گیا ہے۔

30: کیا اسلام کا نظام اخلاق معتدل ہے؟

O: یہودیت میں نہایت سختی تھی اور اس کے مقابلے میں عیسائیت کی تعلیمات میں نہایت نرمی تھی۔ یہودیت میں صرف قصاص کا تصور تھا اور عیسائیت میں صرف معافی کی تعلیم تھی لیکن اسلام نے اعتدال کی روش کو اختیار کیا اور قصاص و معافی ہر ایک کی گنجائش رکھی۔

معروضی سوالات باب نمبر 3:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دئیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: تقویٰ کا لغوی معنی کیا ہے؟
(ا) تقیہ کرنا (ب) عدل سے کام لینا
(ج) ڈرنا، پرہیز کرنا (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

2: ذکر کا لغوی معنی کیا ہے؟
(ا) یاد کرنا (ب) اللہ ھو اللہ ھو کرنا
(ج) تاریک کمرے میں بیٹھنا (د) چادر اوڑھنا

3: فرمان نبویؐ ہے: ''جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا' وہ..................کا شکر ادا نہیں کرتا'':
(ا) اپنا (ب) کسی کا (ج) اللہ کا (د) رسول اللہ ﷺ کا

4: ہر قسم کی تکالیف کو حوصلے اور جوانمردی سے برداشت کرنے اور واویلا نہ کرنے کو اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) صبر (ب) شکر (ج) عدل (د) ایثار

5: عفو و درگزر کا کیا مفہوم ہے؟
(ا) بغیر بدلہ لئے معاف کر دینا (ب) بدلہ لینے کے بعد معاف کر دینا
(ج) مقابلہ کرنا (د) بدلہ لینے کے بعد صلح کر لینا

6: ہر ایک کو اُس کے حق کے مطابق دینا' اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟
(ا) عدل (ب) احسان
(ج) ایثار (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

7: اپنے حصہ میں سے کسی کو اُس کے حق سے زیادہ دینا یا بغیر حق کے ہی دے دینا' کیا کہلاتا ہے؟
(ا) عدل (ب) احسان
(ج) ایثار (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

8: اپنی ضرورت پر دوسرے کی ضرورت کو ترجیح دیتے ہوئے خود کو ضرورت ہونے کے باوجود کسی کو اُس کے حق سے زیادہ دینا یا بغیر حق کے ہی دے دینا' کیا کہلاتا ہے؟
(ا) عدل (ب) احسان (ج) ایثار (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

:9 عدل، احسان اور ایثار میں سے سب سے بڑا عمل کون سا ہے؟
(ا) عدل (ب) احسان (ج) ایثار (د) تینوں برابر ہیں

:10 خدمتِ خلق سے کیا مراد ہے؟
(ا) لوگوں کا جسم دبانا (ب) خالق کی فرمانبرداری کرنا
(ج) اپنے اخلاق کو بہتر بنانا (د) بغیر کسی لالچ کے مخلوق کے کام آنا

:11 تقویٰ کا مرکز ہے:
(ا) دماغ (ب) دل (ج) زبان (د) آنکھ

:12 راہ ہدایت پانے کی بنیادی شرط ہے:
(ا) مال (ب) علم (ج) تقویٰ (د) قوت

:13 تقویٰ ایک کیفیت کا نام ہے:
(ا) دماغ کی (ب) علم (ج) زبان کی (د) دل کی

:14 بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والے وہی ہیں جو تم میں سے زیادہ:
(ا) صحت مند ہوں (ب) متقی ہوں (ج) صاحب دولت ہوں (د) صاحب علم ہوں

:15 اللہ تعالیٰ دوست ہے:
(ا) علماء کا (ب) فقہا کا (ج) متقین کا (د) مفتیان کا

:16 اے ایمان والو: تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں غافل نہ کردے:
(ا) تعلیم سے (ب) دولت سے (ج) تجارت سے (د) اللہ کے ذکر سے

:17 اس کی گزراوقات تنگ ہوگی اور قیامت کے دن ہم اسے اندھی حالت میں لائیں گے جس نے:
(ا) برادری سے منہ موڑا (ب) دولت سے منہ موڑا (ج) میرے ذکر سے منہ موڑا (د) گھربار سے منہ موڑا

:18 خبردار! دل اطمینان پاتے ہیں:
(ا) مال وزر کے ذکر سے (ب) اللہ کے ذکر سے (ج) اولاد کے ذکر سے (د) محبوب کے ذکر سے

:19 شکر کا متضاد ہے:
(ا) ذکر (ب) ظلم (ج) کفر (د) عدل

:20 شکر ایمان کا حصہ ہے:
(ا) کل (ب) نصف (ج) تیسرا (د) چوتھا

:21 نصرت الٰہی کا ذریعہ ہے:
(ا) جبر (ب) صبر (ج) نظر (د) خبر

:22 صبر معاشرے کو دیتا ہے:
(ا) انتشار (ب) خلفشار (ج) امن (د) بے چینی

:23 بڑا پہلوان وہ ہے:
(ا) جو دوسروں کو ہرادے (ب) جو بچوں پر رعب ڈالے
(ج) جو غصے پر قابو پائے (د) جو جنگ میں بہت بہادر ہو

:24 صفت الٰہی ہے:
(ا) نماز پڑھنا (ب) عفو ودرگزر کرنا (ج) تبلیغ دین کرنا (د) زکوٰۃ ادا کرنا

:25 کائنات کے حسن کا انحصار ہے:

www.downloadclassnotes.com

(ا) افراط وتفریط پر (ب) مساوات پر (ج) درگزر پر (د) عدل پر

:26 دوسروں کو ان کے حق سے زیادہ دینا:
(ا) احسان ہے (ب) نیکی ہے (ج) تقویٰ ہے (د) عدل ہے

:27 قوم کا سردار قوم کا ہوتا ہے:
(ا) حکمران (ب) خادم (ج) بادشاہ (د) مالک

:28 احسان کی وجہ سے دشمن:
(ا) نرم پڑ جاتے ہیں (ب) دوست بن جاتے ہیں (ج) شدید ہو جاتے ہیں (د) دشمنی پر قائم رہتے ہیں

:29 اسلام کی اشاعت میں اہم کردار ہے:
(ا) عفوودرگزر کا (ب) جہاد کا (ج) فتوحات کا (د) قوت کا

:30 دلوں کی صفائی کرنے والی چیز ہے:
(ا) نفلی عبادات (ب) خدمت خلق (ج) مسلسل روزے (د) ذکر الٰہی

جوابات:

:1	ج	:2	ا	:3	ج	:4	ا	:5	ا
:6	ا	:7	ب	:8	ج	:9	ج	:10	د
:11	ب	:12	ج	:13	د	:14	ب	:15	ج
:16	د	:17	ج	:18	ب	:19	ج	:20	ب
:21	ب	:22	ج	:23	ج	:24	ب	:25	د
:26	الف	:27	ب	:28	ب	:29	ج	:30	د

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

:1 تقویٰ کا اصطلاحی مفہوم واضح کیجئے:
:O اللہ سے ڈرتے ہوئے اُس کے احکام ماننا، جن امور سے اُس نے منع کیا ہے اُن سے رُکنا اور جن امور کا اُس نے حکم دیا ہے اُنہیں بجالانا تقویٰ ہے۔

:2 ذکر سے متعلق قرآن حکیم کی ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ لکھیئے:
:O یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًاۙ
ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کو یاد کرو کثرت سے۔

:3 شکر کے متعلق ایک حدیث نبویؐ ذکر کیجئے:
:O ''جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا' وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا۔''

:4 اسوۂ رسول ﷺ سے صبر کی ایک مثال ذکر کیجئے:
:O حضور اکرم ﷺ کی نبوت کے بعد کی پوری زندگی اور خصوصاً مکی زندگی کے تیرہ سال صبر کی نہایت اعلیٰ مثال ہیں۔ مکہ والوں نے حضور اکرم ﷺ کو طرح طرح سے اذیتیں اور تکلیفیں دیں، لیکن حضور اکرم ﷺ نے سب کچھ نہایت صبر و تحمل سے برداشت کیا۔

:5 کوئی ایسا موقع ذکر کیجئے کہ جہاں عفوودرگزر سے کام لینے کی بجائے مناسب سزا دینا اور بدلہ لینا زیادہ بہتر ہو:
:O اگر عفوودرگزر سے کام لینے میں اندیشہ ہو کہ ظالم کا حوصلہ مزید بڑھے گا اور وہ مزید فساد اور خرابی کا باعث بنے گا' تو عفو کی بجائے مناسب

سزا دینا اور بدلہ لینا ہی بہتر ہوتا ہے۔

6: انفرادی عدل اور اجتماعی عدل سے کیا مراد ہے؟

O: انفرادی عدل سے مراد خود اپنی ذات کے ساتھ عدل کرنا ہے اور اجتماعی عدل سے مراد افراد معاشرہ سے عدل کرنا ہے۔

7: عدل اور احسان کا فرق واضح کیجئے:

O: عدل سے مراد کسی کو اُس کے حق کے مطابق دینا ہے جبکہ احسان اِس سے کچھ آگے بڑھ کر ہے، احسان سے مراد کسی کو اپنے پاس سے اُس کے حق سے زائد دینا یا حق نہ ہونے کے باوجود دینا ہے۔

8: انسانی زندگی پر خدمتِ خلق کے کوئی سے دو اثرات لکھیے:

O: i: خدمتِ خلق کی وجہ سے آپس کی اخوت و محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

ii: خدمتِ خلق سے معاشرتی روابط میں ترقی پیدا ہوتی ہے اور دشمنیوں کا خاتمہ ہو کر معاشرتی امن قائم ہوتا ہے۔

9: خدمتِ خلق سے مراد مخلوق کے کام آنا ہے۔ بتلائیے کہ مخلوق سے کیا صرف انسان مراد ہیں؟

O: مخلوق کا لفظ نہایت وسیع معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اللہ کی پیدا کی ہوئی ہر چیز خواہ وہ انسان ہو یا انسان کے علاوہ ہو، جاندار ہو یا بے جان ہو، سب مخلوق ہے اور خدمتِ خلق میں انسانوں کے کام آنے کے علاوہ ہر مخلوق کی اصلاح و بہتری کے لئے کام کرنا شامل ہے۔

10: عدل، احسان اور ایثار میں سے کس کا درجہ سب سے زیادہ ہے؟

O: عدل، احسان اور ایثار میں سے ایثار کا درجہ سب سے زیادہ ہے۔

11: تقویٰ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: تقویٰ کے لغوی معنی ہیں۔ پرہیز کرنا، بچنا، ڈرنا، خوف کھانا، بچاؤ کرنا، محفوظ کرنا، اجتناب کرنا، حفاظت کرنا وغیرہ۔

12: علما نے تقویٰ کے کتنے درجے بیان کئے ہیں؟

O: علما نے تقویٰ کے تین درجے بیان کئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(i) ادنیٰ درجہ (ii) اوسط درجہ (iii) اعلیٰ درجہ

13: تقویٰ کا اعلیٰ درجہ کیا ہے؟

O: تقویٰ کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ انسان ہر قسم کے صغیرہ وکبیرہ گناہوں سے مکمل اجتناب کرے۔ تقویٰ کا یہ اعلیٰ ترین درجہ بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔

14: تقویٰ کا ادنیٰ درجہ بیان کریں۔

O: تقویٰ کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ انسان اس حد تک گناہوں سے بچ جائے اور اعمال صالح کرلے کہ یہ اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بن سکے۔

15: رہبانیت اور تقویٰ میں کیا فرق ہے؟

O: رہبانیت اور تقویٰ میں فرق یہ ہے کہ رہبانیت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ بالکل ترک دنیا کو اختیار کرلیا جائے جبکہ تقویٰ ترک دنیا نہیں بلکہ صرف ترک رذائل کا تقاضا کرتا ہے۔

16: تقویٰ میں افراط و تفریط سے کیا مراد ہے؟

O: تقویٰ کے معاملہ میں افراط و تفریط دونوں خطرناک ہیں۔ تقویٰ میں اس حد تک بڑھ جانا بھی غلط ہے کہ رہبانیت کی طرف لے جائے اور اس حد تک نرمی بھی درست نہیں کہ مشکوک اور مشتبہ اشیا کا بھی بلا دریغ استعمال کرنا شروع کر دیا جائے۔

17: تقویٰ کی اہمیت کے حوالے سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ پیش کریں۔

O: (i) "اور اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ تم فلاح پا جاؤ"۔

(ii) "اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بے شک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے"۔

18: تقویٰ کا اوسط درجہ کیا ہے۔

O: تقویٰ کا اوسط یا درمیانہ درجہ یہ ہے کہ انسان کبیرہ گناہوں سے تو بہر حال اجتناب کرے اور صغیرہ گناہوں میں بھی سرکشی نہ اختیار کرے یعنی ان پر اصرار نہ کرے۔

19: تقویٰ کے بارے میں دو احادیث کا ترجمہ تحریر کریں۔

O: (i) "تو کسی سرخ یا سیاہ سے اچھا نہیں مگر یہ کہ تو تقویٰ میں اس سے بڑھ جائے"۔
(ii) "نفلی عبادت کو پرہیزگاری کے برابر نہیں ٹھہرایا جاسکتا"۔

20: سید اسعد گیلانی نے حضورﷺ کے تقویٰ کے بارے میں کیا تحریر فرمایا ہے بیان کریں۔

O: "جوانی کا دور انسان کے لیے بڑا رنگین دور ہوتا ہے۔ عمر کے اس حصے میں ہر شے حسین و دلفریب دکھائی دیتی ہے۔ جوانی کو دیوانی تو کہا جاتا ہے لیکن آپﷺ کو قدرت نے ایسی صالح اور سعید فطرت سے نوازا تھا کہ جذبات کا بے قابو ہونا تو درکنار کبھی خیال کا دامن بھی آلودگیوں سے نہ چھوا تھا"۔

21: ذکر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: ذکر کے لغوی معنی ہیں یاد کرنا، یاد رکھنا، قول، بیان وغیرہ۔

22: ذکر کا اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟

O: اصطلاح شریعت میں ذکر اللہ کی یاد کو کہا جاتا ہے۔ ضروری نہیں کہ یہ یاد زبان کے ساتھ کچھ مخصوص الفاظ ادا کر کے ہی ہو بلکہ اللہ کی طرف لو لگانا، اللہ کی عبادت میں مشغول ہونا، اللہ کے احکام پر عمل پیرا ہونا وغیرہ سب ذکر کے ذیل میں آ جاتا ہے۔

23: ذکر کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام تحریر کریں۔

O: ذکر کی درج ذیل تین اقسام ہیں:
(i) ذکر قلبی (ii) ذکر لسانی (iii) ذکر عملی

24: ذکر کی اہمیت کے حوالے سے دو احادیث کا ترجمہ تحریر کریں۔

O: (i) جو اللہ کو یاد کرتا ہے اور جو نہیں کرتا، ان کی مثال زندہ اور مردہ کی ہے۔
(ii) جب کوئی جماعت اللہ کا ذکر کرتی ہے تو فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور ان پر رحمت چھا جاتی ہے اور ان پر تسکین نازل کی جاتی ہے اور اللہ بھی ان کا فرشتوں کی مجلس میں ذکر کرتے ہیں۔

25: شکر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: شکر کے لغوی معنی احسان ماننا، احسان کا صلہ دینا، قدر جاننا، جانور کا تھوڑا چارہ کھانے کے باوجود موٹا تازہ ہونا اور زیادہ دودھ دینا وغیرہ ہے۔

26: شکر کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔

O: اصطلاح شریعت میں کسی کے احسان کا اچھا بدلہ دینا شکر کہلاتا ہے۔

27: حضورﷺ نے بندوں کا شکر ادا کرنے کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

O: حضورﷺ نے فرمایا: "جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا، وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا"۔

28: صبر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: صبر کے لغوی معنی ہیں: بہادری، تکلیف کو خاموشی سے برداشت کرنا، روکنا، کسی بات پر قائم رہنا، جرأت و شجاعت، مصیبت میں بے قراری کا اظہار نہ کرنا، باندھ دینا، قید کرنا، جانور کو بغیر چارے کے رکھنا وغیرہ۔

29: صبر کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔

O: اصطلاح شریعت میں صبر سے مراد یہ ہے کہ بندہ ہر قسم کے حالات کا خاموشی و جوانمردی کے ساتھ مقابلہ کرے اور مصائب و آلام کو جرأت و بہادری کے ساتھ برداشت کرے۔ مشکلات میں واویلا نہ شروع کر دے اور مشکل حالات میں اپنے نفس پر کنٹرول رکھے۔

30: عفو کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: عفو کے لغوی معنی ہیں: معاف کرنا، سزا نہ دینا، رکنا، ساقط کرنا، مٹنا، ڈھانپنا، مٹانا، بدلہ نہ لینا وغیرہ۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 4:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: عائلی زندگی سے مراد ہے:
(ا) معاشرتی زندگی (ب) عالمی زندگی (ج) خاندانی زندگی (د) قانونی زندگی

2: معاشرے کی پہلی اکائی کسے کہا جا سکتا ہے؟
(ا) فرد کو (ب) گھر و خاندان کو (ج) محلے کو (د) شہر کو

3: پہلا معاشرتی ادارہ کسے قرار دیا جاتا ہے؟
(ا) فرد کو (ب) گھر و خاندان کو (ج) محلے کو (د) شہر کو

4: ایک نئے خاندان کی ابتداء کن سے ہوتی ہے؟
(ا) زوجین سے (ب) والدین سے (ج) اولاد سے (د) رشتہ داروں سے

5: عائلی زندگی گزارنا کس قسم کا تقاضا ہے؟
(ا) عقلی (ب) بشری یا فطری (ج) مذہبی
(د) مذکورہ بالا تینوں قسم کا تقاضا ہے

6: ارشادِ نبویؐ ہے: ''..................میری سنت ہے، پس جس نے میری سنت سے منہ موڑا، وہ مجھ سے نہیں ہے۔''
(ا) مجرد رہنا (ب) رہبانیت (ج) معاشرت (د) نکاح

7: حضور اکرم ﷺ نے نکاح کے لئے کیسی عورت کو پسند کرنے کی ترغیب فرمائی ہے؟
(ا) مالدار عورت کو (ب) حسب نسب والی عورت کو
(ج) حسین عورت کو (د) دیندار عورت کو

8: وہ کون سے صحابیؓ تھے کہ جنہوں نے مجرد رہنے اور کبھی نکاح نہ کرنے کا ارادہ کیا تھا اور حضور اکرم ﷺ نے انہیں اس سے منع فرمایا تھا؟
(ا) حضرت علی المرتضیٰؓ (ب) حضرت عبداللہ بن عمروؓ
(ج) حضرت عثمان بن مظعونؓ (د) حضرت عثمان بن عفانؓ

9: زوجین سے کیا مراد ہے؟
(ا) میاں بیوی (ب) خاندان (ج) والدین (د) اولاد

10: قرآن حکیم میں عورتوں کو مردوں کے لئے لباس کہا گیا ہے، اس کے ساتھ ہی مردوں کو عورتوں کے لئے کیا کہا گیا ہے؟
(ا) ذمہ داران (ب) خاوند
(ج) آقا (د) مردوں کو بھی لباس ہی کہا گیا ہے

11: عائلہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(ا) اردو (ب) انگریزی (ج) سنسکرت (د) عربی

12: آنحضور ﷺ نے فرمایا: نکاح:
(ا) فرض ہے (ب) واجب ہے (ج) میری سنت ہے (د) نفل ہے

13: عورت کو بلند مقام عطا کیا:
(ا) یہودیت نے (ب) اسلام نے (ج) عیسائیت نے (د) ہندومت نے

14: حضورﷺ نے کس کی خدمت کو جہاد سے افضل قرار دیا:
(ا) پڑوسیوں (ب) رشتہ داروں (ج) ماں (د) بیوی

15: حقوق کی اقسام ہیں:
(ا) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

16: حقوق کی پہلی قسم ہے:
(ا) حقوق اللہ (ب) حقوق زوجین (ج) حقوق والدین (د) حقوق العباد

17: مہر کی ادائیگی ہے:
(ا) سنت (ب) فرض (ج) نفل (د) واجب

18: عورت کے حق علیحدگی کو کہتے ہیں:
(ا) طلاق (ب) ایلا (ج) خلع (د) علیحدگی

19: مائیں اپنے بچوں کو دودھ پلائیں:
(ا) ایک سال (ب) ڈیڑھ سال (ج) دو سال (د) اڑھائی سال

20: رہبانیت کا رجحان پایا جاتا ہے:
(ا) عیسائیت میں (ب) یہودیت میں (ج) مجوسیت میں (د) اسلام میں

21: نفقہ اس رقم کو کہتے ہیں:
(ا) جو نکاح کے بعد لڑکی کو ادا کی جائے (ب) جو نکاح سے پہلے لڑکی کو ادا کی جائے
(ج) روزمرہ کے اخراجات جو بیوی کو دیئے جائیں (د) ہنی مون پر جو خرچہ آئے

22: مرد پر نفقہ ادا کرنا:
(ا) سنت ہے (ب) فرض ہے (ج) نفل ہے (د) واجب ہے

23: قرآن میں بیوی کی صفت بیان کی ہے کہ وہ:
(ا) خوبصورت ہو (ب) متقی اور عفت مآب ہو (ج) دولت مند ہو (د) پڑھی لکھی ہو

24: عیال کا لفظ استعمال ہوتا ہے:
(ا) پورے کنبے کے لیے (ب) صرف بیوی کے لیے
(ج) صرف بچوں کے لیے (د) صرف والدین کے لیے

25: بچے کی اولین درس گاہ ہے:
(ا) مدرسہ (ب) مسجد (ج) کوچہ و بازار (د) گھر

26: آنحضورﷺ نے فرمایا: پس اُف بھی نہ کہو:
(ا) اولاد کو (ب) بیوی کو (ج) والدین کو (د) دوستوں کو

27: حدیث نبوی ہے کہ والدین پر لعنت کرنے والا ملعون ہے:
(ا) رشتہ داروں کے ہاں (ب) اللہ کے ہاں (ج) محلہ داروں کے ہاں (د) نمازیوں کے ہاں

28: جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور اپنی بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے آپ کو روکے رکھیں:
(ا) دو ماہ دس دن (ب) تین ماہ دس دن (ج) چار ماہ دس دن (د) پانچ ماہ دس دن

29: اگر دو مسلمان آپس میں لڑ پڑیں تو باقی لوگ کیا کریں؟
(ا) صلح کرا دیں (ب) پولیس کو اطلاع کریں

(ج) خاموشی اختیار کریں (د) مظلوم کی حمایت کا اعلان کریں

30: وراثت میں اولاد کا حق کس تناسب سے ہے؟
(ا) لڑکی کو ایک اور لڑکے کو آدھا (ب) لڑکے کو ایک اور لڑکی کو آدھا
(ج) لڑکی اور لڑکے کو چوتھا چوتھا (د) برابر

جوابات:

:1	ج	:2	ا	:3	ب	:4	ا	:5	د
:6	د	:7	د	:8	ج	:9	ا	:10	د
:11	د	:12	ج	:13	ب	:14	ج	:15	ب
:16	الف	:17	ب	:18	ج	:19	ج	:20	الف
:21	ج	:22	ب	:23	ب	:24	الف	:25	د
:26	ج	:27	ب	:28	ج	:29	الف	:30	ب

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟
O: عائلی زندگی سے خاندانی زندگی مراد ہے۔
2: عائلی زندگی سے متعلق ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ تحریر کیجئے:
O: وَ اَنۡکِحُوا الۡاَیَامٰی مِنۡکُمۡ.
ترجمہ: اور تم میں سے جو مجرد ہوں اُن کے نکاح کر دو۔
3: نکاح کی اہمیت سے متعلق ایک حدیث نبویؐ لکھیئے:
O: "نکاح میری سنت ہے، پس جس نے میری سنت سے منہ موڑا وہ مجھ سے نہیں ہے۔"
4: والدین کے کوئی سے دو حقوق ذکر کیجئے:
O: i: والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا چاہیئے۔ ii: والدین کی اطاعت کرنی چاہیئے۔
5: اولاد کے کوئی سے دو حقوق لکھیئے:
O: i: اولاد کی اچھی تعلیم و تربیت کرنی چاہیئے۔ ii: اولاد سے شفقت و محبت کا برتاؤ کرنا چاہیئے۔
6: خاوند کے کوئی سے دو حقوق لکھیئے:
O: i: خاوند کی اطاعت و خدمت کرنی چاہیئے۔ ii: خاوند کے آرام و سکون کا خیال رکھنا چاہیئے۔
7: بیوی کے کوئی سے دو حقوق لکھیئے:
O: i: بیوی سے پیار و محبت سے پیش آنا چاہیئے۔ ii: بیوی کے لئے نان و نفقہ اور رہائش وغیرہ کا انتظام کرنا چاہیئے۔
8: حقوقِ والدین سے متعلق ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ لکھیئے:
O: وَوَصَّیۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَیۡهِ حُسۡنًا ط
ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی سے رہنے کی تاکید کی ہے۔
9: حقوقِ اولاد سے متعلق ایک حدیث نبویؐ ذکر کیجئے:
O: "اپنی اولاد کا خیال رکھو اور انہیں اچھی تہذیب کی تعلیم دو۔"

10: حقوقِ زوجین سے متعلق ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ لکھیں:

O: هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط

ترجمہ: وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو۔

11: عائلی زندگی کا مفہوم بیان کریں۔

O: عائلی زندگی سے مراد خاندانی زندگی ہے۔ فرد کے بعد خاندان معاشرے کی ایک بنیادی اکائی ہے۔ جس کی ابتداء دو افراد مرد اور عورت سے ہوتی ہے اور اسے معاشرے کا سب سے چھوٹا یا سب سے پہلا ادارہ کہا جا سکتا ہے۔

12: ایک خاندان یا عائلی زندگی کا کتنے قسم کے امور تقاضا کرتے ہیں؟

O: ایک خاندان یا عائلی زندگی کا درج ذیل تین قسم کے امور تقاضا کرتے ہیں۔

(i) عملی تقاضا (ii) بشری یا فطری تقاضا (iii) مذہبی تقاضا

13: کوئی دو احادیث لکھ کر عائلی زندگی کی اہمیت واضح کریں۔

O: (i) ''نکاح میری سنت ہے اور جس نے میری سنت سے منہ موڑا وہ مجھ سے نہیں ہے''۔

(ii) جو آدمی نکاح کی قدرت رکھتا ہو پھر بھی نکاح نہ کرے اس سے میرا کوئی واسطہ نہیں۔

14: بقائے نسل کے لیے عائلی زندگی کی اہمیت واضح کریں۔

O: اگر عائلی اور خاندانی زندگی کا نظام موجود نہ ہو تو ایک نسل کے ختم ہو جانے کے بعد دوسری نسل نہیں آئے گی۔ اس لیے بقائے نسل کے لیے عائلی زندگی نہایت اہم ہے۔

15: حفاظت دین کے لیے عائلی زندگی کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا فرمایا۔

O: حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ''جب کوئی مسلمان نکاح کرتا ہے تو شیطان چیخ اٹھتا ہے اور کہتا ہے کہ اس کا برا ہو اس نے مجھ سے دو تہائی دین چھین لیا''۔

16: والدین سے حسن سلوک کے حوالے سے قرآن مجید کیا ارشاد فرماتا ہے؟

O: قرآن مجید میں ارشاد ہے:

''اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی سے رہنے کی تاکید کی ہے''۔

17: قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں والدین سے کیا مالی معاونت کرنی چاہئے۔

O: قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

''(اے نبی ﷺ!) کہہ دیجئے کہ تم جو مال خرچ کرو تو والدین کے لیے کرو''۔

18: قرآن مجید کی روشنی میں والدین کے لیے اولاد کو کیا دعا کرنی چاہئے۔

O: قرآن مجید کی روشنی میں والدین کے لیے اولاد کو درج ذیل دعا کرنی چاہئے:

''اے میرے رب! مجھے بھی بخش دے اور میرے والدین کو بھی''۔

19: عقیقہ کے بارے میں حضور ﷺ کا ارشاد تحریر کریں۔

O: حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ:

''ولادت کے بعد بچے کا عقیقہ ہونا چاہیے پس تم اس کی طرف سے جانور کا خون بہاؤ اور اس سے پلیدی کو دور کرو''۔

20: اولاد کی تعلیم کے لیے حضور ﷺ کا فرمان تحریر کریں۔

O: حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ:

''اپنی اولاد کا خیال رکھو اور انہیں اچھی تہذیب کی تعلیم دو''۔

21: بیٹی اور بیٹے کے ساتھ سلوک کے بارے میں کوئی حدیث لکھیں۔

O: حضورﷺ نے ارشاد فرمایا:
''جس شخص کے ہاں بیٹی پیدا ہو وہ اسے زندہ درگور نہ کرے اور اسے ذلیل نہ کرے اور اس پر اپنے بیٹے کو ترجیح نہ دے۔ اللہ اس شخص کو جنت میں داخل کرے گا''۔

22: میاں بیوی کے رازوں کے بارے میں اسلامی تعلیمات پیش کریں۔

O: قرآن حکیم نے مرد عورت کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے کہ جس طرح لباس جسم ڈھانپتا ہے۔ اسی طرح یہ بھی ایک دوسرے کے رازوں کو پردے میں رکھتے ہیں۔

23: حفاظت عصمت کے حوالے سے قرآنی تعلیمات بیان کریں۔

O: ''پس نیک عورتیں اطاعت شعار ہوتی ہیں پیٹھ پیچھے اللہ کی حفاظت میں (ان کے حقوق کی) حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں۔ (القرآن)

24: خاوند کی تعظیم کے بارے میں حضورﷺ کا فرمان کیا ہے؟

O: حضورﷺ کا فرمان ہے:
''اگر خدا کے سوا کسی اور کو سجدہ جائزہ ہوتا تو میں بیویوں کو حکم دیتا کہ وہ (تعظیم کے لیے) خاوند کو سجدہ کریں''۔

25: خاوند کے اقارب سے بیوی کا کیسا سلوک ہونا چاہیے۔

O: خاوند کے ساتھ محبت کا تقاضا ہے کہ اس کے عزیز و اقارب اور ملنے جلنے والوں سے بھی بہتر تعلقات رکھے جائیں۔ خاوند سے ملنے کے لیے آنے والے مہمانوں کی مناسب انداز میں مہمان نوازی کی جائے۔

26: عدت کے بارے میں قرآن مجید کی کیا ہدایات ہیں؟

O: قرآن مجید میں ارشاد ہے:
''اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور اپنی بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے آپ کو چار ماہ دس دن تک روکے رکھیں''۔

27: بیوی کے نان نفقہ کے بارے میں حضورﷺ کا فرمان بیان کریں۔

O: حضورﷺ کا فرمان ہے:
''جو خود کھائے اسے کھلائے' جیسا خود پہنے ویسا اسے پہنائے' نہ اس کے منہ پر تھپڑ مارے نہ اسے برا بھلا کہے''۔

28: بیوی کو مار پیٹ سے اسلام نے کس قدر منع فرمایا ہے۔

O: اگر بیوی کی نافرمانی اور سخت غلطی پر اسے سمجھانے اور سبق سکھانے کی غرض سے معمولی سرزنش اور مار کی خاوند کو اجازت دی گئی ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ خوب درگت بنائی جائے بلکہ سخت مار پیٹ سے منع فرمایا گیا ہے۔

29: بیوی کے اقارب سے خاوند کا کیسا سلوک ہونا چاہیے؟

O: بیوی کے رشتہ داروں اور عزیز و اقارب سے بھی خاوند کو اچھا رویہ رکھنا چاہیے اور ان سے خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ اگر ان میں سے کوئی ملنے آئے تو اس کی عزت و توقیر کرنی چاہیے۔

30: والدین کے احترام میں قرآنی آیت تحریر کریں۔

O: ترجمہ: ''پس ان کو اف بھی نہ کہو اور نہ ان کو جھڑک دو ان سے ادب کی بات کہو''۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 5:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: علم کا لغوی معنی ہے:
(ا) کتابیں پڑھنا (ب) سکول جانا (ج) تدریس کرنا، پڑھانا (د) جاننا، پہچاننا، سیکھنا

2: قرآن حکیم کی سب سے پہلی وحی کس چیز سے متعلق تھی؟

(ا) توحید سے (ب) نماز سے (ج) علم سے (د) رزق سے

3: قرآن حکیم کا سب سے پہلے نازل ہونے والا لفظ کیا تھا؟

(ا) بِسْمِ اللّٰهِ (ب) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (ج) قَرَاً (د) اِقْرَأْ

4: قرآن حکیم کی ابتدائی وحی کس سورۃ کی ابتدائی پانچ آیات پر مشتمل تھی؟

(ا) سورۃ الفاتحہ (ب) سورۃ العلق (ج) سورۃ البقرہ (د) سورۃ القدر

5: مکتب سے کیا مراد ہے؟

(ا) تعلیم و تعلم کی درسگاہ (ب) کتابت کرنے کی جگہ (ج) کاتبوں کے بیٹھنے کی جگہ (د) کتابیں رکھنے کی ریک

6: تم میں سے بہترین وہ ہے کہ جو..................سیکھے اور سکھائے:

(ا) علم (ب) قرآن (ج) حدیث (د) ہنر

7: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: "علم حاصل کرنا ہر..................پر فرض ہے۔"

(ا) مسلمان (ب) انسان (ج) مرد (د) عورت

8: مسجد سے کیا مراد ہے؟

(ا) خانہ کعبہ (ب) مسجد نبوی

(ج) سجدہ کے اعضاء (د) جہاں بندہ بارگاہِ الٰہی میں سربسجود ہو جائے

9: مسجد کی جیم پر:

(ا) زبر پڑھی جائے گی (ب) زیر پڑھی جائے گی

(ج) پیش پڑھی جائے گی (د) زبر و زیر دونوں درست ہیں

10: روئے زمین پر اللہ کا سب سے پہلا گھر کون سا تعمیر کیا گیا؟

(ا) بیت اللہ (ب) بیت معمور (ج) بیت المقدس (د) بیت الشعر

11: حضرت آدمؑ کو فرشتوں پر فضیلت حاصل تھی:

(ا) دولت کی بنا پر (ب) علم کی بنا پر (ج) طاقت کی بنا پر (د) عبادت کی بنا پر

12: کون سے نبی "رب زدنی علما" کی دعا کرتے تھے؟

(ا) حضرت داؤدؑ (ب) حضرت اسماعیلؑ (ج) حضرت محمد ﷺ (د) حضرت ایوبؑ

13: مکتب کے لفظی معانی ہیں:

(ا) کھیلنے کی جگہ (ب) عبادت کرنے کی جگہ (ج) خرید و فروخت کی جگہ (د) پڑھنے کی جگہ

14: ہر کسی کو مذہبی تعلیم حاصل کرنے کی اجازت نہیں:

(ا) یہودیت (ب) مجوسیت (ج) ہندومت (د) عیسائیت

15: مکہ مکرمہ میں حضور ﷺ کی قائم کردہ درس گاہ کا نام تھا:

(ا) مسجد قبا (ب) دارارقم (ج) صفہ (د) حضور ﷺ کا گھر

16: بے عمل عالم ایسے ہی ہے جیسے گدھے پر لدی ہوئی ہوں:

(ا) کتابیں (ب) لکڑیاں (ج) اجناس (د) سبزیاں

17: مدینہ منورہ میں حضور ﷺ کی قائم کردہ درس گاہ کا نام تھا:

(ا) دارارقم (ب) کعبہ شریف (ج) صفہ (د) مسجد قبا

18: کس شخص پر رشک کرنا چاہیے؟

(ا) عالم (ب) عابد (ج) زاہد (د) مجاہد

19: ایک عابد پر فائق ہے:
(ا) مجاہد (ب) عالم (ج) زاہد (د) عابد

20: بچے کی پہلی درسگاہ اس کا:
(ا) معاشرہ ہے (ب) گھر ہے (ج) سکول ہے (د) کالج ہے

21: اسلام کی تبلیغ کا اہم ترین مرکز ہے:
(ا) مسجد (ب) خانقاہ (ج) گھر (د) مکتب

22: اللہ تعالیٰ نے علم سکھایا:
(ا) کتاب سے (ب) قلم سے (ج) وحی سے (د) زبانی

23: حدیث کی رو سے انبیاء کے وارث ہیں:
(ا) علمائے سیاسیات (ب) علمائے معاشیات (ج) علمائے دین (د) علمائے سائنس

24: اسلام کی رو سے حصول علم کا مقصد ہے:
(ا) دولت اکٹھی کرنا (ب) رضائے الٰہی (ج) حکمران بننا (د) جنت کا حصول

25: مسجد حرام کہاں واقع ہے:
(ا) مدینہ (ب) مکہ (ج) فلسطین (د) کوفہ

26: حدیث نبوی ہے: واپس لوٹنے تک اللہ کے راستے میں ہے وہ جو:
(ا) روزی کی طلب میں نکلا (ب) شہادت کی طلب میں نکلا
(ج) علم کی طلب میں نکلا (د) عبادت کی غرض سے نکلا

27: مسجدوں کو آباد کرنے والے:
(ا) دنیا والے ہیں (ب) علم والے ہیں (ج) اللہ والے ہیں (د) عمل والے ہیں

28: قوم کا معمار ہے:
(ا) ڈاکٹر (ب) استاد (ج) وزیر اعظم (د) انجینئر

29: آنحضور ﷺ نے فرمایا دنیا کی سب سے بہترین جگہ ہے:
(ا) مسجد (ب) عدالت (ج) گھر (د) مارکیٹ

30: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر ہے:
(ا) واجب (ب) فرض (ج) نفل (د) سنت

جوابات:

1:	د	2:	ج	3:	د	4:	ب	5:	ا
6:	ب	7:	ا	8:	د	9:	د	10:	ا
11:	ب	12:	ج	13:	د	14:	ج	15:	ب
16:	الف	17:	ج	18:	الف	19:	ب	20:	ب
21:	الف	22:	ب	23:	ج	24:	ب	25:	ب
26:	ج	27:	ج	28:	ب	29:	الف	30:	ب

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: علم واہلِ علم کی فضیلت سے متعلق ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ لکھیے:

O: قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ط

ترجمہ: آپ کہئے: کیا وہ کہ جو جانتے ہیں اور وہ کہ جو نہیں جانتے' برابر ہو سکتے ہیں۔

2: علم واہلِ علم کی فضیلت سے متعلق ایک حدیث نبویؐ ذکر کیجئے:

O: ''ایک عالم کی فضیلت ایک عابد پر ایسے ہے کہ جیسے میری فضیلت تم میں سے کسی ادنیٰ پر۔

3: علم و تعلیم کے کوئی سے دو فوائد و ثمرات ذکر کیجئے:

O: i: علم و تعلیم سے انسان کو خدا شناسی اور خود شناسی حاصل ہوتی ہے۔

ii: علم و تعلیم سے انسان کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔

4: حضور اکرم ﷺ کے مکی و مدنی ادوار میں کن دو مقامات کو صحابہ کرامؓ کے لئے مکتب کی سی حیثیت حاصل تھی؟

O: مکی دور میں حضرت ارقم بن ابوالارقمؓ کے گھر دارِارقم کو اور مدنی دور میں مسجد نبویؐ سے متصل چبوترے صفہ کو مکتب کی سی حیثیت حاصل تھی۔

5: مکتب کے کوئی سے فوائد یا مقاصد تحریر کیجئے:

O: i: مکتب سے ایک طالبعلم کی سیرت کی تعمیر ہوتی ہے۔

ii: مکتب سے ایک طالبعلم جدید و قدیم علوم حاصل کرتا ہے۔

6: مسجد کسے کہا جاتا ہے؟

O: مسجد اُس مقام کو کہتے ہیں کہ جہاں انسان اپنی بے بسی کے اظہار کے ساتھ ذاتِ باری تعالیٰ کے سامنے سربسجود ہو جاتا ہے۔

7: انسانی زندگی پر مسجد کے کوئی سے دو اثرات تحریر کیجئے:

O: i: مسجد انسان میں طہارت و پاکیزگی کی عادت پیدا کرتی ہے۔

ii: مسجد انسان کی عبادات میں باقاعدگی پیدا کر کے اُس کا رب سے تعلق جوڑتی ہے۔

8: تاریخ اسلام میں مسجد کو عبادت گاہ ہونے کے علاوہ جو مختلف حیثیتیں حاصل رہی ہیں اُن میں سے کوئی دو ذکر کیجئے:

O: i: مسجد کو مسلمانوں کے تعلیمی مرکز کی حیثیت حاصل رہی ہے اور تا حال حاصل ہے۔

ii: مسجد کو مسلمانوں کے سیاسی مرکز کی حیثیت بھی حاصل رہی ہے۔

9: مسجد کے کوئی سے دو آداب لکھیے:

O: i: مسجد میں پاکیزگی کی حالت میں داخل ہونا چاہیے۔

ii: مسجد میں شور و غل سے اجتناب کرنا چاہیے۔

10: مسجد میں داخل ہوتے وقت کون سا پاؤں پہلے اندر رکھنا چاہیے اور مسجد سے نکلتے وقت کون سا پاؤں پہلے باہر رکھنا چاہیے؟

O: مسجد میں داخل ہوتے وقت دائیاں پاؤں پہلے اندر رکھنا چاہیے اور مسجد سے نکلتے وقت بائیاں پاؤں پہلے باہر رکھنا چاہیے۔

11: تعلیم کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: تعلیم کا مادہ بھی ''ع۔ل۔م'' ہی ہے۔ یہ باب تفصیل۔سے مصدر ہے۔ تعلیم کا مطلب ہے کسی کو کچھ سکھانا اور سمجھانا۔

12: تعلیم کے اصطلاحی معنی و مفہوم بیان کریں۔

O: اصطلاح میں علم سے مراد کسی بھی چیز کو سمجھنا اور حقیقت کی کھوج لگانا ہے۔

13: کیا علمی کام کرنا صدقہ جاریہ ہے؟

O: علم صرف آدمی کی زندگی ہی میں اس کے لیے نفع بخش نہیں ہوتا بلکہ انسان کسی بھی قسم کا علمی کام کرے تو یہ اس کے لیے صدقہ جاریہ ہوگا

کیونکہ جب تک لوگ اس کے علمی کام سے ہدایت اور فائدہ حاصل کرتے رہیں گے تب تک اس آدمی کو علمی کام کا اجر ملتا رہے گا۔

:14 کیا تسخیر کائنات کے لیے علم ضروری ہے؟

:O علم ہی کے ذریعے انسان کائنات کی ہر چیز کو اپنے فائدے میں لانے کے قابل ہوتا ہے۔ انسان نے جو بڑی بڑی ایجادات کی ہیں وہ سب علم ہی کے ذریعے کی ہیں۔

:15 حصول معاش کے لیے علم کی افادیت پر روشنی ڈالیں۔

:O حصول معاش کے لیے بھی علم کا ہونا ضروری ہے۔ علم وہی نہیں ہوتا جو کتابوں سے حاصل کیا جائے بلکہ کسی بھی چیز کی سمجھ ہونا علم ہے۔ ایک مزدور اگر اینٹیں اٹھانے اور سیمنٹ گھولنے وغیرہ کی سمجھ رکھتا ہے تو یہ بھی اس کا علم ہے یہ حقیقت ہے کہ حصول معاش کے کسی بھی کام کو اپنانے کے لیے اس کے متعلق علم ہونا ضروری ہے۔

:16 اشاعت وتبلیغ کے لیے علم کی ضرورت بیان کریں۔

:O اشاعت وتبلیغ کی بنیاد بھی علم پر ہی رکھی جاسکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جب تک بندے کو خود ہی علم نہ ہو تب تک وہ اشاعت وتبلیغ کیسے کر سکتا ہے۔

:17 کیا اسلامی نظام تعلیم صرف دنیاوی نفع دیتا ہے؟

:O اسلام چونکہ تعلیم میں مادی وروحانی ہر دو پہلوؤں کو مدنظر رکھتا ہے اس لیے اسلامی نظام تعلیم دنیا وآخرت دونوں میں نافع ہے۔

:18 اسلامی نظام تعلیم میں اخلاقیات کی اہمیت بیان کریں۔

:O اسلامی نظام تعلیم کی ایک بہت بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اسلامی نظام تعلیم نے ایک باقاعدہ نظام اخلاق متعارف کرایا ہے اور اسلام اچھے اخلاق کو نہ صرف یہ کہ اپنانے کی دعوت دیتا ہے بلکہ اچھے اخلاق سکھاتا بھی ہے۔

:19 تقویٰ اور پرہیزگاری میں علم کا کیا کردار ہے؟

:O اسلام ہمیں تقویٰ اور پرہیزگاری کا درس دیتا ہے اور اسلامی نظام تعلیم ہمیں سکھلاتا ہے کہ تقویٰ کیا ہے اور اسے کس طرح اپنایا جاسکتا ہے۔ اسی وجہ سے اسلامی نظام تعلیم میں ایک پاکیزگی دکھائی دیتی ہے۔

:20 علم برائے عمل ہوتا ہے مختصراً بیان کریں۔

:O اسلامی نظام تعلیم ہمیں صرف علم برائے علم ہی نہیں بتلاتا بلکہ علم پر عمل کی بھی دعوت دیتا ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ: ''علم بغیر عمل کے وبال ہے اور عمل بغیر علم کے گمراہی ہے''۔

:21 مکتب سے کیا مراد ہے؟

:O مکتب معاشرہ میں تعلیم وتعلم کی درسگاہ کو کہا جاتا ہے۔ عام مفہوم کے مطابق سکولز' کالجز' یونیورسٹیز اور مدارس عربیہ وغیرہ اس کے ذیل میں آتے ہیں۔

:22 بچے کا سب سے پہلا مکتب کون سا ہوتا ہے؟

:O بچے کے لیے ماں کی گود سب سے پہلا مکتب ہے۔ اس کا گھر اور خاندان بھی ایک مکتب ہے۔ معاشرے کے ایک فرد کے لیے پورا معاشرہ بھی ایک مکتب کی حیثیت رکھتا ہے۔

:23 کیا مکتب ایک خاص وضع قطع کا نام ہے؟

:O یہ ضروری نہیں کہ ایک مکتب کی ہیئت میں ایک چاردیواری اور کلاس رومز وغیرہ بھی شامل ہوں بلکہ جہاں بھی ایک استاد اور ایک شاگرد تعلیم وتعلم میں مشغول ہوں گے یہ ایک مکتب ہوگا۔ خواہ وہ ایک وسیع وعریض عمارت ہو اور خواہ صرف ایک درخت کی چھاؤں میں ٹاٹ کا بوریا ہی کیوں نہ ہو۔

:24 اسلام سے قبل یہود کے مکتب کے بارے میں بتائیں۔

:O اسلام سے قبل مدینہ کے یہود کے ہاں بھی ''بیت المدارس'' کے نام سے کچھ درسگاہیں موجود تھیں۔

:25 اسلام سے قبل عربوں کے مکتب پر روشنی ڈالیں۔

:O اسلام سے قبل تعلیم وتعلم اور مکتب کی حدود انتہائی محدود تھیں۔ ''مذہبی تعلیم کا سرسری سا رواج تھا لیکن باقاعدہ درس وتدریس تقریباً نہ ہونے

www.downloadclassnotes.com

کے برابر تھی۔"

:26 معاشرے کے بگاڑ اور بناؤ میں استاد کا کیا کردار ہے بیان کریں۔

:O اگر استاد اپنے طلبہ کو خلوص دل سے اچھی تربیت دے گا تو اچھے طلبہ کی یہ کھیپ ایک خوبصورت معاشرہ تشکیل دے گی اور اگر استاد اپنے طلبہ کی تربیت میں کوتاہی کرے گا تو برے طلبہ پیدا ہوں گے کہ جو معاشرتی بگاڑ کا باعث بنیں گے۔ معلوم ہوا کے معاشرے کی خوبصورتی اور بگاڑ میں استاد کا اہم کردار ہے۔

:27 استاد کی تعظیم و توقیر پر مختصراً بیان کریں۔

:O ایک استاد کا بنیادی حق ہے کہ اس کی توقیر و تعظیم کی جائے۔ استاد کا یہ حق صرف طلب ہی کے ذمہ نہیں ہے بلکہ معاشرہ کے ذمہ بھی ہے کہ معاشرہ میں استاد کو عزت و وقار دیا جائے۔

:28 دوران تعلیم استاد محترم کی شفقت کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

:O استاد کو اپنے شاگردوں کے ساتھ شفقت اور مہربانی کے ساتھ پیش آنا چاہیئے۔ استاد کا رعب ہونا اچھی بات ہے۔ لیکن اس قدر رعب بھی اچھا نہیں ہوتا کہ شاگرد صرف سہمے رہیں اور انہیں سبق میں کوئی الجھن بھی پیش آ رہی ہو تو بھی انہیں استاد سے سوال کرنے کی جرأت نہ ہو رہی ہو۔

:29 استاد کو طلبہ کی ذہنی استعداد کا خیال رکھنا کس قدر ضروری ہے؟

:O نفسیات کے ساتھ ساتھ اسے ان کی ذہنی استعداد کا بھی خیال رکھنا چاہیئے۔ بہت چھوٹی کلاسوں کو اگر مشکل لیکچر دینا شروع کر دیا جائے تو طلبہ کچھ نہ سمجھ سکیں گے۔

:30 تاریخ اسلام میں مسجد کی تعلیمی حیثیت کیا تھی؟

:O دور نبوی میں اور اس کے بعد بھی کئی صدیوں تک مساجد تعلیمی مراکز کے طور پر بھی استعمال ہوتی رہیں بلکہ آج بھی بہت سی مساجد میں تعلیم و تدریس کے حلقے قائم ہیں۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 6:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

:1 لفظ معاشرہ کا مادہ کیا ہے؟

(ا) "م۔ع۔ش" (ب) "م۔ش۔ر" (ج) "م۔ع۔ر" (د) "ع۔ش۔ر"

:2 صلہ رحمی سے کیا مراد ہے؟

(ا) رحم کرنا (ب) صلہ اور معاوضہ دینا

(ج) تعلقات جوڑنا (د) کسی پر صلے یا بدلے میں رحم کرنا

:3 جبریل نے کس کے متعلق حضور اکرم ﷺ کو اس قدر تاکید کی تھی کہ آپ نے یہ گمان کر لیا تھے کہ جبریل (بحکم الٰہی) اُسے وارث بھی بنا دیں گے؟

(ا) ہمسایہ کے (ب) اقارب کے

(ج) حضرت ابوبکر صدیقؓ کے (د) حضرت زید بن ثابتؓ کے

:4 کسی ریاست کا شہری ہونے سے کیا مراد ہے؟

(ا) کسی شہر کا رہنے والا (ب) اُس ریاست کے شہر کا رہنے والا

(ج) ریاست کا کوئی بھی فرد (د) شہریوں کی طرح رہنے والا

:5 اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) ذمی (ب) ناصبی (ج) جزیہ (د) خراج

:6 کسی ریاست کے چار عناصر ترکیبی کیا ہوں گے؟
(ا) آبادی، علاقہ، شوریٰ، ناظم (ب) آبادی، علاقہ، شوریٰ، اقتدار اعلیٰ
(ج) آبادی، علاقہ، حکومت، ناظم (د) آبادی، علاقہ، حکومت، اقتدار اعلیٰ

:7 ایک اسلامی ریاست میں اقتدار اعلیٰ کا اختیار کس کے پاس ہوتا ہے؟
(ا) صرف اللہ کے پاس (ب) خلیفۂ وقت کے پاس
(ج) مجلسِ شوریٰ کے پاس (د) ارکانِ حکومت کے پاس

:8 اسلامی ریاست کا دستور اصلی کون ہوگا؟
(ا) قرآن حکیم (ب) احادیث نبویہ
(ج) کتب فقہ (د) پارلیمنٹ کا طے کردہ دستور

:9 اسلامی ریاست میں خلیفہ سے کون مراد ہوتا ہے؟
(ا) ہر صاحب رائے (ب) تمام ارکانِ سلطنت
(ج) سربراہِ حکومت (د) سربراہ کی غیر موجودگی میں اُس کا نائب

:10 شوریٰ سے کیا مراد ہے؟
(ا) مشورہ (ب) مشورہ لینے والا فرد (ج) مشورہ دینے والا فرد (د) مجلسِ مشاورت

:11 امر بالمعروف کا مطلب ہے:
(ا) برائی سے منع کرنا (ب) تقویٰ اختیار کرنا (ج) نیکی کا حکم دینا (د) جہاد کرنا

:12 انسان فطرتاً:
(ا) سلیم الطبع ہے (ب) مدنی الطبع ہے (ج) حلیم الطبع ہے (د) نفیس الطبع ہے

:13 اسلامی معاشرہ کی امتیازی خصوصیت ہے:
(ا) توحید (ب) رسالت (ج) قیامت (د) ملائکہ

:14 معاشرہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(ا) فارسی (ب) مجوسی (ج) ہندی (د) عربی

:15 اسلامی ریاست کا بنیادی مقصد ہے:
(ا) امن وامان کا قیام (ب) بہتر معیشت (ج) دین اسلام پر عمل (د) معاشرتی اقدار کی ترویج

:16 عربی میں رشتہ دار کے لیے لفظ بولا جاتا ہے:
(ا) عزیز (ب) اقارب (ج) ولی (د) دوست

:17 معاشرہ کی بنیادی اکائی ہے:
(ا) برادری (ب) خاندان (ج) قوم (د) پارٹی

:18 اسلام ترک دنیا کی:
(ا) تعلیم دیتا ہے (ب) فضیلت بیان کرتا ہے (ج) مذمت کرتا ہے (د) اجازت دیتا ہے

:19 شفعہ کا حق ہے:
(ا) رشتہ دار کا (ب) ہمسائے کا (ج) والدین کا (د) اولاد کا

www.downloadclassnotes.com

20: اسلام ایک مکمل ضابطہ:
(ا) سیاست ہے (ب) معاشرت ہے (ج) حیات ہے (د) معیشت ہے

21: اقارب کے لغوی معنی ہیں:
(ا) ہمسایہ (ب) دوست (ج) ساتھی (د) رشتہ دار

22: ہمسایہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(ا) عربی (ب) اُردو (ج) فارسی (د) سنسکرت

23: ریاست کے عناصر ہوتے ہیں:
(ا) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

24: قطع رحمی کرنے والا:
(ا) دوزخی ہے (ب) خدا محبوب ہے (ج) اچھا انسان ہے (د) جنتی ہے

25: قطع رحمی کرنے والے کی سزا ہے:
(ا) بیماری (ب) غربت (ج) جنت سے محرومی (د) مایوسی

26: کس مفکر کا قول ہے کہ انسان مدنی الطبع ہے؟
(ا) کارل مارکس (ب) ہیگل (ج) روسو (د) سقراط

27: کثرت ازدواج کو اسلام نے محدود کر دیا:
(ا) تین تک (ب) چار تک (ج) پانچ تک (د) چھ تک

28: فرد اور معاشرہ باہم ہیں:
(ا) متضاد (ب) متصادم (ج) ہم خیال (د) لازم و ملزوم

29: بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہی ہے کہ جو تم میں سے زیادہ:
(ا) مجاہد ہے (ب) نمازی ہے (ج) پرہیزگار ہے (د) عابد ہے

30: اقتدار اعلیٰ کا حقیقی مالک ہے:
(ا) محمد ﷺ رسول اللہ (ب) اللہ تعالیٰ (ج) امیر (د) حاکم

جوابات:

ا	:5	ج	:4	ا	:3	ج	:2	د	:1
د	:10	ج	:9	ا	:8	ا	:7	د	:6
ج	:15	د	:14	الف	:13	ب	:12	ج	:11
ج	:20	ب	:19	ج	:18	ب	:17	ب	:16
ج	:25	الف	:24	ب	:23	ج	:22	د	:21
ب	:30	ج	:29	د	:28	ب	:27	ج	:26

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: اسلامی معاشرے کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجئے:

O: i: اسلامی معاشرہ اپنے افراد کو در در کا بھکاری بنانے کی بجائے ایک اللہ کا پجاری اور توحیدی بناتا ہے۔

www.downloadclassnotes.com

ii: اسلامی معاشرہ میں ہر فرد کے لئے مساوات ہوتی ہے۔

2: صلہ رحمی سے متعلق ایک حدیث نبویؐ ذکر کیجئے:

O: ''قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

3: رشتہ داروں کے کوئی سے دو حقوق لکھیے:

O: i: رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کے ساتھ رہنا چاہیے۔

ii: رشتہ داروں کی خوشی و غمی میں شرکت کرنی چاہیے اور انہیں بھی اپنی خوشیوں و غمیوں میں شریک کرنا چاہیے۔

4: ہمسایوں کے کوئی سے دو حقوق تحریر کیجئے:

O: i: ہمسایوں کو اشیائے ضرورت دینے سے انکار نہیں کرنا چاہیے۔

ii: ہمسایوں کو کسی بھی انداز میں اذیت و تکلیف نہیں پہنچانی چاہیے۔

5: اسلامی ریاست کے شہریوں کے کوئی سے دو حقوق بتلائیے:

O: i: اسلامی ریاست کے تمام شہریوں کو مذہبی آزادی حاصل ہے۔

ii: اسلامی ریاست کے تمام شہریوں کو حصولِ تعلیم و صحت کے مواقع میسر ہونے چاہئیں۔

6: اسلامی ریاست میں اقلیتوں (ذمیوں) کے کوئی سے دو حقوق لکھیے:

O: i: ذمیوں کو اپنے اپنے مذہب کے مطابق عبادات کا حق حاصل ہے۔

ii: ذمیوں کو ووٹ کے ذریعے اپنے نمائندوں کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔

7: اسلامی ریاست کے ایک اچھے شہری کے کوئی سے دو اوصاف بتلائیے:

O: i: اسلامی ریاست کے اچھے شہری کو خلیفہ وامیر کی اطاعت کرنی چاہیے۔

ii: اسلامی ریاست کے اچھے شہری کو ہر معاملہ میں ملکی مفادات کا احساس کرنا چاہیے۔

8: اسلامی ریاست کی کوئی سی دو ذمہ داریاں بتلائیے:

O: i: اسلامی ریاست کی سب سے بڑی ذمہ داری اسلامی نظام کے نفاذ کی ہے۔

ii: اسلامی ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ہر بڑے و چھوٹے کے لئے نظامِ عدل کو یکساں مؤثر بنائے۔

9: اسلامی ریاست کی کوئی سی دو خصوصیات لکھیے:

O: i: اسلامی ریاست میں اقتدارِ اعلیٰ صرف اللہ ہی کے پاس ہوتا ہے۔

ii: اسلامی ریاست کا حقیقی دستور قرآن حکیم ہے اور کسی بھی قانون کی تشکیل میں اولین راہنمائی اِسی کتابِ حکیم سے ہی لی جاتی ہے۔

10: اسلامی ریاست کے خلیفہ کے کوئی سے دو اوصاف لکھیے:

O: i: خلیفہ کا مسلمان ہونا ضروری ہے۔

ii: خلیفہ کا پابندِ شرع ہونا اور شرعی حدود میں رہتے ہوئے حکمرانی کرنا ضروری ہے۔

11: معاشرہ کیا ہے؟

O: معاشرہ کا مادہ ''ع۔ش۔ر'' ہے اور یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔ معاشرہ کا لغوی معنی مل جل کر رہنا ہے۔ اصطلاح میں معاشرہ سے مراد انسانوں کے ایک ایسے گروہ کا آپس میں مل جل کر رہنا ہے کہ جن کی اقدار مشترک ہوں۔

12: کیا معاشرہ بقائے نسل کا تقاضا ہے؟

O: اللہ رب العزت نے حضرت آدمؑ اور حوا سے تمام نسل چلائی ہے۔ اگر آج معاشرتی زندگی ترک کر دیں تو نکاح اور رشتہ داروں کو بھی ترک کرنا پڑے گا۔ تو اس ایک نسل کے بعد اگلی نسل کبھی بھی وجود میں نہیں آئے گی۔ معلوم ہوا کہ بقائے نسل کے لیے بھی ضروری ہے کہ معاشرت کو اختیار کیا جائے۔

13: اسلام معاشرہ کا مفہوم بیان کریں۔

O: افراد کا ایسا اجتماع کہ جو سارے کے سارے یا ان میں سے اکثر مسلمان ہوں تو یہ ایک اسلامی معاشرہ کہلائے گا لیکن صحیح معنوں میں اسلامی معاشرہ کہلانے کا مستحق صرف وہ معاشرہ ہوگا کہ جس کے افراد صرف نام کے مسلمان ہی نہ ہوں بلکہ ان کی زندگیوں میں اسلامی اقدار نظر آئیں۔

14: اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام بیان کریں۔

O: اسلام نے عورت کو بھی اس کا صحیح مقام دیا۔ اسلامی معاشرہ میں عورت پاؤں کی جوتی نہیں بلکہ ماں ہے، بہن ہے، بیوی ہے اور بیٹی ہے۔ کثرت ازدواج کو اسلام نے چار تک محدود کر دیا ہے۔ محرمات سے نکاح ناجائز قرار دیا۔ طلاق کو "ابغض الحلال" قرار دے کر اس کے بے تحاشا اور بے جا استعمال کو ختم کرایا۔

15: اسلامی معاشرہ میں عدل کا مقام بیان کریں۔

O: اسلام عدل کی تلقین کرتا ہے کہ جس کا جتنا حق ہے اسے اسی قدر دیا جائے۔ اگر کوئی زیادہ حق رکھتا ہے تو اسے زیادہ دیا جائے اور اگر کوئی تھوڑا حق رکھتا ہے تو اسے تھوڑا دیا جائے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "عدل کرو یہ تقویٰ سے زیادہ قریب ہے"۔

16: رشتہ داری کا مفہوم بیان کریں۔

O: رشتہ داروں کے لیے "اقرباء" کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ ایسے تمام افراد کہ جن کے ساتھ والدین یا اولاد یا خاوند یا بیوی کی نسبت سے کوئی نسبی یا زوجیتی تعلق قائم ہو رہا ہو انہیں رشتہ دار کہا جاتا ہے۔ دور و نزدیک کے تمام رشتہ دار اقرباء کے ذیل میں آتے ہیں۔

17: صلہ رحمی سے کیا مراد ہے؟

O: رشتہ داروں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنا اور ان کے ساتھ حسن سلوک کرنا صلہ رحمی کہلاتا ہے اور اس کے مقابلہ میں رشتہ داروں سے قطع تعلقی اور ناراضگی رکھنا قطع رحمی کہلاتا ہے۔

18: اسلام میں صلہ رحمی کے حوالے سے دو آیات کا ترجمہ تحریر کریں۔

O: (i) "اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو اور قرابت داروں کے ساتھ بھی"۔
(ii) "آپ کہیے کہ تم جو مال خرچ کرو تو اپنے والدین کے لیے اور اقرباء کے لیے کرو"۔

19: صلہ رحمی کے حوالے سے ارشادات نبوی تحریر کریں۔

O: 1- "جو پسند کرتا ہو کہ اس کے رزق میں فراخی ہو اور اس کی عمر میں برکت ہو تو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے"۔
2- "قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا"۔

20: رشتہ داروں سے شفقت و مہربانی سے پیش آنا کس قدر ضروری ہے؟

O: اپنے رشتہ داروں اور قرابت داروں سے شفقت و مہربانی کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ اقارب اور دیگر مسلمانوں سے مہربانی اور نرم دلی کرنے والوں کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جنتیوں میں سے ہیں۔

21: رشتہ داروں سے نرم گفتاری سے پیش آنا چاہیے۔

O: اپنے اقارب اور رشتہ داروں سے چپقلش اور عناد نہیں رکھنا چاہیے۔ آپس کے اختلاف رائے میں بھی تلخ کلامی سے اجتناب کرنا چاہیے اور نرم لہجہ اختیار کرنا چاہیے۔ اگر مقابل فریق تلخی بھی کرے تو حلم و بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

22: ہمسایہ کا مفہوم بیان کریں۔

O: ہمسایہ کا لفظ نہایت وسیع معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ان وسیع معنوں کے لحاظ سے گھر کے قریبی رہائشیوں کے علاوہ ایک ادارے کے ملازمین یا ایک سکول کے طلبہ یا ایک سفر کے ساتھی وغیرہ آپس میں ایک دوسرے کے لیے ہمسائے ہوں گے۔ حقیقی معنوں میں البتہ ہمسایہ صرف گھر کے قریبی رہائشیوں کو ہی کہا جاتا ہے۔

23: ہمسائیگی کی اہمیت کے حوالے سے حضور ﷺ کا فرمان تحریر کریں۔

O: حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ:
"جبرائیل مجھے ہمسایہ کے متعلق تاکید کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ اسے وارث بھی بنا دیں گے"۔

24: ہمسایہ کے ساتھ حسن سلوک کے بارے میں اسلامی تعلیمات بیان کریں۔

O: قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ: "اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ اور والدین اور قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور قرابت والے ہمسائے اور اجنبی ہمسائے اور پاس بیٹھنے والے کے ساتھ نیکی کرو"۔

25: ہمسائے کو تحائف اور ہدیہ دینا کس قدر مستحسن ہے۔

O: اپنے ہمسائے سے محبت اور تعلقات میں اضافے کے لیے انہیں تحائف اور ہدیہ وغیرہ بھیجنا بھی مناسب ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضور اکرم ﷺ سے سوال کیا کہ میرے دو پڑوسی ہیں۔ ان میں سے کس کو ہدیہ بھیجوں؟ آپ نے فرمایا کہ جس کا دروازہ تمہارے گھر سے زیادہ قریب ہے۔

26: شہری کا مفہوم بیان کریں۔

O: شہری کا لغوی معنی اگرچہ "شہر میں رہنے والا" ہے۔ لیکن اصطلاح میں شہری اس فرد کو کہتے ہیں کہ جو کسی ریاست میں رہتا ہو۔ خواہ اس کی رہائش کسی شہر میں ہو یا قصبے یا دیہات میں ہو یا آبادیوں سے باہر کسی جنگل میں ہی کیوں نہ ہو۔

27: کیا اسلامی ریاست میں حق تحفظ عزت وعصمت حاصل ہوتا ہے؟

O: اپنی جان کی طرح اسلامی ریاست میں ہر مسلم وغیر مسلم کو اپنی عزت وعصمت اور ناموس کی حفاظت کا بھی حق حاصل ہے۔ اس کی عزت و ناموس کا تحفظ بھی اسلامی ریاست کی ذمہ داری ہے۔

28: کیا اسلامی ریاست میں شہریوں کو حق ازدواج حاصل ہوتا ہے؟

O: اسلامی ریاست کے تمام شہریوں کو اپنی مرضی اور پسند سے شادی کا بھی حق حاصل ہے۔ انہیں شادی نہ کرنے یا کسی خاص جگہ شادی کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

29: اسلامی ریاست میں اقلیتوں کو کیا قانونی حق حاصل ہوتے ہیں؟

O: اسلامی ریاست کی اقلیتوں کو قانونی حقوق اور قانونی تحفظ بھی حاصل ہے۔ ان کے آپس کے یا مسلمانوں کے ساتھ جھگڑوں وغیرہ میں مکمل انصاف برتا جائے گا۔ کسی مسلمان کے مقابلہ میں ان کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی نہیں کی جائے گی۔

30: کیا اسلامی ریاست میں شہریوں کو ٹیکس ادا کرنا ہوتے ہیں؟

O: ریاست انتظامی امور کو بہتر طور پر چلانے کے لیے اپنے شہریوں پر کچھ ٹیکس نافذ کرتی ہے۔ ایک اچھے شہری کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ یہ ٹیکس پوری طرح ادا کرے۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 7:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دئیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: امت سے کیا مراد ہے؟

(ا) ایک علاقے کے رہنے والے (ب) ایک زبان بولنے والے
(ج) ایک نبی کے پیروکار (د) ایک نسل کے افراد

2: خیر امت کس امت کو کہا گیا ہے؟

(ا) حضرت موسیٰ کی امت کو (ب) حضرت عیسیٰ کی امت کو
(ج) حضرت ابراہیم کی امت کو (د) امت مسلمہ کو

3: قرآن حکیم میں امت مسلمہ کو خیر امت کے علاوہ اور کیا نام دیا گیا ہے؟

(ا) امت محمدیہ (ب) امت رسول اللہ (ج) امت وسط (د) امت اشاعت

:4 امت مسلمہ کے خیر امت ہونے کی قرآن حکیم میں ایمان کے علاوہ کون سی وجہ بتلائی گئی ہے؟
(ا) امر بالمعروف (ب) نہی عن المنکر
(ج) دعوت الی الخیر (د) امر بالمعروف و نہی عن المنکر دونوں

:5 اخوت کا لغوی معنیٰ بتلایئے:
(ا) برابری (ب) بھائی چارہ (ج) برادری ازم (د) مساوات

:6 تاریخ اسلامی میں اخوت کی سب سے بڑی مثال کس واقعہ کو قرار دیا جا سکتا ہے؟
(ا) مؤاخاتِ مکہ (ب) مؤاخاتِ مدینہ (ج) میثاقِ مکہ (د) میثاقِ مدینہ

:7 لفظ تبلیغ کا مادہ کیا ہے؟
(ا) "ت۔ب۔ل" (ب) "ت۔ب۔غ" (ج) "ب۔ل۔غ" (د) "ت۔ل۔غ"

:8 تبلیغ کرنے والے کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) مُبَلِّغ (ب) مُبَلَّغ (ج) مَبْلَغ (د) بَالِغ

:9 جہاد کا لغوی معنی بتلایئے:
(ا) اللہ کی راہ میں لڑنا (ب) ایک دوسرے کے خلاف کوشش کرنا
(ج) مجاہدہ و مراقبہ کرنا (د) تبلیغ کرنا اور چلہ لگانا

:10 جب مطلق جہاد کا لفظ بولا جائے تو اُس سے کون سا جہاد مراد ہوتا ہے؟
(ا) جہاد بالقول (ب) جہاد بالقلم (ج) جہاد بالمال (د) جہاد بالسیف

:11 امت اسلامیہ کی بنیاد ہے:
(ا) جمہوریت پر (ب) سیکولرزم (ج) کلمہ طیبہ پر (د) کمیونزم

:12 دنیا کے تمام خطوں میں رہنے والے مسلمان:
(ا) ایک طبقہ (ب) ایک امت (ج) ایک نسل (د) ایک قوم

:13 حضور ﷺ کا فرمان ہے: میانہ روی بہترین:
(ا) حکمت عملی ہے (ب) انداز فکر ہے (ج) طریق کار ہے (د) عمل ہے

:14 امت مسلمہ کا پہلا فرض ہے:
(ا) سیاسی ترقی (ب) معاشی ترقی (ج) معاشرتی ترقی (د) اشاعت دین

:15 ابولہب حضور ﷺ کا تھا:
(ا) دوست (ب) رشتہ دار (ج) چچا (د) ماموں

:16 بقول قرآن کے تمام مسلمان آپس میں:
(ا) دوست ہیں (ب) بھائی بھائی ہیں (ج) رشتہ دار ہیں (د) اچھے ساتھی ہیں

:17 مواخات مدینہ کا اجتماع ہوا:
(ا) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے گھر (ب) حضرت انس بن مالکؓ کے گھر
(ج) حضرت ابو ایوب انصاری کے گھر (د) حضرت سلمان فارسی کے گھر

:18 مسلمانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجتناب کریں:
(ا) سخاوت سے (ب) عدالت سے (ج) غیبت سے (د) شجاعت سے

:19 تبلیغ کے معنی ہیں:
(ا) پیغام وصول کرنا (ب) پیغام دینے والا (ج) پیغام لینے والا (د) پیغام پہنچانا

:20 دعوت دین کے سب سے زیادہ حقدار ہیں:
(ا) دشمن (ب) محلہ دار (ج) قریبی رشتہ دار (د) دوست

:21 لفظ جہاد کا ماخذ ہے:
(ا) جہد (ب) جاہد (ج) اجہد (د) مجد

:22 قرآن میں کس قوم کی خرابی سب سے زیادہ بیان ہوئی ہے؟
(ا) قوم لوطؑ (ب) بنی اسرائیل (ج) قوم نوحؑ (د) قوم ہودؑ

:23 شہادت کی آرزو رہی ہے:
(ا) صلحا کی (ب) اولیا کی (ج) انبیاء کی (د) تمام مسلمانوں کی

:24 دور حاضر میں سب سے زیادہ ضرورت ہے:
(ا) جہاد بالسیف کی (ب) جہاد بالقلم کی (ج) جہاد باللسان کی (د) جہاد بالمال کی

:25 حضورﷺ نے فرمایا: قیامت تک جاری رہے گا:
(ا) نماز کا عمل (ب) تبلیغ کا عمل (ج) جہاد کا عمل (د) عبادت کا عمل

:26 جہاد جاری رہے گا:
(ا) پچاس سال کے لیے (ب) ایک صدی کے لیے (ج) پانچ صدیوں کے لیے (د) ہمیشہ کے لیے

:27 قرآن کی حفاظت کرنے والا ہے:
(ا) اللہ تعالیٰ (ب) حافظ قرآن (ج) قاریٔ قرآن (د) خلیفہ وقت

:28 چشم فلک نے بھائی چارے کا عملی نمونہ دیکھا:
(ا) مکہ معظمہ میں (ب) مدینہ منورہ میں (ج) حبشہ میں (د) بصرہ میں

:29 مومن آپس میں:
(ا) سخت دل ہیں (ب) پتھر دل ہیں (ج) نرم دل ہیں (د) سنگ دل ہیں

:30 لفظ امت کی بنیاد ہوتی ہے:
(ا) رنگ پر (ب) نسل پر (ج) علاقہ پر (د) عقیدہ پر

جوابات:

ب	:5	د	:4	ج	:3	د	:2	ج	:1
د	:10	ب	:9	ا	:8	ج	:7	ب	:6
ج	:15	د	:14	الف	:13	ب	:12	ج	:11
ج	:20	د	:19	ج	:18	ب	:17	ب	:16
ج	:25	ب	:24	ج	:23	ب	:22	الف	:21
د	:30	ج	:29	ب	:28	الف	:27	د	:26

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

:1 امت اور قوم میں کیا فرق ہے؟
:O قوم کی بنیاد رنگ، نسل، علاقے اور زبان وغیرہ پر ہوتی ہے جبکہ امت کی بنیاد نظریہ اور عقیدہ پر ہوتی ہے۔

www.downloadclassnotes.com

2: امت کی کتنی قسمیں ہیں؟

O: امت کی دو قسمیں ہیں: امتِ دعوت اور امتِ اجابت۔

3: امتِ دعوت سے کیا مراد ہے؟

O: کسی نبی کی امت دعوت سے وہ تمام افراد مراد ہوتے ہیں کہ جن کی طرف نبی کو مبعوث کیا گیا ہو۔

4: امتِ اجابت سے کیا مراد ہے؟

O: کسی نبی کی امتِ اجابت سے امت دعوت میں سے وہ افراد مراد ہوتے ہیں کہ جو نبی کی دعوت کو تسلیم کرتے ہوئے ایمان قبول کرلیں۔

5: مؤاخاتِ مدینہ سے کیا مراد ہے؟

O: حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ جب ہجرت کر کے مکہ سے مدینہ پہنچے تو مہاجر صحابہ کرامؓ بے سروسامانی کے عالم میں تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے ایک ایک مہاجر کو ایک ایک انصار کا بھائی قرار دے دیا۔ اِس واقعہ کو مؤاخاتِ مدینہ کہا جاتا ہے۔

6: اخوت کے کوئی سے دو فوائد و ثمرات تحریر کیجئے:

O: i: اخوت سے باہمی محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

ii: اخوت سے باہمی تعاون کی فضا پیدا ہوتی ہے اور اس طرح ترقی بھی ممکن ہوتی ہے۔

7: تبلیغ سے متعلق ایک آیت مبارکہ مع ترجمہ لکھیں:

O: كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ط

ترجمہ: تم لوگوں کے لئے بھیجی گئی بہترین امت ہو، تم نیکی کا حکم کرتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔

8: مبلغ کے کوئی سے دو اوصاف لکھیے:

O: i: مبلغ کو خلوصِ نیت کے ساتھ اپنی تبلیغی کاوش میں مشغول رہنا چاہیے۔

ii: مبلغ کا اپنا عمل اور کردار بھی اپنی دعوت کے مطابق ہونا چاہیے۔

9: جنگ اور جہاد میں کیا فرق ہے؟

O: جنگ غیر اسلامی اصطلاح ہے، جبکہ جہاد اسلامی اصطلاح ہے۔ لیکن جنگ اور جہاد کا فرق صرف لفظی و اصطلاحی حد تک ہی نہیں ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ شریعتِ اسلامیہ نے جنگ کے تصور کو تبدیل کرتے ہوئے اِس میں اچھے مقاصد اور عمدہ طریقہ کار کا تعین کر کے اِسے جہاد بنا دیا ہے۔

10: جہاد کے کوئی سے دو آداب لکھیے:

O: i: دورانِ جہاد اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے احکام کو پسِ پشت نہ ڈالا جائے۔

ii: کسی، بچے، بوڑھے، خاتون یا معذور وغیرہ پر بلاوجہ ہاتھ نہ اُٹھایا جائے۔

11: امت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: امت کے لغوی معنی ہیں: جماعت، گروہ، خاندان، نسل، وقت، طریقہ اور قد و قامت وغیرہ۔

12: امت کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔

O: اصطلاح میں امت افراد کی ایک ایسی جماعت کو کہتے ہیں کہ جو ایک ہی نبی کو ماننے والے یا ایک ہی نظریہ و عقیدہ کے پیروکار ہوں۔ گویا تمام نبی پر ایمان لانے والے لوگ اس نبی کی امت کہلائے۔ اسی طرح حضور ﷺ پر ایمان لانے والے آنحضور ﷺ کی امت ہیں۔

13: قوم اور امت کا فرق واضح کریں۔

O: قوم اور امت دو مختلف اصطلاحیں ہیں قوم کی بنیاد رنگ، نسل، علاقہ، زبان وغیرہ پر ہوتی ہے۔ جبکہ امت کی بنیاد نظریہ اور عقیدہ پر ہوتی ہے۔

14: امر بالمعروف سے کیا مراد ہے؟

O: امر بالمعروف کا مطلب یہ ہے کہ اپنے قول و عمل سے نیکی کا حکم کرنا ہے۔ امر بالمعروف میں کسی کو کسی نیک کام کے لیے ابھارنا، کسی کو نیکی

کے راستے میں آگاہ کرنا اور کسی کو اخلاق حسنہ کی ترغیب دینا وغیرہ سب شامل ہے۔

15: نہی عن المنکر کا کیا مطلب ہے؟

O: نہی عن المنکر کا مطلب یہ ہے کہ اپنے قول و عمل سے برائی کو روکتے رہو۔ اس میں کسی کو غلط کام سے روکنا، کسی کی غلطی کی اصلاح کرنا، کسی کو غلط راستے سے خبردار کرنا اور اسے چھوڑنے کی تاکید کرنا وغیرہ سب شامل ہے۔

16: ایمان باللہ کا مفہوم بیان کریں۔

O: ایمان باللہ کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ رب العزت کو اپنی ذات، صفات اور عبادات میں وحدہ لاشریک تسلیم کرتے ہوئے اللہ پر ایمان رکھا جائے۔

17: اخوت کا اصطلاحی مفہوم بیان کیجئے۔

O: جب ہم اسلامی اصطلاح میں اخوت کا ذکر کرتے ہیں تو اس سے ہماری مراد مومنوں کا آپس میں بھائی چارہ ہوتا ہے کہ شریعت اسلامیہ نے تمام اہل ایمان کو آپس میں بھائی بھائی بنادیا ہے۔

18: اخوت کی اہمیت کے حوالے سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ پیش کیجئے۔

O: 1- ''بے شک مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں''۔

2- ''اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو کہ جب تم دشمن تھے پھر تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی پس تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی بن گئے''۔

19: اخوت کی اہمیت کے پیش نظر دو احادیث پیش کیجئے۔

O: 1- ''اللہ کے بندو بھائی بھائی بن جاؤ''۔

2- ''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ اس پر ظلم کرے، نہ اسے اس کے دشمن کے سپرد کرے''۔

20: کیا جھگڑوں میں مصالحت کروانا اسلامی اخوت کا تقاضا ہے؟

O: اگر مومنین کا آپس میں جھگڑا ہو جائے تو دیگر اہل ایمان کو چاہیے کہ ان کے درمیان صلح کرا دیں۔ ''پس ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرادو اور انصاف کرو''۔ (القرآن)

21: تبلیغ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

O: تبلیغ کا مادہ ''ب۔ل۔غ'' ہے اور یہ باب تفصیل سے مصدر ہے۔ لغت میں تبلیغ کا لفظ کسی دوسرے تک پہنچانے یا کسی کا پیغام دوسرے تک پہنچانے یا گھوڑے کی لگام بڑھانے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

22: تبلیغ کا اصطلاحی مفہوم بیان کرو۔

O: اصطلاح میں تبلیغ سے مراد لوگوں تک اللہ کا دین پہنچانا اور انہیں اللہ کے دین کی طرف دعوت دینا ہے۔ تبلیغ کے لیے ایک اور لفظ دعوت کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

23: تبلیغ سے متعلق دو احادیث لکھیں۔

O: 1- میری طرف سے آگے پہنچا دو خواہ ایک آیت ہی ہو۔

2- حجۃ الوداع کا خطبہ ارشاد فرمانے کے بعد آپ ﷺ نے یہ حکم بھی فرمادیا کہ: ''جو موجود ہے وہ غائب تک بھی پہنچا دے''۔

24: تبلیغ کے لیے انفرادی تبلیغ کی کیا اہمیت ہے؟

O: امت محمدیہ کا کوئی بھی فرد انفرادی طور پر تبلیغ کر سکتا ہے۔ اس کا کسی کو کسی نیک کام کی دعوت دینا، کسی اچھے کام پر ساتھ لے جانا، کسی برے کام سے منع کرنا سب تبلیغ ہے۔

25: تبلیغ اسلام کے سلسلہ میں لٹریچر کی اشاعت کی اہمیت بیان کریں۔

O: رسائل و جرائد اور اخبارات میں مضامین کے علاوہ باقاعدہ تبلیغی لٹریچر شائع کرنا اور اسے خواص و عام تک پہنچانے کی کوشش کرنا بھی تبلیغ کا ایک خوبصورت انداز ہے۔

www.downloadclassnotes.com

26: جہاد کا لغوی معنی کیا ہے؟

O: جہاد کا مادہ "ج-ہ-د" ہے اور یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔ جہاد کا لغوی معنی ایک دوسرے کے خلاف کوشش کا ہے۔ جہد اور جہد طاقت واستطاعت کو کہتے ہیں۔

27: جہاد کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔

O: شریعت کی اصطلاح میں جہاد اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے پوری طاقت واستطاعت کے ساتھ کوشش کرنے کا نام ہے۔

28: جہاد بالنفس کی وضاحت کریں۔

O: جہاد بالنفس سے مراد اپنے نفس کی ناجائز خواہشات کے خلاف کوشش کرنا اور نفس کو دین وشریعت کے تابع بنانا ہے۔

29: جہاد بالاعداء سے کیا مراد ہے۔

O: جہاد بالاعداء سے مراد دشمنان دین کے خلاف کوشش کرنا ہے۔ پھر یہ کوشش تین طرح سے ہوسکتی ہے:

1- تقریر کے ذریعے 2- تحریر کے ذریعے 3- میدان جنگ میں

30: جہاد بالاعداء کی اقسام بیان کریں۔

O: جہاد بالاعداء کی درج ذیل تین اقسام ہیں۔

1- جہاد بالقول 2- جہاد بالقلم 3- جہاد بالسیف

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 8:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: جزیرہ نمائے عرب پانی سے گھرا ہوا ہے:

(ا) تقریباً ایک طرف سے (ب) تقریباً دو اطراف سے
(ج) تقریباً تین اطراف سے (د) تقریباً چاروں طرف سے

2: مؤرخین نے عرب کے باشندوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے: عرب بائدہ، عرب عاربہ اور..................:

(ا) عرب معربہ (ب) عرب متعربہ (ج) عرب مقتربہ (د) عرب مستعربہ

3: قبل از اسلام عرب لوگ زندہ دفن کر دیا کرتے تھے:

(ا) بچوں کو (ب) بیٹوں کو (ج) بیٹیوں کو (د) غلاموں کو

4: قبل از اسلام عرب طلاق کے بعد رجوع کر لیا کرتے تھے:

(ا) ایک دفعہ (ب) دو دفعہ (ج) تین دفعہ (د) کئی کئی دفعہ

5: قبل از اسلام عرب کی اکثریت کا مذہب تھا:

(ا) توحید (ب) بت پرستی (ج) ستارہ پرستی (د) آتش پرستی

6: قبل از اسلام بعض عرب حنیف کہلاتے تھے۔ یہ کس نبی کے مذہب پر ہونے کے مدعی تھے؟

(ا) حضرت ابراہیمؑ کے (ب) حضرت موسیٰؑ کے (ج) حضرت داؤدؑ کے (د) حضرت عیسیٰؑ کے

7: یمن کے کس عیسائی حاکم نے خانہ کعبہ پر چڑھائی کی تھی؟

(ا) ذونواس حمیری نے (ب) ابرہہ نے (ج) ارياط نے (د) معدیکرب نے

8: دورِ قدیم میں ایران کے ہر بادشاہ کو کہا جاتا تھا:

(ا) مقوقس (ب) نجاشی (ج) قیصر (د) کسریٰ

9: قبل از اسلام عرب میں تجارتی میلہ لگتا تھا:
(ا) عکاظ (ب) ذی المجاز
(ج) مُجنہ (د) تینوں ناموں سے مختلف میلے تھے

10: عرب لوگ غیر عربوں کو عجمی کہا کرتے تھے جس کا معنی ہے:
(ا) گونگا (ب) اندھا (ج) لنگڑا (د) بہرا

11: عرب کے لفظی معنی ہیں:
(ا) بدو (ب) زبان آوری (ج) صحرائی (د) تینوں میں کوئی نہیں

12: اہل عرب کن کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے؟
(ا) بائدہ عرب کو (ب) قحطانی عرب کو (ج) غیر عرب کو (د) اہل حبشہ کو

13: عربہ کے معنی ہیں:
(ا) جزیرہ (ب) خلیج (ج) نخلستان (د) صحرا

14: جزیرہ نمائے عرب تین اطراف سے کس چیز میں گھرا ہوا ہے؟
(ا) پانی میں (ب) جنگلات میں (ج) صحرا میں (د) پہاڑوں میں

15: جزیرہ نمائے عرب کے مغرب میں کیا ہے؟
(ا) خلیج فارس (ب) صحرائے سینا (ج) پہاڑی سلسلہ (د) نخلستان

16: عرب کا کون سا علاقہ روم و ایران کے زیر اثر رہا؟
(ا) شام (ب) عمان (ج) یمن (د) عراق

17: ایشیا کے علاوہ کون سے براعظم خطۂ عرب کے ہمسائے ہیں؟
(ا) امریکہ (ب) انٹارکٹیکا (ج) آسٹریلیا (د) یورپ اور افریقہ

18: قوم عاد، ثمود، طسم، جدیس اور عمالقہ عرب باشندوں کی کون سی قسم تھی؟
(ا) عرب بائدہ (ب) عرب مستعربہ (ج) عرب عاربہ (د) حمیری

19: عرب مستعربہ کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟
(ا) حمیری عرب (ب) عدنانی عرب (ج) کہلان عرب (د) بنو جرہم

20: فہر بن مالک نامی شخص کا لقب تھا:
(ا) قضاعہ (ب) امیہ (ج) قریش (د) تمیم

21: عرب کے مشہور شاعر کا نام کیا تھا؟ جو اپنی پھوپھی زاد کے ساتھ بدفعلی کو نظم کی صورت بیان کرتا تھا۔
(ا) ربیعہ بن حارثہ (ب) زید بن عمرو بن نفیل (ج) امیہ بن ابی صلت (د) امراؤ القیس

22: خانہ کعبہ کی چھت پر ہبل نامی بت کس نے نصب کیا؟
(ا) عمرو بن لحی (ب) ابوسفیان (ج) براء الکندی (د) حمران الجعفی

23: فتح مکہ کے وقت خانہ کعبہ کے اندر کتنے بت موجود تھے؟
(ا) 250 (ب) 360 (ج) 400 (د) 450

24: کس سنہ عیسوی میں ابرہہ نے خانہ کعبہ پر چڑھائی کی؟
(ا) 525ء میں (ب) 550ء میں (ج) 571ء میں (د) 560ء میں

25: مجوسی پرستش کرتے تھے:
(ا) بتوں کی (ب) سورج چاند ستاروں کی (ج) مختلف جانوروں کی (د) آگ کی

www.downloadclassnotes.com

:26 کس مذہب کے پیروکار حنیف کہلواتے تھے؟

(ا) حضرت ابراہیمؑ کے مذہب کے پیروکار (ب) مجوسی مذہب کے پیروکار

(ج) عیسائیت کے پیروکار (د) یہودیت کے پیروکار

:27 اپنی بیٹیوں کو زندہ دفن کردیتے تھے:

(ا) اہل فارس (ب) اہل عرب (ج) ہندومت کے پیروکار (د) یہودی

:28 کون سا قبیلہ حضرت بی بی حاجرہ کی اجازت سے مکے میں آباد ہوگیا تھا؟

(ا) بنو قضاعہ حمیری (ب) بنو قینقاع (ج) بنو جرہم (د) بنو اسد

:29 حبشیوں نے ارباط اور ابرہہ کی قیادت میں یمن پر کس سن میں قبضہ جمایا؟

(ا) 571ء میں (ب) 510ء میں (ج) 550ء میں (د) 525ء میں

:30 مشہور سخی اور فیاض حاتم طائی کس خطے کا باشندہ تھا؟

(ا) عرب کا (ب) فارس کا (ج) ہند کا (د) افریقہ کا

جوابات:

:1	ج	:2	د	:3	ج	:4	د	:5	ب
:6	ا	:7	ب	:8	د	:9	د	:10	ا
:11	ب	:12	ج	:13	د	:14	الف	:15	ب
:16	ج	:17	د	:18	الف	:19	ب	:20	ج
:21	د	:22	الف	:23	ب	:24	ج	:25	د
:26	الف	:27	ب	:28	ج	:29	د	:30	الف

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

:1 عرب کی وجہ تسمیہ سے متعلق مشہور ترین قول ذکر کیجئے:

:O عرب کی وجہ تسمیہ سے متعلق مختلف آراء میں سے مشہور ترین یہ ہے کہ عرب کا لغوی معنٰی فصاحت اور زبان آوری کا ہے اور چونکہ عربوں کو اپنی زبان دانی پر بہت ناز تھا' لہٰذا وہ خود کو عرب اور باقی دُنیا کو عجم (گونگا) کہا کرتے تھے۔

:2 عرب کا حدود اربعہ لکھیے:

:O مشرق: خلیج فارس یا جسے خلیج عرب بھی کہا جاتا ہے، خلیج عمان یا اومان، جنوبی عراق۔

مغرب: بحیرۂ قلزم یا جسے بحیرۂ احمر بھی کہا جاتا ہے، خلیج عدن، صحرائے سینا۔

جنوب: بحیرۂ عرب کہ جسے بحرِ ہند ہی کا پھیلاؤ کہا جا سکتا ہے۔

شمال: شمالی عراق، اردن وشام۔

:3 عرب بائدہ کن کو کہا جاتا ہے؟

:O یہ عرب کی وہ قدیم اقوام تھیں کہ جواب ناپید ہو چکی ہیں، مثلاً عاد، ثمود، طسم، جدیس، عمالقہ وغیرہ۔

:4 عرب عاربہ یا قحطانی عرب کن کو کہا جاتا ہے؟

:O ان کا اصل وطن یمن تھا۔ حمیر اور کہلان ان کے دو بڑے قبائل تھے۔ حمیری عموماً یمن میں ہی رہے' لیکن کہلان کی مختلف شاخیں عرب کے مختلف علاقوں میں پھیل گئیں۔

5: عرب مستعربہ یا عدنانی عرب کن کو کہا جاتا ہے؟

O: یہ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد ہیں۔ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد میں سے ایک شخص عدنان کی اگلی نسل عدنانی کہلائی۔ حضور اکرم ﷺ بھی انہی میں سے تھے۔

6: قبل از اسلام عربوں کی اخلاقی حالت سے متعلق کوئی سے دو نکات تحریر کریں:

O: i: عربوں میں شراب نوشی اور قمار بازی عام تھی۔

ii: عربوں میں سنگدلی و بے رحمی پائی جاتی تھی، بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیا کرتے تھے۔

7: قبل از اسلام عربوں کی سماجی و معاشرتی حالت سے متعلق کوئی سے دو نکات تحریر کریں:

O: i: قبائلی نظام رائج تھا اور اچھے معاشرتی تعلقات صرف اپنے قبیلے کے لئے ہی تھے۔

ii: نکاح کی مختلف صورتیں رائج تھیں اور خاندان کا تصور پوری طرح موجود تھا۔

8: قبل از اسلام عربوں کی معاشی حالت سے متعلق کوئی سے دو نکات تحریر کیجئے:

O: i: عربوں میں سے قریش تجارت میں بہت آگے تھے۔

ii: عموماً عرب لوگ مویشی پال کر گزارا کیا کرتے تھے۔

9: قبل از اسلام عربوں کی ادبی حالت سے متعلق کوئی سے دو نکات لکھیئے:

O: i: عربوں کو اپنی فصاحت و بلاغت اور زبان دانی پر فخر تھا اور تقریباً ہر بندہ شاعری کا ذوق رکھتا تھا۔

ii: عربوں کے ادب و شاعری میں جوش اور شجاعت و بہادری کے قصے بہت زیادہ ہیں۔

10: قبل از اسلام عربوں کی تہذیبی و تمدنی حالت سے متعلق کوئی سے دو نکات لکھیں:

O: i: اندرونِ عرب کا علاقہ کچھ خاص متمدن نہیں تھا۔

ii: عرب کے سرحدی علاقے کافی متمدن ہو چکے تھے۔

11: ملک عرب کو عرب کیوں کہا جاتا ہے؟

O: عرب کا لفظی معنی فصاحت اور زبان آوری ہے اور چونکہ عرب کو اپنی زبان دانی پر بہت ناز تھا اس لیے وہ اپنے آپ کو عرب اور باقی دنیا کو عجم (گونگا) کہا کرتے تھے۔ یوں اس خطے کا نام عرب مشہور ہو گیا۔

12: جزیرہ نما عرب کو طبعی و جغرافیائی لحاظ سے کیا اہمیت حاصل ہے؟

O: خطۂ عرب بیرونی طور پر تین اطراف سے پانی اور اندرونی طور پر ہر طرف سے صحراؤں اور نخلستانوں میں گھرا ہونے کی وجہ سے دفاعی لحاظ سے نہایت مضبوط ہے۔

13: مؤرخین نے عرب باشندوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

O: عربوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے (i) عرب بائدہ: قدیم اقوام مثلاً عاد، ثمود، طسم وغیرہ جو اب ناپید ہو چکی ہیں۔ (ii) عرب عاربہ: انہیں قحطانی عرب بھی کہا جاتا ہے، ان کا اصل وطن یمن تھا۔ حمیر اور کہلان ان کے دو بڑے قبیلے تھے۔ (iii) عرب مستعربہ: انہیں عدنانی عرب بھی کہا جاتا ہے یہ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد ہیں۔

14: حضرت اسماعیلؑ کی بنو جرہم میں کتنی شادیاں ہوئیں اور ان کے کتنے بیٹے پیدا ہوئے؟

O: حضرت اسماعیلؑ کی بنو جرہم میں یکے بعد دیگرے دو شادیاں ہوئیں جن سے ان کے بارہ بیٹے پیدا ہوئے۔ جن سے بنو اسماعیل کے بارہ قبائل بنے۔ بنو اسماعیل عرب بلکہ بیرون عرب بھی پھیل گئے۔

15: ظہور اسلام کے وقت عربوں کی معاشرتی اور اخلاقی حالت کیسی تھی؟

O: ظہور اسلام کے وقت عربوں کی اخلاقی اور معاشرتی حالت بہت پست تھی۔ ان میں شراب نوشی، قمار بازی، زنا کاری، سنگدلی و بے رحمی، بیٹیوں کو زندہ دفن کرنا، عورتوں سے بدسلوکی، لوٹ مار، سود خوری اور لڑائی جھگڑے عام تھے وہ کسی اخلاقی حدود کی پاسداری نہ کرتے تھے۔

16: عرب کی مذہبی حالت کیسی تھی؟

O: عربوں کی اکثریت بت پرستی میں مبتلا تھی عرب کے قدیم بتوں میں ھبل اور دوسرا اہم بت منات تھا' تیسرا بڑا بت عزیٰ کا تھا علاوہ ازیں گھر گھر میں بت رکھے گئے تھے بلکہ کفار عرب نے خانہ کعبہ کو بھی بتوں سے بھر دیا تھا۔

17: خانہ کعبہ کو کتنے بتوں سے بھر دیا گیا تھا نیز ان بتوں کو کب نکال باہر پھینکا گیا؟

O: کفار عرب نے خانہ کعبہ میں 360 بت آویزاں کر رکھے تھے۔ فتح مکہ کے موقع پر حضورﷺ نے حضرت علی کو اپنے ساتھ ملا کر خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کیا۔

18: یمن کے یہودی بادشاہ ذونواس حمیری نے حبشی عیسائیوں پر مظالم ڈھائے تو جواباً اس کی حکومت کے ساتھ کیا ہوا؟

O: حبشیوں نے ارباط اور ابرہہ کی قیادت میں یمن پر حملہ کر دیا اور 525ء میں اپنی حکومت قائم کر لی۔

19: ابرہہ نے خانہ کعبہ پر چڑھائی کب کی؟

O: ابرہہ نے ارباط کو معزول کر کے حکومت پر قبضہ کر لیا اور 571ء میں ابرہہ نے حبشیوں کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ پر حملہ کرنا چاہا مگر سخت نقصان اٹھا کر پسپا ہوا حبشیوں کا بھی بہت نقصان ہوا۔

20: مشہور عرب شاعر امراؤالقیس کے بارے میں مختصراً لکھیں۔

O: امراؤالقیس عرب کا مشہور شاعر تھا اس نے اپنی پھوپھی زاد بہن سے اپنی بدکاری کے قصے کو نظم کیا جسے شاعری کا اعلیٰ نمونہ قرار دیتے ہوئے خانہ کعبہ پر آویزاں کیا گیا۔

21: عرب باشندوں کو اپنی زبان دانی پر ناز تھا وہ غیر عرب کے بارے میں کیا نظریہ رکھتے تھے؟

O: عرب کے معنی فصاحت اور زبان آوری کے ہیں۔ اس زعم میں وہ غیر عرب کو عجم یعنی گونگا قرار دیتے تھے۔ عربوں کی یہ روش زبان آوری کے حوالے سے بڑی متکبرانہ تھی۔

22: صنعتی اعتبار سے عربوں کی کیا حالت تھی؟

O: صنعت کے میدان میں عرب بہت زیادہ پیچھے تھے۔ اندرون عرب میں تو صنعت کی طرف بالکل بھی رجحان نہیں تھا البتہ بعض سرحدی علاقوں میں چمڑے کی دباغت وغیرہ کی شکل میں چند صنعتیں موجود تھیں۔

23: جرمن مستشرق پروفیسر نولدیکی عرب کے بارے میں کیا لکھتا ہے؟

O: پروفیسر نولدیکی کہتا ہے ولادت مسیح سے ہزار سال قبل جنوبی و غربی عرب یعنی یمن جو حمیر اور سبا کا ملک تھا۔ اپنے مخصوص موسم کے باعث زراعت کے لیے نہایت موزوں تھا۔ تمدن کے اعلیٰ رتبہ تک پہنچ چکا تھا اس کے کثیر التعداد کتبات اور شاندار عمارات کے آثار آج بھی ہمیں مدح وستائش کی تحریک دیتے ہیں۔

24: فہر بن مالک نامی شخص کون تھا؟ اس کی نسل کیا کہلائی؟

O: عدنان کی اولاد کئی قبیلوں میں تقسیم ہوئی اور اس کی اولاد میں سے فہر بن مالک نامی ایک شخص کا لقب قریش تھا اور اس کی نسل قریش کہلانے لگی۔

25: حضرت ابراہیمؑ حضرت حاجرہ اور حضرت اسماعیلؑ کو اللہ کے حکم سے کہاں چھوڑ آئے؟

O: اللہ تعالیٰ کے حکم سے جناب حضرت ابراہیمؑ اپنی زوجہ اور اپنے نونہال بیٹے اسماعیلؑ کو مکہ کی بے آب و گیاہ وادیٔ ذی زرع میں چھوڑ آئے۔ بعد میں یمن کا ایک قبیلہ بنو جرہم بی بی حاجرہ کی اجازت سے وادیٔ مکہ میں آباد ہو گیا۔

26: جزیرۃ نمائے عرب کا محل وقوع بیان کریں۔

O: خطۂ عرب تین اطراف سے تقریباً مکمل طور پر پانی میں گھرا ہوا ہے۔ مغرب میں صحرائے سینا ہے لیکن عرب اور صحرائے سینا کے درمیان بحیرہ قلزم کی پٹی گزر رہی ہے۔ جنوب میں بحر ہند' شمال میں عراق' اردن اور شام۔

27: حضور اکرمﷺ کا سلسلہ نسب حضرت اسماعیلؑ کے کس بیٹے سے معلوم ہے؟

O: حضرت اسماعیلؑ کے بارہ بیٹوں میں سے صرف دو یعنی نیابوط اور قیدار کی اولاد ہی معروف ہوئی۔ نیابوط کی نسل نبطی کہلائی اور قیدار کی نسل

سے عدنان پیدا ہوئے اسی عدنان تک حضور اکرم ﷺ کا شجرہ نسب بھی یقینی طور پر معلوم ہے۔

28: ربیعہ بن حارثہ ملک شام سے کون سا بت لایا اور کہاں نصب کیا؟

O: عمرو نامی ایک شخص کہ جس کا اصل نام ربیعہ بن حارثہ تھا ملک شام گیا وہاں اس نے لوگوں کو بتوں کی پرستش کرتے دیکھا عبادت کا یہ طریقہ اسے پسند آیا اور وہ واپسی پر اپنے ساتھ کچھ بت لے آیا جن میں سب سے بڑا بت ہبل تھا جسے ربیعہ نے خانہ کعبہ کی چھت پر نصب کروا دیا۔

29: عربوں کی معیشت کا دارومدار کس چیز پر تھا؟

O: عربوں کا زیادہ تر ذریعہ معاش تجارت یا مویشی پالنا تھا بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ان کی معیشت کا مکمل دارومدار انہیں دو پیشوں سے منسلک تھا عرب صنعتی میدان میں بہت پیچھے تھے۔

30: عربوں کا طرز حکومت کیا تھا؟

O: قبل از اسلام عربوں کی کوئی ایک متحدہ حکومت نہیں تھی چند ایک علاقوں کے علاوہ باقی تمام عرب میں عام طور پر قبائلی نظام رائج تھا۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 9:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دئیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: حضور اکرم ﷺ کا نام محمد (ﷺ) کس نے رکھا تھا؟

(ا) والد عبداللہ نے (ب) والدہ آمنہ نے (ج) دادا عبدالمطلب نے (د) چچا ابوطالب نے

2: حضور اکرم ﷺ کے کون سے چچا آپ ؐ کے رضاعی بھائی بھی تھے؟

(ا) حضرت حمزہ ؓ (ب) حضرت عباس ؓ (ج) ابوطالب (د) کوئی بھی نہیں

3: بچپن میں اپنے چچا ابوطالب کے ہمراہ شام کے سفر پر جاتے وقت آپ ؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

(ا) 6 سال (ب) 8 سال (ج) 10 سال (د) 12 سال

4: عام الحزن کس سال کو کہا جاتا ہے؟

(ا) 6 نبوی کو (ب) 8 نبوی کو (ج) 10 نبوی کو (د) 12 نبوی کو

5: غزوۂ بدر کس سال پیش آیا؟

(ا) 1ھ میں (ب) 2ھ میں (ج) 3ھ میں (د) 4ھ میں

6: غزوۂ احد کس سال میں پیش آیا؟

(ا) 1ھ میں (ب) 2ھ میں (ج) 3ھ میں (د) 4ھ میں

7: وہ کون سا غزوہ ہے کہ جسے غزوۂ احزاب بھی کہا جاتا ہے؟

(ا) غزوۂ خندق کو (ب) غزوۂ خیبر کو (ج) غزوۂ تبوک کو (د) غزوۂ حنین کو

8: صلح حدیبیہ کس سال میں ہوئی؟

(ا) 4ھ میں (ب) 5ھ میں (ج) 6ھ میں (د) 7ھ میں

9: ایران کے اُس بادشاہ (کسریٰ) کا اصل نام کیا تھا کہ جس نے حضور اکرم ﷺ کا نامہ مبارک پھاڑ دیا تھا؟

(ا) ہرقل (ب) خسرو پرویز (ج) اَصحمہ بن اَبجر (د) جریج بن متی

10: فتح مکہ کا واقعہ کس سال میں ہوا؟

(ا) 5ھ میں (ب) 6ھ میں (ج) 7ھ میں (د) 8ھ میں

www.downloadclassnotes.com

:11 آپ ﷺ کے والد حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب آپ کی ﷺ ولادت باسعادت سے کتنے ماہ پہلے وفات پا گئے تھے؟
(ا) چار ماہ قبل (ب) دو ماہ قبل (ج) تین ماہ قبل (د) ایک ماہ قبل

:12 آپ ﷺ کس سنہ عیسوی کو اور کس تاریخ کو دنیا میں تشریف لائے؟
(ا) 20 یا 25 ستمبر 570ء (ب) 20 یا 22 اپریل 571ء
(ج) 25 یا 26 اپریل 572ء (د) 20 یا 24 مارچ 574ء

:13 آپ ﷺ کا نام احمد کس نے رکھا؟
(ا) آپ ﷺ کے چچا ابو طالب نے (ب) آپ ﷺ کے داد اعبدالمطلب نے
(ج) آپ ﷺ کی والدہ حضرت بی بی آمنہؓ نے (د) دائی حلیمہ نے

:14 مدینہ شہر کا پرانا نام کیا تھا؟
(ا) بطحٰی (ب) عربتہ (ج) ابواء (د) یثرب

:15 جب آپ ﷺ کے دادا کا انتقال ہوا اس وقت آپ ﷺ کا سن مبارک کیا تھا؟
(ا) آٹھ سال (ب) سات سال (ج) دس سال (د) نو سال

:16 آپ ﷺ کی والدہؓ محترمہ کو کس مقام پر دفن کیا گیا؟
(ا) بصریٰ کے مقام پر (ب) ابواء کے مقام پر (ج) مکہ میں (د) مدینہ میں

:17 آپ ﷺ اپنے چچا حضرت ابو طالبؓ کے ساتھ کس ملک میں تجارت کی غرض سے گئے؟
(ا) ملک عراق (ب) ملک یمن (ج) ملک شام (د) فارس

:18 سفر شام کے دوران، بمقام بصریٰ کس نے آپ کو علامات نبوت سے پہچان لیا؟
(ا) ورقہ بن نوفل نے (ب) نطور راہب نے (ج) مغیرہ مخزومی نے (د) بحیرہ راہب نے

:19 حرب فجار ایک جنگ کا نام ہے یہ کن کن قبائل کے مابین ہوئی؟
(ا) قریش، بنو کنانہ اور قیس عیلان کے مابین (ب) بنو اسد اور بنو امیہ کے مابین
(ج) بنو خزانہ اور بنو قریظہ کے مابین (د) بنو ہلال اور بنو بکر کے مابین

:20 حضرت خدیجہ الکبریٰؓ کے غلام کا کیا نام تھا؟
(ا) مسروح (ب) میسرہ (ج) خباب (د) اشعث بن قیس

:21 نطور راہب نے کہا اس درخت کے نیچے کوئی نہیں بیٹھا سوائے؟
(ا) پادریوں کے (ب) عالم کے (ج) نبی کے (د) فرشتوں کے

:22 ام المومنین خدیجہ الکبریٰ نے آنحضرت ﷺ کو نکاح کا پیغام کس کے ذریعے بھیجا؟
(ا) اپنے چچا کے ذریعے (ب) اپنے والد کے ذریعے
(ج) اپنے غلام کے ذریعے (د) اپنی سہیلی نفیسہ بنت منبہ کے ذریعے

:23 ام المومنین سیدہ خدیجہ الکبریٰ سے نکاح کے وقت آنحضرت ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
(ا) 25 سال (ب) 27 سال (ج) 20 سال (د) 23 سال

:24 آنحضرت ﷺ کی گیارہ ازواج مطہرات میں سے کن کن ازواج کے ہاں اولاد پیدا ہوئی اور ان کا کیا نام ہے؟
(ا) حضرت عائشہؓ حضرت حفصہؓ (ب) حضرت خدیجہ الکبریٰؓ حضرت ماریہ قبطیہؓ
(ج) حضرت ام سلمٰیؓ حضرت ام حبیبہؓ (د) حضرت سودہؓ حضرت میمونہؓ

:25 خانہ کعبہ کی نئے سرے سے تعمیر کے وقت کس تنازعے نے جھگڑے کی شکل اختیار کر لی؟
(ا) خانہ کعبہ میں بت آویزاں کرنے پر (ب) کعبہ کے متولی ہونے کے دعوے پر

(ج) حجر اسود کی تنصیب کی وجہ سے (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

26: یہود کے احبار کس بات کو بیان کرتے تھے؟
(ا) کوئی بڑا لشکر عرب پر حملہ آور ہونے والا ہے (ب) آسمان پر کوئی نیا ستارہ نمودار ہوگا
(ج) خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر (د) کسی نبی کے ظہور کو

27: عمرو بن امیہ اور عیطلہ کی عرب میں وجہ شہرت کیا تھی؟
(ا) بہت مشہور کاہن تھے (ب) بہت بڑے عالم تھے
(ج) بہت بڑے دولت مند تھے (د) بہت بڑے پہلوان تھے

28: غارِ حرا مکہ معظمہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟
(ا) دو میل (ب) تین میل (ج) چار میل (د) ایک میل

29: حضور ﷺ پر وحی کی ابتدا کب اور کہاں ہوئی؟
(ا) غار ثور میں (ب) مسجد نبوی میں (ج) غار حرا میں (د) حرم کعبہ میں

30: آنحضرت ﷺ نے اعلان نبوت کس عمر میں کیا؟
(ا) 30 سال (ب) 25 سال (ج) 35 سال (د) 40 سال

31: پہلی وحی آنے پر آپ ﷺ نے گھر آ کر ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ سے کیا کہا؟
(ا) مجھے چادر اوڑھا دو (ب) مجھے پانی پلاؤ (ج) مجھے کھانا دو (د) مجھے نیند آرہی ہے

32: ورقہ بن نوفل کون سے مذہب کا پیروکار تھا؟
(ا) یہودیت (ب) عیسائیت (ج) مجوسیت (د) دہریت

33: کتنے سال تک دعوت و تبلیغ کا سلسلہ خفیہ طور پر چلتا رہا؟
(ا) دو سال تک (ب) ایک سال (ج) تین سال تک (د) چار سال

34: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں آپ ﷺ جو کچھ خواب میں دیکھتے وہ اسی طرح حقیقت میں پورا ہو جاتا اسے کیا نام دیا گیا؟
(ا) القا (ب) الہام (ج) وحی (د) رویائے صادقہ

35: پہلی وحی میں حضور ﷺ پر کون سی سورۃ کی ایک تا پانچ آیات نازل ہوئیں؟
(ا) سورۃ العلق (ب) سورۃ الفجر (ج) سورۃ المدثر (د) سورۃ القدر

36: سرداران مکہ کو اسلام کی پہلی دعوت دینے کے لیے کتنی بار بلانا پڑا؟
(ا) ایک بار (ب) تین بار (ج) دو بار (د) ایک بار بھی نہیں

37: حضور اکرم ﷺ نے سرداران مکہ کو دعوت اسلام میں جمع کرنے اور ان کے کھانے پینے کا انتظام کرنے کے لیے کسے مامور کیا؟
(ا) حضرت ابو طالب کو (ب) حضرت ابوبکرؓ کو
(ج) حضرت علیؓ کو (د) حضرت زید بن حارثہؓ کو

38: آنحضرت ﷺ کی دی گئی دعوت کو کس نے دو دفعہ منتشر کر دیا تھا؟
(ا) ابوجہل نے (ب) شیبہ نے (ج) عتیبہ نے (د) ابولہب نے

39: جب رسول ﷺ خدا نے فرمایا کہ کون امور رسالت میں میرا ساتھ دے گا تو کس نے لبیک یا رسول اللہ کہا؟
(ا) حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے (ب) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے
(ج) حضرت زید بن حارثہ نے (د) حضرت عمار یاسر نے

40: کس صحابی کا مکان کوہ صفا پر ذرا الگ تھلگ تھا؟
(ا) حضرت عثمانؓ کا (ب) حضرت ارقمؓ بن ابو ارقم مخزومی کا

(ج) حضرت بلالؓ کا (د) حضرت زبیرؓ بن عوام کا

41: نبوت کے کون سے سال آپ ﷺ نے حضرت ارقمؓ کے مکان کو اپنا مرکز بنالیا؟

(ا) تیسرے سال (ب) چوتھے سال (ج) پانچویں سال (د) دوسرے سال

42: حبشہ کا حکمران اصحمہ نجاشی کس قسم کا حکمران تھا؟

(ا) ظالم حکمران (ب) غیر مقامی غاصب حکمران

(ج) بے انصاف حکمران (د) عادل حکمران

43: قریش کے مظالم سے تنگ آ کر کتنے افراد نے حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی آپ ﷺ سے اجازت حاصل کی؟

(ا) گیارہ مرد چار عورتیں (ب) دس مرد دو عورتیں

(ج) آٹھ مرد چار عورتیں (د) بارہ مرد چھ عورتیں

44: قریش نے کون سے دو افراد کا وفد اصحمہ نجاشی کے پاس بھیجا؟

(ا) ابوجہل اور ابولہب (ب) عبداللہ بن ربیعہ اور عمرو بن العاص

(ج) ابوسفیان اور خالد بن ولید (د) عتبہ اور شیبہ

45: اصحمہ نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیارؓ نے کون سی قرآنی سورۃ کی تلاوت کی؟

(ا) سورۃ البقرہ کی (ب) سورۃ الانعام کی (ج) سورہ مریم کی (د) سورہ کوثر کی

46: عام الحزن نبوت کے کس سال کو کہا گیا؟

(ا) ساتویں سال کو (ب) آٹھویں سال کو (ج) پانچویں سال کو (د) دسویں سال کو

47: نبوت کے دسویں سال کو عام الحزن کیوں کہا گیا؟

(ا) ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ اور آپ کے چچا ابوطالب کی وفات کی وجہ سے

(ب) آپ ﷺ کے والد اور والدہ کی وفات کی وجہ سے

(ج) آپ ﷺ کے دادا اور دادی کی وفات کی وجہ سے

(د) آپ ﷺ کے چچا حضرت حمزہ اور غلام زید بن حارثہ کی وفات کی وجہ سے

48: آپ ﷺ نے کس سنہ نبوی میں مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی؟

(ا) 11 نبوی میں (ب) 14 نبوی میں (ج) 12 نبوی میں (د) 10 نبوی میں

49: حضرت عمارؓ یاسر کی والدہ جنہیں ابوجہل نے نیزہ مار کر شہید کیا ان کا نام کیا تھا؟

(ا) ام انمار (ب) ام ایمن (ج) حضرت سمیہؓ (د) ثوبیہ

50: آپ ﷺ کے (معاذ اللہ) قتل کے لیے تمام قبائل باہم مل کر آنحضرت پر حملہ کریں۔ یہ تجویز کس نے دی؟

(ا) ابوسفیان نے (ب) ابولہب نے (ج) عتبہ نے (د) ابوجہل نے

51: ہجرت کے دوران آپ ﷺ نے غار ثور میں کتنے دن قیام کیا؟

(ا) تین دن (ب) دو دن (ج) چار دن (د) ایک دن

52: سفر ہجرت کے دوران آپ ﷺ نے ایک مقام پر اسلام کی پہلی مسجد کی بنیاد رکھی مقام کی مناسبت سے مسجد کا نام کیا تھا؟

(ا) مسجد نبوی (ب) مسجد قبا (ج) مسجد الحرام (د) مسجد اسلام

53: حضرت ابوایوبؓ انصاری کا گھر مدینے کے کس محلے میں تھا؟

(ا) محلہ بنو ہاشم (ب) محلہ بنو خزرج (ج) محلہ بنو نجار (د) محلہ بنو قریظہ

54: آپ ﷺ نے فرمایا جہاں اونٹنی بیٹھ جائے گی وہیں قیام کروں گا آپ ﷺ کی اونٹنی کس صحابی کے گھر کے آگے بیٹھی؟

(ا) حضرت معاذؓ بن جبل (ب) حضرت محمدؓ بن مسلمہ

(ج) حضرت زیدؓ (د) حضرت ابوایوب انصاریؓ

:55 اسلام اور کفر کے مابین پہلا بڑا معرکہ کون سا ہے؟
(ا) جنگ بدر (ب) جنگ خندق (ج) جنگ قادسیہ (د) جنگ خیبر

:56 معرکہ جنگ بدر کس سنہ ہجری اور کس اسلامی مہینے میں برپا ہوا؟
(ا) 5 شوال یکم ہجری (ب) 17 رمضان المبارک 2 ہجری
(ج) 7 جمادی الاول 2 ہجری (د) 2 شعبان 4 ہجری

:57 جنگ بدر میں کفار کے مقابلے میں مسلمان فوج کی تعداد کتنی تھی؟
(ا) ایک ہزار (ب) سات سو (ج) تین سو تیرہ (د) پانچ سو

:58 غزوہ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟
(ا) دس (ب) آٹھ (ج) بارہ (د) چودہ

:59 جنگ بدر میں کتنے کفار واصل جہنم ہوئے؟
(ا) 70 مشرکین (ب) 100 مشرکین (ج) 80 مشرکین (د) 60 مشرکین

:60 شوال 3 ہجری میں کون سا غزوہ پیش آیا؟
(ا) غزوہ بدر (ب) غزوہ اُحد (ج) غزوہ تبوک (د) غزوہ احزاب

:61 جنگ اُحد میں ابوسفیان کی قیادت میں کتنے مشرکین لشکر اسلام سے مقابلے کے لیے نکلے؟
(ا) دو ہزار (ب) چار ہزار (ج) تین ہزار (د) ایک ہزار

:62 ابوسفیان کی بیوی کا کیا نام تھا؟
(ا) ام جمیل اروئی (ب) سجاح بنت حارث (ج) ازاذ (د) ہندہ بنت عتبہ

:63 آپ ﷺ کے چچا حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا؟
(ا) وحشی بن حرب نے (ب) ابوجہل نے (ج) ابوسفیان نے (د) ابولہب نے

:64 وحشی بن حرب کو حضرت حمزہؓ کے قتل پر کس نے مامور کیا؟
(ا) ابوجہل نے (ب) ہندہ زوجہ ابوسفیان نے (ج) ابولہب نے (د) ام جمیل اروئی نے

:65 آپ ﷺ نے کتنے تیراندازوں کو جبل رماۃ کے درے پر مامور کیا اور تاکید شدید کی کہ کسی صورت اپنی جگہ نہ چھوڑیں؟
(ا) ساٹھ تیراندازوں کو (ب) ستر تیراندازوں کو (ج) پچاس تیراندازوں کو (د) چالیس تیراندازوں کو

:66 درے پر مامور پچاس تیراندازوں کے سربراہ کا نام کیا تھا؟
(ا) حضرت یمانؓ (ب) حضرت انس بن نضرؓ (ج) کعبؓ بن مالک (د) عبداللہؓ بن جبیر

:67 درے یا گھاٹی پر مامور پچاس تیراندازوں نے رسول اللہ ﷺ کے حکم پر کیا کیا۔
(ا) انحراف کیا (ب) حکم کی تعمیل کی
(ج) آپس میں لڑنے لگے (د) الف' ب' ج تینوں نہیں

:68 درہ چھوڑ دینے پر کس مشرک سپہ سالار (اس وقت کے) نے درے یعنی عقبی گھاٹی سے حملہ کر دیا؟
(ا) وحشی بن حرب نے (ب) خالد بن ولید نے (ج) ابی بن کعب نے (د) کرز بن جابر فہری نے

:69 کس مشرکہ (اس وقت کی) نے حضرت حمزہؓ کا مثلہ کیا اور ان کا کلیجہ نکال کر چبایا؟ مگر نگل نہ سکی اور اگل دیا۔
(ا) ام جمیل اروئی نے (ب) سجاح بنت حارث نے (ج) ہندہ زوجہ ابوسفیان نے (د) ازاذ نے

:70 جنگ احزاب کس سنہ ہجری میں واقع ہوئی؟
(ا) تین ہجری (ب) دو ہجری (ج) چار ہجری (د) پانچ ہجری

www.downloadclassnotes.com

جوابات:

1:	ج	2:	الف	3:	د	4:	ج	5:	ب
6:	ج	7:	الف	8:	ج	9:	ب	10:	د
11:	الف	12:	ب	13:	ج	14:	د	15:	الف
16:	ب	17:	ج	18:	د	19:	الف	20:	ب
21:	ج	22:	د	23:	الف	24:	ب	25:	ج
26:	د	27:	الف	28:	ب	29:	ج	30:	د
31:	الف	32:	ب	33:	ج	34:	د	35:	الف
36:	ب	37:	ج	38:	د	39:	الف	40:	ب
41:	ج	42:	د	43:	الف	44:	ب	45:	ج
46:	د	47:	الف	48:	ب	49:	ج	50:	د
51:	الف	52:	ب	53:	ج	54:	د	55:	الف
56:	ب	57:	ج	58:	د	59:	الف	60:	ب
61:	ج	62:	د	63:	الف	64:	ب	65:	ج
66:	د	67:	الف	68:	ب	69:	ج	70:	د

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: حضور اکرم ﷺ کے والد، والدہ اور دادا کے نام بتلائیے:

O: حضور اکرم ﷺ کے والد کا نام عبداللہ، والدہ کا نام آمنہ اور دادا کا اصل نام شَیْبَۃُ الْحَمْد تھا لیکن وہ عبدالمطلب کے نام سے معروف تھے۔

2: حضور اکرم ﷺ کی تاریخ ولادت و وفات بتلائیے:

O: حضور اکرم ﷺ کی تاریخ ولادت 9 ربیع الاوّل 1 عام الفیل اور تاریخ وفات 12 ربیع الاوّل 11 ہجری ہے۔

3: 6 نبوی میں وہ کون سی دو عظیم شخصیات مسلمان ہوئی تھیں کہ جن کے قبولِ اسلام سے اسلام کو کافی تقویت ملی؟

O: i: حضرت حمزہؓ ii: حضرت عمر فاروقؓ

4: حضور اکرم ﷺ کو کتنا عرصہ شعب ابی طالب میں محصور رہنے پر مجبور کیا گیا؟

O: تین سال تک۔

5: عقبہ میں کتنی دفعہ اور کون کون سے سال میں بیعت ہوئی؟

O: اکثر علماء عقبہ میں دو دفعہ بیعت ہونے کے قائل ہیں؛ بیعت عقبہ اولیٰ 12 نبوی میں اور بیعت عقبہ ثانیہ 13 نبوی میں ہوئی۔ بعض علماء نے اِس سے قبل 11 نبوی میں مدینہ کے چھ افراد کے قبولِ اسلام کے واقعہ کو بھی بیعت شمار کیا ہے اور وہ عقبہ میں تین دفعہ بیعت کے قائل ہیں۔ بیعت عقبہ اولیٰ 11 نبوی، بیعت عقبہ ثانیہ 12 نبوی اور بیعت عقبہ ثالثہ 13 نبوی۔

6: کیا میثاقِ مدینہ کی دفعات صرف یہود سے متعلق تھیں؟

O: نہیں! میثاقِ مدینہ صرف یہود سے متعلق نہیں تھا؛ بلکہ میثاقِ مدینہ کی دفعات کو دو حصوں میں

تقسیم کیا جا سکتا ہے: ایک وہ دفعات کہ جو یہود اور دیگر قبائل سے متعلق تھیں اور دوسری وہ دفعات کہ جو مہاجرین و انصار کے باہمی تعلقات سے متعلق تھیں۔

:7 غزوۂ احد میں مشرکینِ مکہ کی تعداد کیا تھی اور اُن کے مقابلہ میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی؟

:O غزوۂ احد میں مشرکین مکہ کا لشکر تین ہزار افراد پر مشتمل تھا' جبکہ مسلمانوں کی تعداد صرف ایک ہزار تھی۔

:8 حضور اکرم ﷺ نے جن حکمرانوں کو خطوط لکھے' اُن میں سے کسی چار کے نام لکھیے:

:O
- :i شاہِ حبشہ (نجاشی): اصحمہ بن ابجر
- :ii شاہِ اسکندریہ (مقوقس): جریج بن متی
- :iii شاہِ فارس (کسریٰ): خسرو پرویز
- :iv شاہِ روم (قیصر): ہرقل

:9 خطبہ حجۃ الوداع کے کوئی سے دو نکات لکھیے:

:O :i اے لوگو! بے شک تمہارے خون اور تمہارے مال اور تمہاری عزتیں تم پر تمہارے ربّ سے ملنے تک ایسے ہی حرام ہیں کہ جیسے تمہارے اِس مہینے میں، تمہارے اِس شہر میں تمہارے اِس دن کی حرمت ہے۔

:ii خبردار! کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر اور کسی سرخ کو کسی سیاہ پر اور کسی سیاہ کو کسی سرخ پر تقوٰی کے سوا کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے۔

:10 حضور اکرم ﷺ کے صاحبزادوں اور صاحبزادیوں کی تعداد بتلایئے اور اُن کے نام لکھیے:

:O حضور اکرم ﷺ کے تین صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں تھیں۔ بعض لوگ صاحبزادوں کی تعداد بھی چار بتلاتے ہیں' لیکن یہ صرف غلط فہمی کا نتیجہ ہے۔ دراصل حضور اکرم ﷺ کے دوسرے صاحبزادے عبداللہ کے القاب طیّب اور طاہر سے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے صاحبزادوں کے نام قاسم، عبداللہ اور ابراہیم ہیں اور صاحبزادیوں کے نام حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ اور حضرت فاطمہؓ ہیں۔

:11 آپ ﷺ نے کہاں ظہور فرمایا؟

:O حضور اکرم ﷺ کا ظہور مکہ میں آپ ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب کے گھر ہوا۔

:12 آپ ﷺ کے والد عبداللہ اس وقت کہاں تھے؟

:O حضرت محمد مصطفٰی ﷺ کے والد گرامی حضرت عبداللہ آپ ﷺ کی ولادت باسعادت سے چار ماہ قبل ہی وفات پا چکے تھے۔

:13 آپ ﷺ کا نام احمد ﷺ کس نے تجویز کیا تھا؟

:O رسالت مآب ﷺ کا نام احمد ﷺ آپ ﷺ کی والدہ محترمہ حضرت بی بی آمنہ نے تجویز کیا۔

:14 آپ ﷺ کی مادر گرامی حضرت بی بی آمنہ کب فوت ہوئیں؟

:O حضور ﷺ سرور کائنات کی عمر مبارک اس وقت چھ سال تھی جب آپ ﷺ کی والدہ محترمہ اپنے سسر عبدالمطلب اور بیٹے محمد مصطفٰی ﷺ کے ساتھ ایک سفر سے واپسی پر بیمار ہو کر فوت ہو گئیں۔

:15 آپ ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے کب وفات پائی؟

:O آپ ﷺ کی والدہ کی وفات کے دو سال بعد جب آپ ﷺ کا سن مبارک آٹھ سال تھا تو آپ ﷺ کے شفیق دادا حضرت عبدالمطلب بھی اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے تب آپ ﷺ کی کفالت کی ذمہ داری آپ ﷺ کے چچا حضرت ابوطالب نے سنبھالی۔

:16 مشہور صاحب نظر عیسائی پادری بحیرہ راہب نے حضرت ابوطالب کو کیا مشورہ دیا؟

:O بحیرہ راہب نے حضرت ابوطالب سے کہا کہ اپنے بھتیجے کو مزید آگے نہ لے جائیں یہودی اسے نقصان پہنچا سکتے ہیں اس لیے کہ میں اس بچے میں علامات نبوت دیکھ رہا ہوں۔

:17 حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے بارے میں مختصراً لکھیے۔

www.downloadclassnotes.com

O: ام المؤمنین سیدہ خدیجہ الکبریٰؓ مکہ کے ایک معزز گھرانے کی خاتون تھیں تجارت میں آپ خصوصی تجربہ رکھتی تھیں اپنا مال مضاربت پر دیا کرتی تھیں۔ حضورﷺ ان کا مال لے کر تجارت کی غرض سے ملک شام گئے ساتھ حضرت خدیجہؓ کا غلام میسرہ بھی تھا۔ وہ مال بہت جلد فروخت ہو گیا اور منافع بہت ہوا۔

18: تجارت کے سفر کے دوران آپ ﷺ نے کس مقام پر آرام فرمایا؟

O: سفر کے دوران آپ ﷺ ایک مقام پر ایک درخت کے سائے میں آرام فرما ہوئے تو ایک راہب جو کسی قریبی خانقاہ میں سے دیکھ رہا تھا اس نے غلام میسرہ سے آپ ﷺ کے بارے میں دریافت کیا۔ میسرہ نے کہا مکے کا ہاشمی جوان ہے۔ راہب نطور نے کہا کہ اس درخت کے نیچے نبی کے علاوہ کوئی نہیں بیٹھا۔

19: غلام میسرہ نے سفر تجارت سے واپسی پر حضرت خدیجہؓ کو آنحضرت کے بارے میں کیا باتیں بتلائیں؟

O: غلام میسرہ نے حضرت خدیجہؓ کے سامنے حضورﷺ کی امانت' دیانت اور اخلاق کریمانہ کی بہت زیادہ تعریف کی اور راہب نطور کی کہی ہوئی بات بھی بتلائی۔

20: ام المؤمنین حضرت خدیجہ الکبریٰؓ اور آنحضرت ﷺ کی شادی کا حال مختصراً لکھیں۔

O: حضرت خدیجہؓ آپ ﷺ کو تجارت کا مال دے کر اس سے حاصل شدہ برکت کا مشاہدہ کر چکی تھیں اور اپنے غلام میسرہ کی زبانی بھی آنحضرت ﷺ کے اوصاف حمیدہ سن چکی تھیں چنانچہ اپنی سہیلی نفیسہ بنت منبہ کے ذریعے آپ ﷺ کی طرف پیغام بھیجا آپ ﷺ نے اپنے چچاؤں سے مشورہ کر کے شادی کا پیغام منظور کر لیا۔ آپ ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہؓ سے ہو گیا نکاح آپ ﷺ کے چچا حضرت ابوطالب نے پڑھایا۔

21: حضرت خدیجہؓ کی زندگی میں اور کتنی ازواج آنحضرت ﷺ کے حبالۂ عقد میں تھیں؟

O: حضرت خدیجہؓ کی وفات تک حضور اکرم ﷺ نے اور کسی عورت سے نکاح نہیں فرمایا تھا۔

22: خانہ کعبہ کی بوسیدہ عمارت کی نئے سرے سے تعمیر ہونے کے بعد کون سا مسئلہ کھڑا ہو گیا؟

O: خانہ کعبہ کی نئے سرے سے تعمیر کے بعد حجر اسود کی تنصیب کے لیے قبیلوں میں جھگڑا شروع ہو گیا چنانچہ حضور پاک ﷺ نے انتہائی حکیمانہ انداز میں یہ مسئلہ حل فرمایا۔ آپ ﷺ نے اپنی عبا بچھا کر حجر اسود اس پر رکھ کر تمام قبائل کے سرکردہ لوگوں کو مل کر چادر کے کونوں سے پکڑا کر اٹھوایا اور مختص جگہ پر پہنچوا کر آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود نصب فرما دیا۔

23: باوجود دشمنی اور مخالفت کے اہل عرب حضورﷺ کو کن القابات سے پکارتے؟

O: اعلان نبوت سے قبل بھی حضور اکرم ﷺ کی ہر معاملے میں صداقت و امانت مسلم تھی۔ اسی لیے آپ ﷺ کو صادق و امین کے القابات سے پکارا جاتا تھا۔

24: یہود و نصاریٰ بعثت نبوی ﷺ کے بارے میں کیا کہا کرتے تھے؟

O: یہودی اور عیسائی اپنی اپنی الہامی کتب میں موجود اشارات سے یہ معلوم کر چکے تھے کہ ایک نبی ظہور فرمانے والا ہے۔ یہودیوں کے احبار اور عیسائیوں کے رہبان ایک نبی کی آمد کا ذکر کیا کرتے تھے۔

25: عربوں میں نئے نبی کے نام کے بارے میں کیا بات معروف ہو گئی تھی؟

O: بعثت سے قبل ہی عرب میں آنے والے نبی کے بارے میں کافی چرچہ ہو چکا تھا۔ چنانچہ بعض افراد نے اپنے بیٹوں کے نام اسی خواہش میں ''محمد'' رکھے کہ شاید ہمارا بیٹا ہی نبی بن جائے۔ ان میں عثمان بن ربیعہ' سفیان بن مجاشع' اسامہ بن مالک' یزید بن ربیعہ وغیرہ نے اپنے اپنے بیٹوں کے نام محمد اسی خواہش میں رکھے۔

26: سورۃ الشعراء کی آیت 214 نازل ہونے پر حضورﷺ نے کوہ صفا پر چڑھ کر کیا کہا؟

O: آپ ﷺ نے کوہ صفا پر چڑھ کر ''یا صباحاہ'' کے لفظ کے ساتھ آواز لگائی۔ لوگ جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے لوگوں کو دین اسلام کی دعوت دی لیکن لوگوں کی اکثریت نے آپ ﷺ کے پیغام کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کر دیا۔

27: نبوت کے دسویں سال کو عام الحزن کیوں کہا جاتا ہے؟

:O نبوت کے دسویں سال آپ ﷺ کے شفیق چچا حضرت ابوطالب وفات پا گئے۔ ابوطالب نے تمام زندگی آپ ﷺ کا کارِ رسالت میں بھرپور ساتھ دیا اور آپ ﷺ کا دفاع کرتے رہے اور اسی سال آپ ﷺ رسالت مآب کی باوفا زوجہ ام المؤمنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ بھی آپ ﷺ کو داغِ مفارقت دے گئیں ان دونوں ہستیوں کی وفات آپ ﷺ کے لیے بہت بڑا صدمہ تھا اس لیے نبوت کے دسویں سال کو عام الحزن یعنی غم کا سال قرار دیا گیا۔

:28 طائف کے تبلیغی دورے کے دوران اہلِ طائف نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

:O مکہ سے تقریباً ساٹھ میل کے فاصلے پر آپ ﷺ زیدؓ بن حارثہ کے ساتھ اہلِ طائف کو تبلیغ کرنے تشریف لے گئے لیکن طائف والوں نے آپ ﷺ کے ساتھ بہت ہی برا سلوک کیا آپ ﷺ کے پیچھے اوباش لڑکے لگا دیئے جنہوں نے آپ ﷺ پر بہت پتھر برسائے جس کی وجہ سے آپ لہولہان ہو گئے مگر رحمت اللعالمین نے ان کے لیے ہدایت کی دعا کی۔

:29 حضور ﷺ پر قاتلانہ حملے کا منصوبہ کب اور کہاں تیار کیا گیا؟

:O 26 صفر المظفر 14 سال نبوی کو دارالندوہ میں قریش (کفارِ مکہ) کا اجلاس منعقد ہوا جس میں بہت سی تجاویز کے زیرِ غور آنے کے بعد بالآخر ابوجہل کی رائے پر اتفاق ہو گیا کہ تمام قبیلوں کا ایک ایک فرد منتخب کر کے یکبارگی آپ ﷺ پر حملہ کر دیا جائے۔

:30 ہجرت کے وقت مدینہ پہنچنے پر آنحضرت ﷺ نے کہاں قیام فرمایا؟

:O آپ ﷺ کی مدینہ تشریف آوری پر ہر کوئی چاہتا تھا کہ آپ ﷺ اس کے ہاں ٹھہریں مگر آپ ﷺ نے فرمایا جہاں میری اونٹنی بیٹھ جائے گی وہیں پر قیام ہو گا چنانچہ آپ ﷺ کی اونٹنی حضرت ابوایوبؓ انصاری کے گھر کے سامنے بیٹھ گئی اس لیے میزبانی کا شرف انہیں حاصل ہوا۔

:31 پہلی وحی آنے پر آپ ﷺ نے گھر آ کر ام المؤمنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ سے کیا کہا؟

:O سورۃ العلق کی پہلی پانچ آیات جو آپ ﷺ پر نازل ہوئیں وہ پہلی وحی تھی۔ آپ ﷺ گھر تشریف لے آئے اور ام المؤمنین خدیجۃ الکبریٰ سے فرمایا میں کچھ ضعف محسوس کر رہا ہوں 'مجھے چادر اوڑھا دو' مجھے چادر اوڑھا دو"۔

:32 سردارانِ مکہ کو اسلام کی پہلی دعوت پر آپ ﷺ کے استفسار پر کس نے آپ ﷺ کا ساتھ دینے کا وعدہ کیا؟

:O آپ ﷺ نے سردارانِ عرب کو دعوت میں جمع کیا اور اپنی دعوت پیش کی اور پھر آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کارِ رسالت میں تم میں سے کون میرا ساتھ دے گا جواب میں سب خاموش رہے اور صرف حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ہی ساتھ دینے کی یقین دہانی کرائی۔

:33 حبشہ کا بادشاہ اصحمہ نجاشی کیسا حکمران تھا؟

:O حبشہ کا بادشاہ نجاشی ایک عادل حکمران تھا یہ بات حضور ﷺ کو معلوم تھی اسی لیے مسلمانوں کے ایک قافلے کو حبشہ جانے کی اجازت دے دی گئی تھی۔ یہ قافلہ گیارہ مردوں اور چار عورتوں پر مشتمل تھا۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 10:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دئیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

:1 حضرت ابوبکر صدیقؓ کا قبولِ اسلام کے بعد رکھا گیا اصل نام بتلائیے:

(ا) عبداللہ (ب) عبدالرحمن (ج) صدیق (د) عتیق

:2 حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اسلام قبول کیا:

(ا) مردوں میں سب سے پہلے (ب) بچوں میں سب سے پہلے
(ج) غلاموں میں سب سے پہلے (د) مرد و عورت وغیرہ ہر ایک میں سب سے پہلے

:3 خلفائے اربعہ میں سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دعوت پر ایمان لائے:

(ا) حضرت عمر فاروقؓ (ب) حضرت عثمان غنیؓ
(ج) حضرت علی المرتضیٰؓ (د) مذکورہ بالا تینوں

4: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا دورِ خلافت:
(ا) 12 ربیع الاوّل 11ھ تا 22 جمادی الآخرہ 13ھ (ب) 22 جمادی الآخرہ 13ھ تا یکم محرم 24ھ
(ج) 3 محرم 24ھ تا 18 ذی الحج 35ھ (د) 19 ذی الحج 35ھ تا 17 رمضان المبارک 40ھ

5: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ہاتھ پر سب سے پہلے کس نے بیعت کی؟
(ا) حضرت عمر فاروقؓ نے (ب) حضرت عثمان غنیؓ نے
(ج) حضرت علی المرتضیٰؓ نے (د) حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے

6: حضور اکرم ﷺ نے جس لشکر کی تیاری کا حکم دیا تھا اور پھر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے وہ لشکر روانہ کیا' وہ لشکر کس کی قیادت میں روانہ کیا گیا تھا؟
(ا) حضرت علیؓ کی (ب) حضرت زید بن ثابتؓ کی
(ج) حضرت زید بن حارثہؓ کی (د) حضرت اسامہ بن زیدؓ کی

7: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں کس قبیلہ کے افراد نے زکوۃ دینے سے انکار کر دیا تھا؟
(ا) بنو اسد نے (ب) بنو غطفان نے (ج) بنو طے نے (د) مذکورہ تینوں قبائل نے

8: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں کس مدعی نبوت سے جنگ کی گئی؟
(ا) طلیحہ اسدی سے (ب) سجاح بنت حارث سے (ج) مسیلمہ کذاب سے (د) مذکورہ بالا تینوں سے

9: تدوین قرآن کے سلسلہ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں کیا خدمت سرانجام دی گئی؟
(ا) تحریری شکل دی گئی (ب) مصحف میں جمع کیا گیا
(ج) ایک قرأت پر جمع کیا گیا (د) اعراب و نقاط لگائے گئے

10: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں کس علاقہ میں فتوحات ہوئیں؟
(ا) عراق میں (ب) شام میں
(ج) عراق و شام دونوں میں (د) عراق و شام کے علاوہ کسی اور میں

11: حضرت ابوبکرؓ کے والد کا نام کیا تھا؟
(ا) خطاب (ب) عفان (ج) عوف (د) قحافہ

12: حضرت ابوبکرؓ نے توحید اور رسالت کے حق میں خطبہ دیا تو مشرکین نے کیا ردعمل ظاہر کیا؟
(ا) مار مار کر بے ہوش کر دیا (ب) خطبہ غور سے سنا
(ج) بہت تعریف کی (د) ایک اور خطبہ کی فرمائش کی

13: حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت میں کتنی طرح کے مرتدین پیدا ہوئے؟
(ا) دو طرح کے (ب) تین طرح کے (ج) ایک طرح کے (د) بہت زیادہ

14: حضور ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں ہی نبوت کا دعوٰی کرنے والے کا نام کیا تھا؟
(ا) مسیلمہ کذاب (ب) عینیہ (ج) اسود عنسی (د) سجاح

15: لقیط نے کس مقام سے نبوت کا دعوٰی کیا؟
(ا) مصر سے (ب) مکہ سے (ج) یمامہ سے (د) عمان سے

16: مکہ کے گورنر کا کیا نام تھا؟

(ا) عتابؓ بن اسید (ب) عثمان بن ابو العاص (ج) طاہر بن ابوہالہ (د) حضرت حذیفہؓ

17: ہرقل کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا قیصر روم بنا اس بیٹے کا نام کیا تھا؟

(ا) شیرویہ (ب) قسطنطین (ج) بازام (د) بابویہ

18: حضرت ابوبکرؓ کے دور میں قرآن کریم جمع کرنے میں کتنا عرصہ لگا؟

(ا) دو سال (ب) چھ ماہ (ج) تقریباً ایک سال (د) ڈھائی سال

19: حضرت ابوبکرؓ کے دور میں جمع کئے گئے قرآن مجید کا کیا نام تجویز کیا گیا؟

(ا) قرآن (ب) کلام اللہ (ج) صحیفہ (د) مصحف

20: جنگ یمامہ میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

(ا) پانچ سو سے چھ سو (ب) تین سو سے چار سو (ج) دو سے تین سو (د) چار سو سے پانچ سو

21: جنگ یمامہ میں کتنے کفار مارے گئے؟

(ا) آٹھ سے دس ہزار (ب) دس سے بارہ ہزار (ج) بارہ سے چودہ ہزار (د) دس سے گیارہ ہزار

22: فتح فراض میں فارس اور روم کے کتنے فوجی مارے گئے؟

(ا) پچاس ہزار (ب) اسی ہزار (ج) ایک لاکھ (د) ستر ہزار

23: ایرانی (فارسی) کمانڈر ہرمز کس مسلم سپہ سالار کے ہاتھوں مارا گیا؟

(ا) حضرت ابوعبیدہؓ ابن الجراح (ب) حضرت شرجیلؓ
(ج) حضرت اسامہؓ (د) حضرت خالدؓ بن ولید

24: بنو اسد، بنو غطفان اور بنو طے نے مشترکہ طور پر حضرت ابوبکرؓ سے کیا کہا؟

(ا) ہم زکوۃ نہیں دیں گے (ب) ہم آپ کی حکومت نہیں مانتے
(ج) ہم آپ سے جنگ کریں گے (د) ہم اپنی حکومت قائم کریں گے

25: جانشینی رسول ﷺ کا فیصلہ کس مقام پر انجام پایا؟

(ا) مسجد نبوی میں (ب) سقیفہ بنی ساعدہ میں (ج) مسجد الحرام مکہ میں (د) بیت المقدس میں

26: حضرت ابوبکرؓ کو کس نے خلیفہ نامزد کیا؟

(ا) حضرت ابوعبیدہؓ ابن الجراح نے (ب) حضرت سعدؓ بن عبادہ نے
(ج) حضرت عمرؓ ابن خطاب نے (د) حضرت عبدالرحمانؓ ابن عوف نے

27: خلیفہ اوّل حضرت ابوبکرؓ کو خلیفۃ الرسول کا لقب کس نے عطا کیا؟

(ا) حضرت عمرؓ بن خطاب نے (ب) حضرت عثمان غنیؓ نے
(ج) حضرت ابوعبیدہؓ ابن الجراح نے (د) خود اختیار کیا

28: مسیلمہ کذاب کا لشکر پسپا ہوا تو مسیلمہ نے کہاں پناہ لی؟

(ا) باغ حدیقۃ الموت میں (ب) اپنے آستانے میں
(ج) اپنے مرید رجال بن عنفوہ کے گھر (د) پہاڑوں میں

29: حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کتنے سال اور کتنے ماہ پر محیط ہے؟

(ا) 21 جمادی الثانی 13 ہجری (ب) 22 جمادی الثانی 13 ہجری
(ج) 23 جمادی الثانی 13 ہجری (د) 24 جمادی الثانی 13 ہجری

30: حضرت ابوبکرؓ کی وفات کس سنہ ہجری میں ہوئی؟

(ا) یکم ربیع الاوّل 12 ہجری (ب) جمادی الاوّل 11 ہجری

(ج) 22 جمادی الثانی 13 ھجری (د) صفر 14 ہجری

جوابات:

:1	الف	:2	الف	:3	ب	:4	الف	:5	الف
:6	د	:7	د	:8	د	:9	ب	:10	ج
:11	د	:12	الف	:13	ب	:14	ج	:15	د
:16	الف	:17	ب	:18	ج	:19	د	:20	الف
:21	ب	:22	ج	:23	د	:24	الف	:25	ب
:26	ج	:27	د	:28	الف	:29	ب	:30	ج

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

:1 حضرت ابوبکر صدیقؓ کا نام، کنیت اور القاب ذکر کیجئے:

:O آپؓ کا نام پیدائش کے وقت عبدالکعبہ رکھا گیا، قبولِ اسلام کے بعد حضور اکرم ﷺ نے آپؓ کا نام عبداللہ رکھ دیا۔ کنیت ابوبکر اور القاب صدیق و عتیق تھے۔

:2 قبولیتِ اسلام میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کیا امتیاز حاصل ہے؟

:O آپؓ مردوں میں سب سے پہلے اسلام لائے۔

:3 کوئی سے چار ایسے صحابہ کرامؓ کے نام بتلائیے کہ جنہوں نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دعوت پر اسلام قبول کیا:

:O i: حضرت عثمان غنیؓ ii: حضرت زبیر بن عوامؓ

iii: حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ iv: حضرت سعد بن ابووقاصؓ

:4 حضور اکرم ﷺ کی وفات کے بعد انصار کس کو خلیفہ بنانا چاہ رہے تھے؟

:O حضرت سعد بن عبادہؓ کو۔

:5 حضرت ابوبکر صدیقؓ کو خلافت سنبھالتے ہی کن چار بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

:O i: جیشِ اسامہؓ کی روانگی کا مسئلہ ii: منکرینِ زکوٰۃ کا مسئلہ

iii: جھوٹے مدعیانِ نبوت کا مسئلہ iv: دیگر مرتدین کا مسئلہ

:6 عہدِ صدیقیؓ میں منکرینِ زکوٰۃ کی سرکوبی کے لئے کس کی قیادت میں لڑائی ہوئی؟

:O خود حضرت ابوبکر صدیقؓ کی قیادت میں۔

:7 عہدِ صدیقیؓ میں جھوٹے مدعی نبوت طلیحہ اسدی کو شکست دینے والا لشکر کس کی قیادت میں تھا؟

:O حضرت خالد بن ولیدؓ کی قیادت میں۔

:8 عہدِ صدیقیؓ میں جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کو شکست دینے والا لشکر کس کی قیادت میں تھا؟

:O حضرت خالد بن ولیدؓ کی قیادت میں۔

:9 مسیلمہ کذاب کو کن دو صحابہ کرامؓ نے قتل کیا تھا؟

:O حضرت وحشی بن حربؓ نے بھالا مارا تھا اور حضرت ابو دجانہ سماک بن خرشہؓ نے تلوار سے وار کیا تھا۔

:10 حضرت ابوبکر صدیقؓ کی مہر پر کیا الفاظ لکھے تھے؟

:O **نعم القادر اللہ۔**

www.downloadclassnotes.com

11: حضرت ابوبکرؓ کے والد کا کیا نام تھا اور ان کا آبائی پیشہ کیا تھا؟

O: حضرت ابوبکرؓ کے والد کا نام ابوقحافہ تھا ان کا آبائی کام کپڑا بننا اور بیچنا تھا حضرت ابوبکرؓ کے والد نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔

12: حضرت ابوبکرؓ صدیق نے خانہ کعبہ میں کھڑے ہوکر کیا کہا؟

O: خلیفہ اوّلؓ نے خانہ کعبہ میں کھڑے ہوکر توحید اور رسالت محمدی ﷺ کے متعلق خوبصورت خطبہ دیا۔ یہ اسلام میں دیا گیا پہلا خطبہ تھا مشرکین مکہ نے اس خطبہ کی وجہ سے آپؓ کو مار مار کر بے ہوش کر دیا۔

13: صلح حدیبیہ پر جید صحابہؓ نے کیا ردعمل دیا؟

O: صلح حدیبیہ پر جید صحابہؓ نے دستاویز صلح نامہ پر محمد ﷺ رسول اللہ لکھنے پر کہا کہ ہم آپ کو (معاذ اللہ) رسول مانتے ہی نہیں لہٰذا محمد ابن عبداللہ لکھ دیا گیا رسول اللہ ﷺ کے اس عمل پر صحابہؓ نے سخت برہمی کا اظہار کیا تب حضرت ابوبکرؓ نے انہیں مطمئن کیا۔

14: سقیفہ بنی ساعدہ میں منعقدہ اجلاس کس مقصد کے تحت ہوا؟

O: مسلمانوں کی تاریخ کے مطابق رسول خدا ﷺ نے اپنا جانشین کسی کو مقرر نہیں کیا تھا لہٰذا جمہور امت نے بعد رسول ﷺ کسی ہادی کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے سقیفہ بنی ساعدہ میں جانشین رسول ﷺ خدا چننے کے لیے یہ اجلاس منعقدہ کیا اور پھر تھوڑی سی بحث و تمحیص کے بعد حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو خلیفۃ المسلمین نامزد کر دیا۔

15: خلافت کے بارے میں بنو ہاشم کا نقطہ نظر کیا تھا؟

O: بنو ہاشم اور ان کے ہم خیال یہ سمجھتے تھے کہ رسول خدا ﷺ کے وصال کے بعد مسند خلافت کے سب سے زیادہ اہل حضرت علیؓ تھے چنانچہ وہ تمام لوگ خانۂ سیدہ فاطمۃ الزہرہ میں جمع ہوئے یہ سب حضرت علی کو خلیفہ بنانا چاہتے تھے۔

16: ہجرت مدینہ کے سفر میں آپ ﷺ کے ساتھ کون تھے؟

O: مکہ سے آپ ﷺ نے جب مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی تو حضرت ابوبکرؓ نے آپ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کی رفاقت میں ہجرت کی۔

17: حضرت ابوبکرؓ نے حضرت علیؓ سے کہا اے علیؓ آپ میری خلافت کو ناپسند کرتے ہیں؟ تو حضرت علی نے کیا جواب دیا؟

O: حضرت علیؓ نے فرمایا: میں نے قسم کھائی ہے کہ جب تک قرآن جمع نہ کرلوں نماز کے علاوہ اپنی چادر بھی نہ اوڑھوں گا۔

18: حضرت ابوبکرؓ نے مسند خلافت پر بیٹھ کر خطبہ دیا مختصراً لکھیں۔

O: آپؓ نے فرمایا: ''امابعد'' اے لوگو! پس بے شک مجھے تم پر حاکم بنایا گیا ہے حالانکہ میں تم میں سے بہتر نہیں ہوں۔ پس جب میں ٹیڑا ہو جاؤں تو مجھے سیدھا کردو۔ سچائی امانت ہے اور جھوٹ خیانت ہے۔

19: رسول ﷺ خدا نے جنگ موتہ کے شہدا کا بدلہ لینے کے لیے کس کی سربراہی میں لشکر تشکیل دیا؟

O: آپ ﷺ نے زید بن حارثہ کے بیٹے اسامہ بن زیدؓ کی سربراہی میں ایک لشکر تشکیل دیا تاکہ شہدا کا بدلہ لیا جائے اس لشکر میں جس کے امیر اسامہ بن زید تھے۔ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور دیگر تمام جید صحابہؓ شامل تھے۔ اسے جیش اسامہ کا نام دیا گیا تھا۔

20: کیا لشکر اسامہ نے جنگ موتہ کی شکست کا بدلہ لیا؟

O: روائیت کے مطابق ابھی یہ لشکر مدینہ کے مضافات میں مقام جرف تک ہی پہنچا تھا کہ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا اور وہ لشکر واپس آ گیا۔

21: حضرت ابوبکرؓ کے دور خلافت کے آغاز میں ہی فتنہ ارتداد پیدا ہوا مختصراً بیان کریں۔

O: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں تین طرح کے مرتدین پیدا ہوئے۔ منکرین زکوٰۃ، مدعین نبوت اور دیگر مرتدین۔

22: زکوٰۃ کی ادائیگی سے انکار کرنے والے قبائل کون کون سے تھے؟

O: حضور ﷺ کی وفات کے بعد بنو اسد، بنو عطفان اور بنو طے نے زکوٰۃ کی ادائیگی سے صاف انکار کردیا وہ تینوں قبائل حضور ﷺ کی وفات کے بعد زکوٰۃ کو ایک ٹیکس خیال کرتے تھے۔

23: مانعین زکوٰۃ کے متعلق صحابہ کرامؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو کیا مشورہ دیا؟

O: صحابہ کرامؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو یہ مشورہ دیا کہ یہ لوگ صرف زکوٰۃ کا ہی انکار کر رہے ہیں ایمان سے تو منکر نہیں ہوئے ہیں لہٰذا فی الحال انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے مگر حضرت ابوبکرؓ نہ مانے۔

24: اسود عنسی کون تھا اور اس نے کیا دعویٰ کیا؟

O: اسود عنسی کا اصل نام عبہلہ بن کعب جو کہف حنان یمن کا رہنے والا تھا۔ اسود عنسی نے حضور ﷺ کی حیات طیبہ میں ہی نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا۔

25: اسی دور کے ایک اور کذاب طلیحہ اسدی نے بھی نبوت کا دعویٰ کیا تھا' مختصراً بیان کریں۔

O: طلیحہ بن خویلد الاسدی نے بھی آپ ﷺ کی زندگی میں ہی نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ حضور ﷺ نے حضرت ضرار بن الازور کو اس کی سرکوبی کے لیے بھیجا۔ مگر وہ بچ نکلنے میں کامیاب ہو گیا اور بالآخر تائب ہو کر مسلمان ہو گیا۔

26: مسیلمہ کذاب کون تھا اور اس کا کیا انجام ہوا؟

O: یمامہ کے علاقے میں اس نے نبوت کا دعویٰ کیا حضرت ابوبکرؓ نے حضرت خالدؓ بن ولید کو مسیلمہ کی سرکوبی کے لیے بھیجا اور مسیلمہ کذاب اسی معرکہ میں ہلاک ہو گیا۔

27: عہد حضرت ابوبکرؓ میں جمع و تدوین قرآن کے بارے میں مختصراً لکھئے۔

O: حضور اکرم ﷺ کے دور میں اگرچہ مکمل قرآن حکیم تحریری شکل میں آ چکا تھا لیکن ابھی تک باقاعدہ ایک نسخہ میں مرتب نہ تھا۔ اس مقصد کے لیے زید بن ثابت کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی اور کام شروع ہو گیا اس طرح قرآن حکیم کو کتابی شکل میں جمع کرنے کا کام ایک سال میں مکمل ہوا اور اس نسخہ کا نام "مصحف" رکھا گیا۔

28: حضرت ابوبکرؓ کی وفات کا سبب کیا تھا؟

O: حضرت ابوبکرؓ کی وفات کے بارے میں ایک روائیت کے مطابق یہ ہوا کہ یہود نے آپؓ کو زہر آلود چاول کھلا دیئے تھے اور دوسری روائیت کے مطابق آپؓ کی وفات سردی میں نہانے کی وجہ بخار ہونے سے ہوئی۔

29: منصب خلافت سنبھالنے پر حضرت ابوبکرؓ کی تنخواہ (وظیفہ) کتنی مقرر ہوئی؟

O: خلافت کے امور کی نگرانی میں معروفیت کی وجہ سے تجارت سے کنارہ کشی ضروری تھی اور گھریلو اخراجات کے لیے تنخواہ ضروری ہو چکی تھی۔ چنانچہ حضرت ابوبکرؓ کا بیت المال سے چھ ہزار درہم سالانہ تنخواہ مقرر ہوئی۔

30: حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں محکمہ بیت المال کا انچارج کون تھا؟

O: طبقات ابن سعد کی روائیت میں یہ ذکر موجود ہے کہ آپؓ کے دور میں محکمہ بیت المال قائم کر دیا گیا تھا اور حضرت ابوعبیدہؓ کو محکمہ بیت المال کا انچارج بنایا گیا تھا۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 11:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: حضرت عمر فاروقؓ کا شجرہ حضور اکرم ﷺ سے ملتا ہے:

(ا) عدنان پر (ب) مرّہ پر (ج) کعب پر (د) فہر پر

2: حضرت عمر فاروقؓ کا دور خلافت:

(ا) 12 ربیع الاوّل 11ھ تا 22 جمادی الآخرہ 13ھ (ب) 22 جمادی الآخرہ 13ھ تا یکم محرم 24ھ
(ج) 3 محرم 24ھ تا 18 ذی الحج 35ھ (د) 19 ذی الحج 35ھ تا 17 رمضان المبارک 40ھ

3: وہ کون سے صحابی تھے کہ جن کے قبولِ اسلام کے بعد مسلمانوں نے خانہ کعبہ میں باجماعت نماز کی ادائیگی شروع کی۔

(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمر فاروقؓ (ج) حضرت عثمان غنیؓ (د) حضرت علی المرتضیٰؓ

4: فارس (ایران) کا وہ کون سا بادشاہ تھا کہ جس نے مسلمانوں کے وفد کو مٹی کا ایک ٹوکرا تضحیک کے طور پر دیا تھا' لیکن مسلم وفد نے کہا کہ اس

نے خود اپنی زمین ہمارے حوالے کر دی ہے۔

(ا) خسرو پرویز (ب) اردشیر (ج) بوران دخت (د) یزدجر

5: ایران کا وہ کون سا مشہور پہلوان تھا کہ جس نے کہا تھا کہ اگر آج خدا نے نہ بھی چاہا' تو بھی میں عربوں کو تباہ کر دوں گا' لیکن پھر خود ہلاک ہو گیا۔

(ا) رستم (ب) سہراب (ج) اسفندیار (د) بہرام

6: فارسیوں (ایرانیوں) کا وہ کون سا شہر تھا کہ جس میں اُنہوں نے ایک بہت بڑا شیر پال رکھا تھا کہ جو دشمنوں پر جھپٹتا۔ ہاشم بن عتبہ نے ایک ہی وار میں اُس کا کام تمام کر دیا۔

(ا) نہمشیر (ب) نہرشیر
(ج) بہرسیر (د) تینوں ایک ہی شہر کے نام ہیں

7: فارس (ایران) کا وہ کون سا شہر تھا کہ جو صرف مسلمانوں کے دریا میں گھوڑے دوڑانے کے رعب سے ہی فتح ہو گیا؟

(ا) جلولاء (ب) مدائن (ج) بویب (د) حلوان

8: عہدِ فاروقیؓ میں وہ کون سا معرکہ تھا کہ جس میں تین صحابی ایک دوسرے کی طرف پانی بھیجتے ہوئے ایثار کی عظیم مثال قائم کر کے پیاسے ہی شہید ہو گئے؟

(ا) یرموک (ب) قادسیہ (ج) نہاوند (د) مدائن

9: حضرت عمر فاروقؓ کے قاتل کا نام بتلائیے:

(ا) عبدالرحمٰن بن ملجم (ب) ابولؤلو فیروز (ج) برک بن عبداللہ (د) عمرو بن بکر

10: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں نظامِ پولیس قائم کیا گیا تھا۔ بتلائیے پولیس انسپکٹر کو کیا کہا جاتا تھا؟

(ا) صاحب الدیوان (ب) صاحب الحرب (ج) صاحب الاحداث (د) صاحب الامن

11: قیامت کے روز سب سے پہلے سوال کیا جائے گا:

(ا) حج کے بارے میں (ب) زکوٰۃ کے بارے میں
(ج) نماز کے بارے میں (د) روزے کے بارے میں

12: حج کی کتنی قسمیں ہیں؟

(ا) دو (ب) چار (ج) ایک (د) تین

13: حضور اکرم ﷺ کی نبوت کو کس علاقے کے بادشاہ نے تسلیم کیا؟

(ا) حبشہ کے بادشاہ (ب) فارس کے بادشاہ (ج) روم کے بادشاہ (د) مصر کے بادشاہ

14: موت کا فرشتہ ہے:

(ا) جبرائیلؑ (ب) عزرائیلؑ (ج) میکائیلؑ (د) اسرافیلؑ

15: حضرت عمرؓ نے کس صحابی کو اپنا کاتب (سیکرٹری) مقرر کر رکھا تھا؟

(ا) مروان بن حکم کو (ب) براء بن عازبؓ کو (ج) عبداللہ بن ارقم کو (د) قیس بن سعدؓ کو

16: حضرت عثمانؓ نے کسے اپنا کاتب (سیکرٹری) مامور کر رکھا تھا؟

(ا) بدیل بنؓ ورقاء (ب) حکیم بنؓ حزام (ج) زید بنؓ حارث (د) مروان بن حکم

17: کس معرکے میں یکے بعد دیگرے تین سپہ سالار: حضرت جعفرؓ طیار' حضرت عبداللہؓ بن رواحہ' حضرت زید بن حارثہؓ شہید ہوئے؟

(ا) معرکۂ موتہ (ب) جنگ یمامہ (ج) جنگ سلاسل (د) جنگ قادسیہ

18: حضرت عمرؓ ابن خطاب کو کس نے خلیفہ نامزد کیا؟

(ا) ابوعبیدہؓ ابن الجراح نے (ب) حضرت ابوبکرؓ ابن قحافہ نے

(ج) حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے (د) حضرت خالدؓ بن ولید نے

19: خلیفہ نامزد ہونے سے پہلے حضرت ابوبکرؓ صدیق کا ذریعہ معاش کیا تھا؟
(ا) کھیتی باڑی (ب) مویشی پالنا (ج) کپڑا بننا اور بیچنا (د) کھجور کا کاروبار

20: قبل از اسلام کون سے خلفۃ المسلمین عکاظ کے میلے میں کشتی لڑا کرتے تھے؟
(ا) حضرت عثمانؓ (ب) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ج) حضرت علیؓ (د) حضرت عمر فاروقؓ

21: قبول اسلام والے دن حضرت عمر فاروقؓ کس کے قتل کے ارادے سے گھر سے نکلے؟
(ا) آنحضرت محمد مصطفیٰؐ کے (ب) حضرت علیؓ کے
(ج) حضرت ابوطالبؓ کے (د) حضرت ابن عباسؓ کے

22: حضرت عمر کا تعلق قریش کے کس قبیلے سے تھا؟
(ا) بنو اسد (ب) قبیلہ بنو عدی (ج) بنو غطفان (د) بنو تمیم

23: حضرت عمرؓ نے اپنی پہلی دو بیویوں کو طلاق دینے کے بعد کس سے شادی کی؟
(ا) رقیہ سے (ب) ہالہ (ج) جمیلہ بنت ثابت (د) نائلہ

24: کرمان، سیستان اور مکران کس سنہ ہجری میں فتح ہوئے؟
(ا) 20 ہجری (ب) 21 ہجری (ج) 19 ہجری (د) 23 ہجری

25: حضرت عمرؓ نے حرم کعبہ اور مسجد نبوی ﷺ میں توسیع کس سن میں کی؟
(ا) 17 ہجری (ب) 16 ہجری (ج) 18 ہجری (د) 15 ہجری

26: خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کی موت کس طرح واقع ہوئی؟
(ا) کسی جنگ میں شہید ہوئے (ب) ابولولو فیروز نے قتل کیا
(ج) بیمار ہو کر فوت ہوئے (د) زہر دیا گیا

27: حضرت عمرؓ کس قسم کے مزاج کے مالک تھے؟
(ا) نرم دل (ب) سخی (ج) تندخو سخت مزاج (د) تینوں میں کوئی نہیں

28: مقریزی کی روائت کے مطابق عرب میں سب سے پہلے سکہ کس نے چلوایا؟
(ا) حضرت ابوبکرؓ نے (ب) حضور ﷺ نے (ج) حضرت عثمانؓ نے (د) حضرت عمرؓ نے

29: عیسائیوں نے ابوعبیدہؓ ابن الجراح سے مل کر حضرت عمرؓ کو کہاں بلوایا؟
(ا) بیت المقدس (ب) انطاکیہ دار الحکومت روم (ج) اسکندریہ (د) مصر

30: حضرت عمرؓ کی وفات کس اسلامی مہینہ اور کس سنہ ہجری میں ہوئی؟
(ا) 20 محرم 21 ہجری (ب) یکم محرم 24 ہجری (ج) 24 محرم 22 ہجری (د) 4 محرم 23 ہجری

جوابات:

:1	ج	:2	ب	:3	ب	:4	د	:5	الف
:6	د	:7	ب	:8	الف	:9	ب	:10	ج
:11	ج	:12	د	:13	الف	:14	ب	:15	ج
:16	د	:17	الف	:18	ب	:19	ج	:20	د
:21	الف	:22	ب	:23	ج	:24	د	:25	الف
:26	ب	:27	ج	:28	د	:29	الف	:30	ب

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: حضرت عمر فاروقؓ نے کس سال اسلام قبول کیا؟

O: 6 نبوی میں۔

2: حضرت عمر فاروقؓ نے کس غزوہ میں اپنے کس قریبی مشرک عزیز کو قتل کر دیا تھا؟

O: غزوہ بدر میں اپنے ماموں عاص بن ہشام کو قتل کر دیا تھا۔

3: حضرت عمر فاروقؓ نے اپنی کون سی دو بیویوں کو طلاق دے دی تھی اور کیوں؟

O: قریبہ اور ام کلثوم کو اسلام قبول نہ کرنے کی وجہ سے طلاق دے دی تھی۔

4: حضور اکرم ﷺ کی وفات پر حضرت عمر فاروقؓ کا کیا ردِ عمل تھا؟

O: وفات کے صدمہ اور غم کی شدت سے سخت جذباتی ہو گئے تھے اور تلوار نکال کر کھڑے ہو گئے تھے کہ جو کہے گا کہ محمد (ﷺ) فوت ہو گئے ہیں، میں اُس کی گردن اُڑا دوں گا۔

5: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں ہونے والی عراق عرب کی بعض فتوحات ذکر کیجئے:

O: فتح نمارق، فتح بویب، فتح قادسیہ، فتح بابل، فتح نہر شیر، فتح مدائن، فتح جلولاء، فتح حلوان۔

6: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں ہونے والی عراق عجم کی بعض فتوحات ذکر کیجئے:

O: فتح نہاوند، فتح اصفہان، فتح ہمدان، فتح رے۔

7: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں ہونے والی عراق عرب و عجم کے علاوہ فارس کے زیر تحت دیگر علاقوں کی بعض فتوحات ذکر کیجئے:

O: فتح جزیرہ، فتح آذربائیجان، فتح طبرستان، فتح آرمینیہ، فتح خراسان۔

8: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں ہونے والی شام کی بعض فتوحات ذکر کیجئے:

O: فتح دمشق، فتح حمص، فتح یرموک، فتح انطاکیہ، فتح بیت المقدس۔

9: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں ہونے والی مصر کی بعض فتوحات ذکر کیجئے:

O: فتح فرما، فتح فسطاط، فتح اسکندریہ۔

10: حضرت عمر فاروقؓ کے انتظام سلطنت سے متعلق کوئی سے دو نکات تحریر کریں:

O: i: عہدِ فاروقیؓ میں حاکمیتِ اعلیٰ اور اقتدارِ اعلیٰ اللہ رب العزت ہی کے لئے تسلیم کیا گیا تھا۔

ii: حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے عہد میں تمام اضلاع میں عدالتیں قائم کیں اور قاضی مقرر کئے اور اس طرح ایک اچھا عدالتی نظام قائم کیا۔

11: حضرت عمرؓ کے والد کا کیا نام تھا؟ اور انہوں نے اسلام قبول کیا؟

O: حضرت عمرؓ کے والد کا نام خطاب بن نفیل تھا اور کسی روایت سے ثابت نہیں کہ خطاب بن نفیل نے اسلام قبول کیا تھا۔

12: عکاظ کے میلے میں حضرت عمرؓ کیا کرتے تھے؟

O: نوجوانی میں اونٹ چرائے اور فن پہلوانی کا شوق رکھتے تھے۔ عرب کے مشہور سالانہ میلے عکاظ میں کشتی لڑا کرتے تھے۔

13: حضرت عمرؓ کے قبول اسلام کا واقعہ مختصراً لکھئے۔

O: حضرت عمرؓ گھر سے آپ ﷺ کے قتل کے ارادے سے نکلے راستے میں کسی دوسرے شخص نے آپؓ کی بہن اور بہنوئی کے مسلمان ہونے کی اطلاع دی حضرت عمرؓ غصے میں بہن کے گھر پہنچے اس وقت حضرت عمرؓ کی بہن قرآن پاک کی سورہ طٰہٰ کی تلاوت کر رہی تھیں آپؓ پر اثر ہوا اور آپؓ نے اسلام قبول کر لیا۔

14: حضرت عمرؓ نے اپنی دو بیویوں کو طلاق کیوں دی؟

O: حضرت عمرؓ کی دو بیویاں تھیں قریبہ اور کلثوم دونوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا آپؓ نے خود اسلام قبول کر کے دونوں کو طلاق دے دی اور

www.downloadclassnotes.com

حضرت جمیلہؓ بنت ثابت سے نکاح کیا۔

15: سقیفہ بنی ساعدہ میں حضرت عمرؓ کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

O: سقیفہ کی بگڑتی ہوئی صورت حال پر قابو پانے کے لیے حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لے گئے اس وقت رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین نہیں ہوئی تھی آپ ﷺ نے سقیفہ پہنچ کر جلدی سے حضرت ابوبکرؓ کی بیعت کر لی جس سے حالات کا رخ تبدیل ہو گیا۔

16: حضرت عمرؓ ابن خطاب کو خلیفہ کس نے نامزد کیا؟

O: 22 جمادی الثانی 13 ہجری کو حضرت ابوبکرؓ کا انتقال ہوا حضرت ابوبکرؓ ابن قحافہ نے وفات سے قبل ہی حضرت عمرؓ ابن خطاب کو خلیفہ نامزد کر دیا تھا۔ چنانچہ اسی روز سے حضرت عمرؓ کی خلافت کا آغاز ہوا۔

17: حضرت عمرؓ کی مدت خلافت کتنی ہے؟

O: حضرت عمرؓ 22 جمادی الثانی 13 ہجری کو خلیفہ بنے اور یکم محرم 24 ہجری کو آپؓ ابولولو فیروز کے ہاتھوں زخمی ہونے کی وجہ سے فوت ہو گئے اس طرح آپؓ کی مدت خلافت تقریباً گیارہ سال ہے۔

18: حضرت عمرؓ نے اپنے بیٹے کو کیا سزا دی اور اس کا جرم کیا تھا؟

O: خلیفہ دوم کا بیٹا ابو شحمہ شراب نوشی کے جرم میں گرفتار ہوا تو حضرت عمر نے اپنے ہاتھ سے اسے 80 کوڑے لگائے۔

19: انتظامی امور میں آسانی کے لیے حضرت عمرؓ نے مملکت عرب کو کتنے صوبوں میں تقسیم کیا؟

O: حضرت عمرؓ نے 20 ہجری میں مملکت عرب کو آٹھ الگ الگ صوبوں میں تقسیم کیا جن میں ''مکہ، مدینہ، شام، جزیرہ، بصرہ، کوفہ، مصر اور فلسطین کے علاقوں کا ذکر تاریخ میں درج ہے۔

20: فوجی نظام کے حوالے سے خلیفہؓ دوم نے کیا اقدامات کئے؟

O: حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں فوج کو بہت منظم کیا ''جند'' کے نام سے باقاعدہ بڑے بڑے فوجی مراکز قائم کئے فوجیوں کی درجہ بدرجہ تنخواہیں مقرر کی گئیں۔

21: حضرت عمرؓ نے پولیس کے محکمے کا آغاز کیا اسے کیا کہا جاتا تھا؟

O: آپؓ کے دور میں ''احداث'' کے نام سے پولیس کا محکمہ قائم کیا گیا اور پولیس انسپکٹر کو ''صاحب الاحداث'' کہا جاتا تھا۔

22: حضرت عمرؓ کے دور میں بیت المال کا سربراہ کون تھا؟

O: آپؓ کے دور میں مدینہ منورہ میں مرکزی بیت المال قائم کیا گیا اور یہاں حضرت عبداللہ بن ارقم کو افسر خزانہ مقرر کیا۔ دوسرے صوبوں میں بھی بیت المال قائم کئے گئے۔

23: تعلیم کے حوالے سے آپؓ کی کیا خدمات ہیں؟

O: حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں تعلیم کو بھی بہت ترقی دی مختلف اضلاع میں قرآن، حدیث اور فقہ وغیرہ کی تعلیم کے لیے علما مقرر کئے گئے تھے اور وہاں متعین معلمین کی تنخواہیں مقرر کی گئی تھیں۔

24: حضرت عمرؓ نے بحیثیت خلیفہ اپنی مہر بنوائی؟

O: حضرت عمرؓ نے بحیثیت خلیفہ اپنی مہر بنوائی تھی علامہ ابن کثیر کے مطابق اس مہر پر یہ تحریر کندہ تھی۔ ''کفیٰ بالموت واعظا یا عمرؓ''۔

25: حضرت عمرؓ کے دور میں وسعت حرم شریف کب ہوئی؟

O: 17 ہجری میں حضرت عمرؓ نے حرم کی عمارت کو وسیع کیا اس طرح کہ حرم کے اردگرد کے مکانات خرید کر اس سے حاصل ہونے والی زمین کو حرم کی عمارت میں شامل کر لیا گیا حضرت عمرؓ کے دور سے قبل حرم کی چاردیواری نہیں تھی۔

26: مسجد نبوی کی توسیع کب ہوئی؟

O: 17 ہجری ہی میں مسجد نبوی کو بھی وسیع کر دیا گیا یہاں بھی اردگرد کے مکانات خریدے گئے اور ان سے حاصل ہونے والی زمین کو مسجد نبوی میں شامل کر دیا گیا۔

27: ابولولو فیروز نے حضرت عمرؓ سے کیا اپیل کی؟

O: ابولولو فیروز جو مغیرہ بن شعبہ کا غلام تھا ایک روز حضرت عمرؓ سے کہنے لگا کہ مغیرہ سے میری سفارش کیجئے کہ مجھ سے محصول کم لیا کرے حضرت عمر کے استفسار پر ابولولو نے کہا کہ وہ دو درہم روزانہ وصول کرتا ہے۔

28: حضرت عمر نے ابولولو فیروز کو کیا جواب دیا؟

O: آپؓ نے ابولولو سے کہا کہ تمہارے پیشے اور آمدن کے حساب سے تمہارا اخراج زیادہ نہیں ہے اور پھر اسے اپنے لیے چکی بنانے کا آرڈر دیا۔

29: جب ابولولو فیروز نے حضرت عمرؓ پر حملہ کیا تو آپؓ کیا کر رہے تھے؟

O: حضرت عمرؓ اس وقت نماز پڑھا رہے تھے ابولولو فیروز نے خنجر سے متعدد وار کئے ایک وار ناف کے نیچے لگا جس سے آپؓ کی وفات ہوئی۔

30: حضرت عمرؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

O: آپؓ کی نماز جنازہ حضرت صہیب رومی نے پڑھائی آخری ایام میں نمازوں کی امامت بھی آپؓ نے انہی کے ذمہ لگائی تھی۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 12:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: حضرت عثمان غنیؓ کا تعلق تھا:

(ا) بنو ہاشم سے (ب) بنو تیم سے (ج) بنو عدی سے (د) بنو امیہ سے

2: حضور اکرم ﷺ کی کتنی بیٹیاں حضرت عثمان غنیؓ کے نکاح میں آئیں؟

(ا) صرف ایک بیٹی (ب) دو بیٹیاں (ج) تین بیٹیاں (د) کوئی بھی نہیں

3: حضرت عثمان غنیؓ نے کتنی ہجرتوں میں شرکت کی؟

(ا) ایک ہجرت میں (ب) دو ہجرتوں میں (ج) تین ہجرتوں میں (د) کسی ہجرت میں بھی نہیں

4: غزوۂ بدر کے موقع پر حضرت عثمان غنیؓ کی کس زوجہ کی بیماری کی وجہ سے حضور اکرم ﷺ نے انہیں مدینہ میں رہنے کا حکم دیا تھا؟

(ا) حضرت رقیہؓ (ب) حضرت ام کلثومؓ

(ج) حضرت نائلہؓ (د) ایسا کوئی حکم نہیں دیا گیا تھا

5: حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کی افواہ پھیلنے پر کون سی بیعت ہوئی؟

(ا) بیعت الرضوان (ب) بیت الرضوان (ج) بیعت النور (د) بیت النور

6: حضور اکرم ﷺ کی یہ پیشین گوئی کس دور میں پوری ہوئی: ''جب قیصر ہلاک ہو گیا تو اُس کے بعد کوئی قیصر نہیں اور جب کسریٰ ہلاک ہو گیا تو اُس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں۔''

(ا) دورِ نبویؐ میں ہی پوری ہو گئی (ب) دورِ صدیقیؓ میں پوری ہوئی

(ج) دورِ فاروقیؓ میں پوری ہوئی (د) دورِ عثمانیؓ میں پوری ہوئی

7: وہ کون سا غزوہ تھا کہ جس میں حضرت عثمان غنیؓ نے دس ہزار مجاہدین کے اخراجات کا ذمہ لیا؟

(ا) غزوۂ خیبر (ب) غزوۂ حنین (ج) غزوۂ تبوک (د) کسی غزوہ میں بھی نہیں

8: خدمتِ قرآن کے سلسلہ میں حضرت عثمان غنیؓ کو کیا لقب دیا گیا ہے؟

(ا) جامع القرآن (ب) حافظ القرآن (ج) قاریٔ القرآن (د) شیخ القرآن

9: حضرت عثمان غنیؓ کا دورِ خلافت:

(ا) 12 ربیع الاول 11ھ تا 22 جمادی الآخرہ 13ھ (ب) 22 جمادی الآخرہ 13ھ تا یکم محرم 24ھ

(ج) 3 محرم 24ھ تا 18 ذی الحج 35ھ (د) 19 ذی الحج 35ھ تا 17 رمضان المبارک 40ھ

10: حضرت عثمان غنیؓ کے خلاف کس علاقے کے لوگوں نے یورش کی اور آپؓ کو شہید کیا؟

(ا) مصر کے (ب) کوفہ کے

(ج) بصرہ کے (د) مذکورہ تینوں صوبوں کے

11: حضرت عثمان کے والد کا کیا نام تھا؟

(ا) عفان بن ابوالعاص (ب) ابن الحکم (ج) ابوقحافہ (د) ابن خطاب

12: خلیفہ سوم حضرت عثمان کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(ا) اُم حکیم البیضاء (ب) اروی بنت کریز (ج) خنتمہ بنت حشام (د) جذامہ

13: حضرت عثمانؓ کا ذریعہ معاش تھا:

(ا) مویشی پالنا (ب) کھیتی باڑی

(ج) تجارت (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

14: حضرت عثمانؓ بن عفوان کو کس تاریخ وسنہ ہجری کو خلیفہ مقرر کیا گیا؟

(ا) یکم محرم 22ہجری (ب) یکم محرم 23ہجری (ج) 2 محرم 21ہجری (د) 3 محرم 24ہجری

15: خلیفہ سوم حضرت عثمان غنیؓ کو کس نے خلیفہ نامزد کیا؟

(ا) حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے (ب) حضرت طلحہؓ نے

(ج) حضرت عبداللہؓ ابن عمر نے (د) حضرت زبیرؓ نے

16: حضرت عثمانؓ غنی کے دور میں افریقہ پر جرجیر نامی بادشاہ حاکم تھا یہ کس سلطنت کے تحت تھا؟

(ا) فارس کے (ب) قیصر روم ہرقل کے

(ج) اسکندریہ کے بادشاہ مقوقس کے (د) نجاشی ولی حبشہ کے

17: حضرت عمرؓ نے اپنی وفات سے پہلے کمیٹی مجلس شوریٰ قائم کی اس کمیٹی کے کتنے ممبر تھے؟

(ا) پانچ (ب) چار (ج) چھ (د) تین

18: مسجد نبوی ﷺ کی دوبارہ توسیع عہد حضرت عثمانؓ میں ہوئی یہ کس سن میں مکمل ہوئی؟

(ا) 28ہجری (ب) 27ہجری (ج) 29ہجری (د) 30ہجری

19: حضرت ابوذر غفاری کس مقام پر جا کر مقیم ہو گئے؟

(ا) ربذہ (ب) شام (ج) کوفہ (د) مصر

20: سبائی فتنے کا سربراہ کون تھا؟

(ا) محمد بن ابی بکر (ب) عبداللہ بن سبا (ج) محمد بن ابوحذیفہ (د) ابن الکواء

21: حضرت عثمانؓ کس غزوہ میں شامل نہ ہو سکے؟

(ا) غزوہ خندق (ب) غزوہ اُحد (ج) غزوہ بدر (د) غزوہ خیبر

22: ترتیب کے اعتبار سے حضرت عثمانؓ کون سے نمبر کے خلیفہ تھے؟

(ا) پہلے خلیفہ (ب) دوسرے خلیفہ (ج) چوتھے خلیفہ (د) تیسرے خلیفہ

23: عہد صدیقی میں خبر نویسی کا کام انجام دیتے تھے:

(ا) حضرت عثمان غنیؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت ابوعبیدہؓ ابن الجراح (د) عمرو بن العاص

24: حضرت عثمانؓ کی وفات کے کتنے دن بعد حضرت علیؓ نے خلافت سنبھالی؟

(ا) دو دن بعد (ب) تین دن بعد (ج) چار دن بعد (د) ایک دن بعد

www.downloadclassnotes.com

:25 بئر رومہ مدینہ میں ایک کنواں تھا اس کنویں کا پانی تھا:
(ا) کھارا (ب) بدبودار (ج) میٹھا (د) کڑوا

:26 حضرت عثمانؓ کی اہلیہ کا کیا نام تھا؟ جو شہادت کے وقت آپؓ کے پاس تھیں:
(ا) حضرت رقیہ (ب) حضرت کلثوم (ج) حضرت قریبہ (د) حضرت نائلہ

:27 قسطنطین کس بادشاہ کا بیٹا تھا؟
(ا) قیصر روم ہرقل کا (ب) جرجیر کا
(ج) شاہ حبشہ مقوقس کا (د) کسریٰ (فارس) یزدجرد کا

:28 سودان بن حمران نے تلوار کا وار کیا تو حضرت نائلہ کو کیسا زخم آیا؟
(ا) حضرت نائلہ کا ہاتھ کٹ گیا (ب) حضرت نائلہ کی تین انگلیاں کٹ گئیں
(ج) سر پر زخم آیا (د) گردن پر زخم آیا

:29 قاتل عثمانؓ یعنی عمرو بن الحمق نے سینے پر نیزے کے کتنے وار کئے؟
(ا) آٹھ وار کئے (ب) سات وار کئے (ج) نو وار کئے (د) چھ وار کئے

:30 حضرت عثمان کا دفاع کرتے ہوئے ان کے کتنے غلام مارے گئے؟
(ا) تین غلام (ب) چار غلام (ج) ایک غلام (د) دو غلام

:31 آپؓ باختلاف روایات کتنے دنوں تک محصور رہے؟
(ا) 40یا49دن (ب) 20یا25دن (ج) 28یا30دن (د) 10یا12دن

:32 حضرت عثمانؓ کو جب شہید کیا گیا تو آپ کے خون کا پہلا قطرہ کہاں گرا؟
(ا) زمین پر (ب) قرآن کریم کی آیت 137 البقرہ پر
(ج) رحل پر (د) صحن میں

:33 حضرت عثمانؓ کے قاتل کس سمت سے اندر داخل ہوئے؟
(ا) سامنے والے دروازے سے (ب) چھت پھاڑ کر
(ج) عقبی دیوار سے (د) سائڈ کی دیوار پھلانگ کر

:34 حضرت عثمانؓ کے دور میں صوبوں کی کل تعداد کیا تھی؟
(ا) 20صوبے (ب) 22صوبے (ج) 24صوبے (د) 23صوبے

جوابات:

:1	د	:2	ب	:3	ج	:4	الف	:5	الف
:6	د	:7	ج	:8	الف	:9	ج	:10	د
:11	الف	:12	ب	:13	ج	:14	د	:15	الف
:16	ب	:17	ج	:18	د	:19	الف	:20	ب
:21	ج	:22	د	:23	الف	:24	ب	:25	ج
:26	د	:27	الف	:28	ب	:29	ج	:30	د
:31	الف	:32	ب	:33	ج				

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: حضرت عثمان غنیؓ کے والد اور والدہ کا نام بتلائیے:

O: والد کا نام عفان بن ابو العاص اور والدہ کا نام اروٰی بنت کریز تھا۔

2: حضرت عثمان غنیؓ کو کون سی تین ہجرتوں کا اعزاز حاصل ہوا اور تینوں ہجرتوں میں حضور اکرم ﷺ کی کون سی صاحبزادی آپؓ کے ہمراہ تھیں؟

O: دو دفعہ حبشہ کی طرف اور ایک دفعہ مدینہ کی طرف ہجرت کی اور تینوں ہجرتوں میں حضور اکرم ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ ہمراہ تھیں۔

3: حضرت عثمان غنیؓ کو بہت زیادہ انفاق کی وجہ سے غنی کہا جاتا ہے۔ آپؓ کے انفاق کے کوئی سے دو واقعات ذکر کیجئے:

O: i: بئر رومہ کو خرید کر مسلمانوں کے لئے وقف کیا۔

ii: غزوۂ تبوک میں دس ہزار مجاہدین کے تمام اخراجات اپنے ذمہ لئے۔

4: بیعت الرضوان کیوں ہوئی؟

O: صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت عثمان غنیؓ کو بحیثیت سفیر مکہ بھیجا۔ مکہ والوں نے انہیں گرفتار کر کے ان کی شہادت کی افواہ پھیلا دی۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے ان کا قصاص لینے کے لئے صحابہ کرامؓ سے بیعت لی۔

5: عہدِ صدیقیؓ میں امورِ سلطنت میں حضرت عثمان غنیؓ کی کیا حیثیت تھی؟

O: عہدِ صدیقیؓ میں حضرت عثمان غنیؓ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے مشیر تھے، خبر نویسی بھی آپؓ ہی کے ذمہ تھی، حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اپنی وصیت بھی آپؓ ہی سے لکھوائی۔

6: عہدِ فاروقیؓ میں امورِ سلطنت میں حضرت عثمان غنیؓ کی کیا حیثیت تھی؟

O: عہدِ فاروقیؓ میں حضرت عثمان غنیؓ حضرت عمر فاروقؓ کے مشیر تھے، حضرت عمر فاروقؓ نے آپؓ کا تقرر مفتی کی حیثیت سے بھی کیا۔

7: حضرت عثمان غنیؓ کو باغیوں نے شہید کر دیا تھا۔ کوئی سے دو اسباب بتلائیے کہ آخر باغی اس قدر جرأت کرنے میں کس طرح کامیاب ہو گئے؟

O: i: حضرت عثمان غنیؓ فطرتاً نرم مزاج تھے۔ مفسدین نے آپؓ کی نرم دلی کا ہی فائدہ اٹھایا۔

ii: اسلامی مملکت میں شامل ہونے والے نئے علاقوں کے باسیوں کے دلوں میں ابھی اسلام کی حقیقی روح پیدا نہیں ہوئی تھی۔

8: حضرت عثمان غنیؓ کو شہید کرنے والوں کے نام اور شہادت میں ان کا کردار ذکر کیجئے:

O: i: غافقی بن حرب: حضرت عثمانؓ کے سامنے رکھے قرآن حکیم کو ٹھوکر ماری۔

ii: کنانہ بن بشر: آپؓ کی پیشانی پر لوہے کی لٹھ ماری۔

iii: عمرو بن الحمق: سینے پر سوار ہو کر نیزے کے نو وار کیے۔

iv: سودان بن حمران: حضرت نائلہؓ کی انگلیاں کاٹیں اور حضرت عثمانؓ کو شہید کیا۔

لعنۃ اللہ علیہم اجمعین۔

9: حضرت عثمان غنیؓ کی مظلومانہ شہادت کے کوئی سے دو اثرات لکھیں:

O: i: حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت سے اتحادِ امت کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا۔

ii: حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے بعد کئی فتنہ پسند گروہوں کا ظہور ہوا۔

10: حضرت عثمان غنیؓ پر لگائے گئے باغیوں کے کوئی سے دو اعتراضات نقل کیجئے:

O: آپؓ پر الزام لگایا گیا کہ آپؓ اقرباء پروری کرتے ہیں۔

ii: آپؓ پر الزام لگایا گیا کہ آپؓ نے چراگاہیں ذاتی اونٹوں کے لئے مخصوص کر لی تھیں۔

:11 حضرت عثمانؓ کے والد کا کیا نام تھا اور کیا انہوں نے اسلام قبول کیا تھا؟

:O خلیفۂ سوم حضرت عثمانؓ کے والد کا نام عفان بن ابوالعاص تھا انہوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔

:12 حضرت عثمانؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

:O حضرت عثمانؓ کی والدہ کا نام اروائی بنت کریز تھا۔

:13 (بیئر رومہ) میٹھے پانی کا کنواں اس کے بارے میں مختصراً لکھئے۔

:O مدینہ شریف کا پانی عموماً کھارا ہی تھا میٹھے پانی کا صرف ایک ہی کنواں بیئر رومہ تھا جو ایک یہودی کی ملکیت تھا۔ حضرت عثمانؓ نے وہ کنواں مہنگے داموں خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا۔

:14 قسطنطین کب قیصر روم بنا نیز اس نے بادشاہ بنتے ہی کیا کام کیا؟

:O ہرقل کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا قسطنطین قیصر روم بنا اسے رومیوں کی شکست کا سخت غصہ تھا چنانچہ اس نے تقریباً چھ سو جنگی جہازوں کے ساتھ اسکندریہ پر چڑھائی کر دی مگر اسے شکست ہوئی اور وہ صقلیہ کی طرف بھاگ گیا۔

:15 حضرت عثمان نے مصحف کے مطابق قرآن پاک کی نقلیں کیوں تیار کیں؟

:O حضرت عثمان نے امت کو قریشی لہجہ میں تلاوت قرآن حکیم پر جمع کیا اور اسی مناسبت سے آپؓ کو جامع القرآن کہا جاتا ہے۔ آپؓ نے حکم جاری کیا کہ اس مصحف کے خلاف کوئی قرآنی نسخہ ہے تو اسے جلا دیا جائے۔

:16 مصحف کی نقلیں تیار کرنے کے لیے جو کمیٹی بنائی گئی اس کے ممبران کے نام کیا تھے؟

:O صحابہ کرامؓ کی مجلس مشاورت کے فیصلے کے مطابق حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت عبداللہ بنؓ زبیر، حضرت سعید بن العاصؓ اور حضرت عبدالرحمٰنؓ بن حارث پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی جن کے ذمے حضرت ابوبکرؓ کے تیار کردہ مصحف کی نقلیں تیار کرنا تھا۔

:17 قیصر و کسریٰ کے خاتمہ پر حضور اکرم ﷺ کی پیش گوئی کیا تھی؟

:O حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ جب قیصر ہلاک ہو گیا تو کوئی قیصر نہیں اور جب کسریٰ ہلاک ہو گیا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں۔

:18 کیا حضرت عثمانؓ کے دور میں جنت البقیع میں توسیع کی گئی تھی؟

:O آپؓ کے دور میں جنت البقیع میں توسیع کی ضرورت کو محسوس کیا گیا حضرت عثمانؓ نے جنت البقیع کے قریب حش کوکب نامی ایک باغ خرید کر اس کی زمین کو جنت البقیع میں شامل کر دیا تھا۔

:19 حضرت عثمانؓ کو کس نے خلیفہ نامزد کیا تھا؟

:O حضرت عمرؓ نے چھ افراد پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی تھی جس کا سربراہ عبدالرحمٰن ابن عوف کو بنایا گیا اور انہیں کو یہ اختیار سونپا گیا تھا عبدالرحمٰن ابن عوف نے 3 محرم 24 ہجری کو حضرت عثمانؓ کو خلیفہ نامزد کر دیا۔

:20 حضرت عثمانؓ کے نامزد کیے گئے گورنر ولید بن عقبہ پر کیا الزام لگایا گیا تھا۔

:O ولید بن عقبہ پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ ایک روز اس نے کوفہ کی جامع مسجد میں فجر کی نماز نشے کی حالت میں دو رکعت کی بجائے چار رکعت پڑھا دی اور پھر نمازیوں کی طرف منہ کر کے کہا "اور پڑھاؤں؟" لوگوں نے اس کی شکائیت حضرت عثمان سے کی تو انہوں نے ولید بن عقبہ پر حد جاری کروا دی۔

:21 حضرت عثمانؓ نے صحابی رسول ﷺ حضرت عبداللہ ابن مسعود کا وظیفہ کیوں بند کیا؟

:O حضرت عثمانؓ قرأت قریش پر مبنی قرآن کریم کی نقول تیار کر کے ملک کے مختلف گوشوں میں بھیجنا چاہتے تھے مگر حضرت عبداللہ ابن مسعود نے حضرت عثمانؓ سے اختلاف کیا جس کی وجہ سے خلیفہ سوم نے ابن مسعود کا وظیفہ بند کر دیا تھا۔

:22 کیا حضرت عثمانؓ نے بحیثیت خلیفہ اپنی مہر بنوائی تھی؟

:O بحیثیت خلیفہ حضرت عثمانؓ غنی نے اپنی مہر بنوائی تھی۔ محمد بن المبارک کہتے ہیں کہ مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت عثمانؓ کی مہر پر "آمن عثمان باللہ العظیم" لکھا ہوا تھا۔

:23 حضرت عثمانؓ نے محکمہ عدالت کے لیے کیا خدمات انجام دیں؟

O: حضرت عثمانؓ کے عہد میں محکمۂ عدالت کو بہت ترقی دی گئی حضرت زیدؓ بن ثابت کو چیف جسٹس کی حیثیت حاصل تھی۔ دیگر صوبوں مثلاً شام میں ابوالدرداؓ قاضی مقرر کیا گیا۔

24: حضرت عثمانؓ کی مدت خلافت کتنی ہے؟

O: 3 محرم سن 24 ہجری کو آپؓ کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت ہوئی اور 18 ذالحج 35 ہجری کو آپؓ کی شہادت ہوئی اس طرح آپؓ نے تقریباً گیارہ سال سے زیادہ عرصہ حکومت کی۔

25: حضرت عثمانؓ کو کس کس نے قتل کیا؟

O: کنانہ بن بشیر نے پیشانی پر لوہے کی لٹھ ماری عمرو بن الحمق نے سینے پر سوار ہو کر نیزے کے نو وار کئے اور سودان بن حمران نے تلوار سے آپؓ کو شہید کر دیا۔

26: آپؓ کتنے دن محصور رہے اور آپؓ کے ساتھ اور کون کون قتل ہوا؟

O: آپؓ اپنے گھر میں تقریباً 40 یا 49 دن تک محصور رہے۔ آپؓ کا دفاع کرتے ہوئے آپؓ کے دو غلام نجیح اور صبیح بھی مارے گئے۔

27: حضرت عثمانؓ کی زوجہ حضرت نائلہ کو کیا زخم لگا؟

O: قاتلوں کے حملے کے دوران جب حضرت نائلہ آگے بڑھیں تو حمران نے ان پر تلوار چلائی جس کی وجہ سے آپ کے ہاتھ کی تین انگلیاں کٹ گئیں۔

28: آپؓ کا جنازہ کس نے پڑھایا اور آپؓ کے جنازے میں کتنے افراد شامل ہو سکے؟

O: باختلاف روائیت آپ کا جنازہ زبیرؓ یا حضرت جبیر بن مطعم نے پڑھایا اور آپؓ کے جنازے میں صرف سترہ افراد ہی شامل ہوئے۔

29: حضرت عثمانؓ کو کس مقام پر دفن کیا گیا؟

O: آپؓ کو جنت البقیع کے مشرق میں حش کوکب میں دفن کیا گیا۔

30: عقد مواخات میں حضرت عثمانؓ کو کس کا بھائی بنایا گیا تھا؟

O: حضرت عثمانؓ کا رشتہ مواخات حضرت اوسؓ بن ثابت انصاری سے قائم کیا گیا تھا۔

---☆---☆---☆---☆---☆---

معروضی سوالات باب نمبر 13:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دئیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: حضرت علی المرتضیٰؓ کے والد ابو طالب کا اصل نام کیا تھا؟

(ا) عبدالکعبہ (ب) عبد مناف (ج) عبدالعزیٰ (د) عبداللہ

2: حضرت علی المرتضیٰؓ کو مٹی پر لیٹے دیکھ کر ابوتراب کے نام سے کس نے پکارا تھا؟

(ا) حضور اکرم ﷺ نے (ب) آپؓ کی والدہ فاطمہؓ بنت اسد نے

(ج) آپؓ کے والد ابو طالب نے (د) آپؓ کی اہلیہ حضرت فاطمہؓ نے

3: قبول اسلام میں حضرت علی المرتضیٰؓ کن میں سے پہل کی سعادت حاصل ہے؟

(ا) مردوں میں سے (ب) غلاموں میں سے

(ج) بچوں میں سے (د) مرد و عورت ہر ایک میں سے

4: حضرت علی المرتضیٰؓ کا دور خلافت:

(ا) 12 ربیع الاوّل 11ھ تا 22 جمادی الآخرہ 13ھ (ب) 22 جمادی الآخرہ 13ھ تا یکم محرم 24ھ

(ج) 3 محرم 24ھ تا 18 ذی الحج 35ھ (د) 19 ذی الحج 35ھ تا 17 رمضان المبارک 40ھ

5: حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ کے درمیان ہونے والی جنگ کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) جنگ جمل (ب) جنگ صفین
(ج) جنگ نہروان (د) اِن کے درمیان کوئی جنگ نہیں ہوئی

6: حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان ہونے والی جنگ کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) جنگ جمل (ب) جنگ صفین
(ج) جنگ نہروان (د) اِن کے درمیان کوئی جنگ نہیں ہوئی

7: حضرت علی المرتضیٰؓ اور خوارج کے درمیان ہونے والی جنگ کو کیا کہا جاتا ہے؟
(ا) جنگ جمل (ب) جنگ صفین
(ج) جنگ نہروان (د) اِن کے درمیان کوئی جنگ نہیں ہوئی

8: حضرت علی المرتضیٰؓ کی حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے ساتھ جنگیں کیوں ہوئیں؟
(ا) ان کی پرانی عداوتیں تھیں (ب) یہ ایک دوسرے کو ناپسند کرتے تھے
(ج) ان کو حکومت کے لالچ تھے (د) یہ جنگیں غلط فہمیوں کا نتیجہ تھیں

9: حضرت علی المرتضیٰؓ کے قاتل کا نام بتلایئے:
(ا) عبدالرحمن بن ملجم (ب) ابولؤلو فیروز (ج) برک بن عبداللہ (د) عمرو بن بکر

10: خوارج کس کے طرفدار تھے؟
(ا) حضرت علی المرتضیٰؓ کے (ب) حضرت امیر معاویہؓ کے
(ج) دونوں کے (د) دونوں میں سے کسی کے بھی نہیں

11: حضرت علیؓ کا وہ کون سا لقب ہے جو آپؓ کے نام سے زیادہ لکھا جاتا ہے؟
(ا) کرم اللہ وجہہ (ب) ابوالحسن (ج) امیر المؤمنین (د) ابوتراب

12: ہجرت مدینہ کی رات حضورﷺ کے بستر پر کون سویا؟
(ا) حضرت ابوبکرؓ (ب) حضرت علی کرم اللہ وجہہ
(ج) حضرت ابوطالبؓ (د) حضرت حمزہؓ

13: حضرت محمد مصطفیٰﷺ کی وفات کے بعد آپﷺ کو غسل دینے اور تجہیز تکفین کی سعادت کسے ملی؟
(ا) حضرت عمرؓ کو (ب) حضرت ابوبکرؓ کو
(ج) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو (د) حضرت عثمانؓ کو

14: حضرت علیؓ کی والدہ حضرت فاطمہؓ بنت اسد نے آپؓ کا نام کیا رکھا؟
(ا) علی (ب) ابوتراب (ج) ابوالحسن (د) حیدر

15: جنگ خیبر میں حضرت علیؓ کو کیا عارضہ لاحق تھا؟
(ا) آشوب چشم (ب) بخار (ج) شدید کھانسی (د) سردرد

16: عقد مواخات میں حضورﷺ نے کسے اپنا بھائی بنایا؟
(ا) حضرت عمار یاسرؓ کو (ب) حضرت علیؓ کو
(ج) حضرت ابوذر غفاریؓ کو (د) حضرت سلمان فارسی کو

17: دختر رسولﷺ سیدہ فاطمہ الزہراء سے حضرت علیؓ کا عقد مبارک کس سن ہجری و اسلامی مہینے میں ہوا؟
(ا) دوذیعقد ایک ہجری (ب) تین ذی الحج تین ہجری

(ج) یکم ذی الحج دو ہجری (د) 8ذی الحج دو ہجری

18: کس غزوہ میں حضور ﷺ حضرت علیؓ کو مدینے میں انتظامات سنبھالنے کے لیے چھوڑ گئے؟
(ا) غزوۂ خندق (ب) غزوۂ حنین (ج) غزوۂ خیبر (د) غزوۂ تبوک

19: غزوۂ خندق میں حضرت علیؓ نے کون سے بڑے کافر پہلوان کو تہہ تیغ کیا جو خندق عبور کر کے مسلمانوں کو للکارنے لگا تھا؟
(ا) عمرو بن عبدود (ب) ولید بن عتبہ (ج) مرحب (د) انتر

20: جنگ جمل کس مقام پر لڑی گئی؟
(ا) کوفے میں (ب) بصرہ میں (ج) شام میں (د) طائف میں

21: حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ بنت ابو بکرؓ کے مابین ہونے والی جنگ میں کل کتنے افراد مارے گئے؟
(ا) پانچ ہزار سے سات ہزار (ب) آٹھ ہزار سے دس ہزار
(ج) دس ہزار سے تیرہ ہزار (د) تیرہ ہزار سے پندرہ ہزار

22: حضور ﷺ نے اپنی کون سی زوجہ کے متعلق پیشین گوئی کی کہ اس زوجہ پر حواب کے کتے بھونکیں گے؟
(ا) حضرت حفصہؓ پر (ب) حضرت سودہؓ پر (ج) حضرت ماریہ قبطیہؓ پر (د) حضرت عائشہؓ پر

23: حضرت عائشہؓ کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟
(ا) تیس ہزار (ب) بیس ہزار (ج) پچیس ہزار (د) پندرہ ہزار

24: حضرت علیؓ کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟
(ا) پچیس ہزار (ب) بیس ہزار (ج) پندرہ ہزار (د) دس ہزار

25: جنگ کو رکوانے کے لیے حضرت علیؓ کو کیا حکمت عملی اختیار کرنی پڑی؟
(ا) سفید جھنڈا لہرانا پڑا (ب) صلح کرلی (ج) اونٹ (جمل) کی پچھلی ٹانگیں کاٹ کرا سے گرانا پڑا
(د) جنگ بندی کا اعلان کرنا پڑا

26: اونٹ (جمل) کے دفاع میں بنوضبہ کے کتنے افراد کٹ مرے؟
(ا) 100افراد (ب) 80افراد (ج) 90افراد (د) 70افراد

27: اونٹ کی پچھلی ٹانگیں کٹنے پر کن معزز افراد نے ام المومنین کے ہودج کو سہارا دے کر نیچے اُتارا؟
(ا) حضرت عمارؓ یاسر اور محمد ﷺ ابن ابی بکرؓ (ب) عجل بن عبداللہ اور سعد بن عبداللہ
(ج) حضرت زبیرؓ اور حضرت طلحہؓ (د) مالک اشتر اور عبداللہ بن سبا

28: جنگ صفین میں کون سے جید صحابی شہید ہوئے؟
(ا) حضرت عبداللہ بن عباسؓ (ب) حضرت عمار یاسرؓ
(ج) حضرت ابوایوبؓ انصاری (د) حضرت عثمانؓ بن حنیف

29: حضرت عمار یاسرؓ کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا یہ کس ہستی کا فرمان ہے؟
(ا) حضرت علیؓ کا (ب) حضرت عائشہ صدیقہؓ کا
(ج) رسول ﷺ کا (د) حضرت ابوبکرؓ صدیق کا

30: حضرت عمار یاسرؓ کس لشکر کی طرف سے لڑ رہے تھے؟
(ا) لشکر حضرت امیر معاویہ کی طرف سے (ب) لشکر کفار کی طرف سے
(ج) لشکر حضرت عائشہؓ کی طرف سے (د) لشکر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف سے

31: حضرت عمار یاسر کو کس لشکر (گروہ) نے قتل کیا؟
(ا) لشکر حضرت امیر معاویہ نے (ب) لشکر خوارج نے

www.downloadclassnotes.com

(ج) لشکر کفار نے (د) لشکر شہنشاہ روم نے

32: جنگ صفین میں کس نے حضرت امیر معاویہ کو مشورہ دیا کہ قرآن نیزوں پر بلند کر کے جنگ رکوائی جائے؟
(ا) ابوموسیٰ اشعری نے (ب) عمرو بن العاص نے (ج) حضرت زبیرؓ نے (د) حضرت طلحہؓ نے

33: حضرت علیؓ نے اپنے دورِ حکومت میں اپنا دار الخلافہ کس شہر کو قرار دیا؟
(ا) بغداد کو (ب) مدینہ کو (ج) کوفہ کو (د) شام کو

34: جنگ نہروان کن کے شر کی وجہ سے برپا ہوئی؟
(ا) منافقین کے (ب) رومی فوج کے (ج) کرمان کے باغیوں کے (د) خوارج کے

35: حضرت علیؓ پر قاتلانہ حملہ کس سن ہجری میں ہوا؟
(ا) 40 ہجری (ب) 38 ہجری (ج) 35 ہجری (د) 39 ہجری

36: آپ کرم اللہ وجہہ پر قاتلانہ حملہ کس اسلامی مہینے کی کس تاریخ کو ہوا؟
(ا) یکم شوال کو (ب) 17 رمضان المبارک کو
(ج) 3 جمادی الاوّل کو (د) 2 رجب کو

37: آپ کرم اللہ وجہہ کے قاتل کا کیا نام ہے؟
(ا) برک بن عبداللہ (ب) عمرو بن بکر (ج) عبدالرحمٰن ابن ملجم (د) شبیب

38: عبدالرحمٰن ابن ملجم نے زہر میں بجھی تلوار کا وار کیا:
(ا) گردن پر (ب) سینے پر (ج) کاندھے پر (د) سر (پیشانی) پر

39: جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سر پر وار کیا گیا تو آپ کیا کر رہے تھے؟
(ا) نمازِ فجر کے دوران سجدے میں تھے (ب) رکوع میں تھے
(ج) قیام میں تھے (د) تشہد میں تھے

40: آپ کرم اللہ وجہہ پر قاتل نے حملہ کس مقام پر کیا؟
(ا) بازار کوفہ میں (ب) مسجد کوفہ میں (ج) اپنے گھر کی دہلیز پر (د) گلی میں

41: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کب شہادت پائی؟
(ا) 18 رمضان المبارک (ب) 19 رمضان المبارک
(ج) 21 رمضان المبارک (د) 20 رمضان المبارک

42: آپ کرم اللہ وجہہ کی تجہیز و تکفین آپؓ کے بیٹوںؓ نے کی نماز جنازہ کس بیٹے نے پڑھائی؟
(ا) حضرت عباسؓ ابن علی نے (ب) حضرت حنفیہؓ نے
(ج) حضرت امام حسینؓ نے (د) حضرت امام حسنؓ نے

43: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جو مہر بنوائی اس پر کیا لکھا ہوا تھا:
(ا) اللہ الملک (ب) اللہ اکبر (ج) اللہ الحاکم (د) اللہ الولی

44: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مشہور تصنیف کا نام بتایئے:
(ا) توضیح المسائل (ب) نہج البلاغہ (ج) تحفۃ العوام (د) سر العالمین

45: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا روضہ مبارک کس ملک کے کس شہر میں ہے؟
(ا) سعودی عرب مدینہ منورہ میں (ب) ایران مشہد میں
(ج) عراق کے شہر نجف میں (د) مکہ کے شہر جدہ میں

www.downloadclassnotes.com

جوابات:

الف	:5	د	:4	ج	:3	الف	:2	ب	:1
د	:10	الف	:9	د	:8	ج	:7	ب	:6
الف	:15	د	:14	ج	:13	ب	:12	الف	:11
ب	:20	الف	:19	د	:18	ج	:17	ب	:16
ج	:25	ب	:24	الف	:23	د	:22	ج	:21
د	:30	ج	:29	ب	:28	الف	:27	د	:26
الف	:35	د	:34	ج	:33	ب	:32	الف	:31
ب	:40	الف	:39	د	:38	ج	:37	ب	:36
ج	:45	ب	:44	الف	:43	د	:42	ج	:41

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

:1 حضرت علی المرتضیٰؓ کے والد اور والدہ کے نام بتلائیے:

:O حضرت علی المرتضیٰؓ کے والد کا اصل نام عبد مناف بن عبد المطلب تھا' البتہ ابو طالب کے نام سے مشہور تھے۔ والدہ کا نام حضرت فاطمہ بنت اسدؓ تھا۔ یہ مسلمان ہو گئی تھیں۔

:2 حضرت علی المرتضیٰؓ اگر چہ حضور اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی تو تھے ہی' لیکن حضور اکرم ﷺ نے ایک موقع پر خاص طور پر انہیں اپنا بھائی بھی قرار دیا تھا' بتلائیے وہ کون سا موقع تھا؟

:O مؤاخاتِ مدینہ کے موقع پر حضور اکرم ﷺ نے مہاجرین و انصار کو آپس میں بھائی بھائی بنایا' تو اپنا بھائی حضرت علی المرتضیٰؓ کو قرار دیا۔

:3 عہدِ صدیقیؓ میں امورِ سلطنت میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو کیا حیثیت حاصل رہی؟

:O عہدِ صدیقیؓ میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو حضرت ابو بکر صدیقؓ کے مشیر کی حیثیت حاصل رہی۔

:4 عہدِ فاروقیؓ میں امورِ سلطنت میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو کیا حیثیت حاصل رہی؟

:O عہدِ فاروقیؓ میں حضرت علی المرتضیٰؓ مجلس مشاورت کے اہم رکن بھی تھے اور حضرت عمر فاروقؓ نے کئی دفعہ مدینہ سے باہر جاتے ہوئے مدینہ کا انتظام بھی آپؓ کے سپرد کیا تھا۔

:5 عہدِ عثمانیؓ میں امورِ سلطنت میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو کیا حیثیت حاصل رہی؟

:O عہدِ عثمانیؓ میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو ایک اہم مشیر کی حیثیت حاصل رہی، حضرت عثمان غنیؓ کے محاصرہ کے دوران بلوائیوں کے اعتراضات کے جوابات بھی آپؓ ہی دیتے رہے، دورانِ محاصرہ حضرت عثمان غنیؓ کے گھر کی حفاظت اور دفاع کی بھی ہر ممکن کوشش کی۔

:6 حضرت علی المرتضیٰؓ کے ہاتھ پر بیعت سے انکار کرنے والے کوئی سے چار صحابہ کرامؓ کے نام ذکر کیجئے:

:O
:i حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ :ii حضرت زبیر بن عوامؓ
:iii حضرت امیر معاویہؓ :iv حضرت عائشہ صدیقہؓ

:7 جنگ جمل اور جنگ صفین میں حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت امیر معاویہؓ میں سے کون حق پر تھا؟

:O درحقیقت یہ تینوں صحابہ کرامؓ اپنے اپنے طور پر حق پر تھے' صرف بعض غلط فہمیوں اور شر پسندوں کی سازشوں کی وجہ سے آپس کی یہ جنگیں ہوئیں۔

:8 جنگ جمل کے مقتولین کی کل تعداد کیا تھی؟

www.downloadclassnotes.com

O: اِس جنگ میں دونوں طرف کے مجموعی طور پر دس ہزار افراد مارے گئے۔

9: جنگ صفین کے مقتولین کی کل تعداد کیا تھی؟

O: اِس جنگ میں حضرت علی المرتضیٰؓ کے لشکر کے بیس ہزار اور حضرت امیر معاویہؓ کے لشکر کے چالیس ہزار افراد مارے گئے۔ گویا مقتولین کی کل تعداد ساٹھ ہزار تھی۔

10: حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کی صلح کب اور کس کی تحریک پر ہوئی تھی؟

O: 40ھ میں حضرت امیر معاویہؓ نے پہلے حضرت علی المرتضیٰؓ کی طرف صلح کا ہاتھ بڑھایا اور پھر حضرت علیؓ نے بھی یہ پیشکش قبول کر لی۔ گویا یہ صلح حضرت امیر معاویہؓ کی تحریک پر ہوئی تھی۔

11: حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا حضور ﷺ سے چچازاد بھائی کے علاوہ کیا رشتہ تھا؟

O: حضرت علیؓ آپ ﷺ کے چچازاد بھائی تھے اور آپؓ کے ساتھ آپ ﷺ کی پیاری بیٹی سیدہ فاطمۃ الزہرہؓ کا نکاح ہونے کی وجہ سے آپ ﷺ کے داماد بھی تھے۔

12: صلح حدیبیہ کا صلح نامہ کس نے تحریر کیا؟

O: صلح حدیبیہ کے موقع پر معاہدہ کی تحریر لکھنے کا شرف بھی حضور اکرم ﷺ کے حکم سے حضرت علیؓ کو حاصل ہوا۔

13: آپ ﷺ نے حضرت علی کو اپنی کفالت میں کیوں لیا اور اس وقت حضرت علیؓ کی عمر کتنی تھی؟

O: حضرت علی کے والد محترم حضرت ابوطالب کثیر العیال تھے چنانچہ حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنی کفالت میں لے لیا اس وقت حضرت علیؓ کی عمر پانچ سال تھی۔

14: حضور ﷺ نے ہجرت کے وقت کسے امانتوں کا اہل قرار دیا اور اپنے بستر پر سلایا؟

O: ہجرت کے وقت رسالت مآب ﷺ نے حضرت علی کو یہ ذمہ داری سونپی کہ آپؓ قریش کی امانتیں ان کے مالکوں تک پہنچائیں گے اور میرے بستر پر سوئیں گے تاکہ مجھ پر حملہ کرنے کی نیت سے آنے والے یہی سمجھیں کہ رسول اللہ ﷺ سو رہے ہیں۔

15: حضرت علیؓ کی غزوات میں شرکت اور کارہائے نمایاں مختصراً لکھئے۔

O: آپؓ نے غزوۂ تبوک کے علاوہ تمام غزوات میں شرکت کی اور کبھی کسی جنگ سے فرار اختیار نہیں کیا تمام غزوات حضرت علیؓ کی لازوال شجاعت کی وجہ سے فتح سے ہمکنار ہوئیں۔ عرب کے تمام نامی گرامی کافر پہلوانوں کو حضرت علیؓ نے پچھاڑا۔

16: حضرت علی مرتضیٰ نے جب مسند خلافت سنبھالی تو آپؓ کو کس قسم کے حالات کا سامنا کرنا پڑا؟

O: صحابہ کرام کے اصرار پر آپؓ نے جب عنان حکومت سنبھالی تو حضرت علیؓ سے بغض رکھنے والوں نے سخت ناپسندیگی کا اظہار کیا اور انہوں نے خلیفہ برحق کے خلاف شدید مشکلات پیدا کر دیں اور آپؓ کو چین سکون سے حکومت نہ کرنے دی۔ آئے روز نت نئے فتنے سر اٹھاتے رہے جن سے آپؓ نبرد آزما رہے۔ مختصراً یہ کہ آپؓ کو نامساعد حالات کا سامنا ہی رہا۔

17: فریضہ حج کے بعد ام المؤمنین حضرت عائشہؓ نے مدینہ واپس آنے کا ارادہ کیوں بدل دیا؟

O: حج سے فراغت کے بعد ام المؤمنین مدینہ واپس آ رہی تھیں کہ راستہ میں انہیں عبد بن کلاب نے حضرت عثمانؓ کی شہادت کی اطلاع دی یہ خبر سن کر حضرت عائشہؓ نے مدینہ جانے کا ارادہ ترک کر دیا اور واپس مکہ آ گئیں۔

18: مکہ واپس آ کر ام المؤمنین نے لوگوں سے کیا خطاب کیا؟

O: ام المؤمنین حضرت عائشہؓ نے مکہ واپس آ کر لوگوں سے خطاب کیا کہ میں نے خون عثمانؓ کا قصاص لینے کا تہیہ کر لیا ہے۔ آپ میں سے کون میری مدد کرے گا؟ سب سے پہلے عبداللہ بن عامر تیار ہوئے طلحہؓ اور زبیرؓ بھی مدینہ سے مکہ آ کر ام المؤمنینؓ کے ساتھ شامل ہو گئے۔ اس طرح ہزاروں کی تعداد حضرت عائشہؓ کا ساتھ دینے کے لیے تیار ہو گئی۔

19: کس مقام پر بہت زیادہ کتنے بھونکے اور آپؓ کو رسول اللہ ﷺ کی کون سی حدیث یاد آئی؟

O: حضرت عائشہؓ اپنے لشکر کے ساتھ جب مقام حوأب کے تالاب پر پہنچیں تو آپؓ پر حوأب کے کتوں نے بھونکنا شروع کر دیا۔ آپؓ کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث یاد آ گئی۔ حدیث "میری ایک بیوی پر حوأب کے کتے بھونکیں گے" تو آپؓ نے واپس جانے کا ارادہ کر لیا مگر پچاس

آدمیوں کی جھوٹی گواہی دلائی گئی کہ یہ مقام حوأب نہیں ہے اور آپؓ نے آگے بڑھنے کا فیصلہ کرلیا۔ اسلام میں اوپر کی سطح پر پہلی جھوٹی گواہی۔

20: حضرت زبیرؓ کو کس نے شہید کیا؟

O: جنگ کے دوران حضرت زبیرؓ کو حضرت علیؓ نے رسول ﷺ خدا کی حدیث یاد دلائی تو انہوں نے جنگ سے کنارہ کشی اختیار کرلی مگر عمیر بن جرموز نے اپنے ساتھیوں کی مدد سے حضرت زبیرؓ کو قتل کردیا۔

21: حضرت طلحہؓ کی موت کیسے واقع ہوئی؟

O: حضرت زبیرؓ کی طرح حضرت طلحہؓ بھی جنگ سے کنارہ کش ہوگئے تھے۔ انہیں مروان بن حکم نے تیر مار کر قتل کردیا۔

22: حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ کے مابین ہونے والی جنگ کو "جمل" کیوں کہا جاتا ہے؟

O: اس جنگ میں ام المؤمنینؓ ایک فہر نامی اونٹ پر سوار ہو کر میدان میں آئیں اور اپنے حامی گروہ کی قیادت کرتی رہیں۔ اس وجہ سے اس جنگ کو جنگ جمل کہا جاتا ہے۔

23: جنگ جمل کس طرح ختم ہوئی؟

O: حضرت علیؓ نے اونٹ کو گرانے کا حکم دیا کیوں کہ جب تک یہ اونٹ اپنی جگہ پر قائم ہے تب تک جنگ کا جوش بڑھتا رہے گا آخرکار ایک آدمی اونٹ کی ٹانگیں کاٹ کر اسے گرانے میں کامیاب ہوگیا اور جنگ تھم گئی۔

24: جنگ صفین میں کون سے صحابی رسول ﷺ لشکر معاویہ کے ہاتھوں شہید ہوئے؟

O: لشکر معاویہ کی ہاتھوں شہید ہونے والے صحابی رسول ﷺ عمار یاسر حضرت علیؓ کی طرف سے لڑ رہے تھے ان کے متعلق حضور ﷺ کا ارشاد موجود تھا کہ عمار یاسر کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

25: جنگ صفین میں گروہ معاویہ کی طرف سے قرآن نیزوں پر بلند کیوں کئے گئے؟

O: جب معاویہ اور عمر بن العاص نے اپنی واضح شکست دیکھی تو عمرو بن العاص نے معاویہ کو مشورہ دیا کہ فوراً قرآن نیزوں پر بلند کرادو اور اعلان کردو کہ ہمارے تمہارے درمیان فیصلہ اس قرآن کے تحت ہوگا۔

26: جنگ صفین کے کل مقتولین کی تعداد کتنی تھی؟

O: جنگ صفین میں حضرت علیؓ کے لشکر کی تعداد ساٹھ ہزار تھی اور امیر معاویہ کا گروہ ایک لاکھ بیس ہزار افراد پر مشتمل تھا حضرت علیؓ کے بیس ہزار سپاہی قتل ہوئے اور امیر معاویہ کے لشکر کے چالیس ہزار لوگ حضرت علیؓ کے خلاف لڑتے ہوئے مارے گئے اس طرح جنگ صفین میں کل ساٹھ ہزار انسان لقمۂ اجل بنے۔

27: جنگ نہروان میں حضرت علیؓ نے کس صحابی رسولؐ کو امان کا علم دے کر بھیجا اور انہوں نے کیا اعلان کیا؟

O: حضرت علیؓ نے حضرت ابوایوب انصاریؓ کو امان کا علم دے کر بھیجا چنانچہ حضرت ابوایوبؓ انصاری نے جھنڈا تھام کر اعلان کیا کہ جو اس جھنڈے کے پیچھے آجائے گا اسے امان ہے۔ یہ اعلان سن کر بہت سے خارجی الگ ہوگئے اور خوارج کی تعداد کم ہوگئی۔

28: کس واقعہ کی وجہ سے حضرت علیؓ نے خوارج کی بیخ کنی کا ارادہ کرلیا؟

O: خارجیوں نے حضرت عبداللہؓ بن خباب اور ان کی اہلیہ کو دھوکے سے شہید کردیا اس کے علاوہ بھی انہوں نے قتل و غارت گری کی۔ جب حضرت علیؓ تک یہ خبر پہنچی تو آپؓ نے خوارج کے خلاف نکلنے کا فیصلہ کرلیا۔

29: حضرت علیؓ پر قاتلانہ حملہ کب ہوا اور شہادت کس دن ہوئی؟

O: حضرت علیؓ پر 17 رمضان کو صبح فجر کی نماز کے دوران ملعون عبدالرحمٰن ابن ملجم نے سجدے کی حالت میں سر پر تلوار کی ضرب لگائی وہ تلوار سریع الاثر زہر میں بجھی ہوئی تھی۔ بالآخر 21 رمضان 40 ہجری کو آپؓ شہید ہوگئے۔

30: حضرت علی کا مزار اقدس کہاں پر ہے؟

O: حضرت علی کا مزار اقدس ملک عراق کے شہر نجف اشرف میں ہے۔

خیرہ نہ کرسکا مجھے جلوۂ دانش فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاک مدینہ و نجف

معروضی سوالات باب نمبر 14:

کثیر الانتخابی سوالات:

ہر سوال کے نیچے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر دائرہ لگائیے:

1: لفظ خلافت کا مادہ ہے:
(ا) "خ۔ل۔ف" (ب) "خ۔ل۔ت" (ج) "خ۔ف۔ت" (د) "ل۔ف۔ت"

2: خلف کا معنی ہے:
(ا) خلیفہ (ب) خلافت (ج) آگے (د) پیچھے

3: "خلیفۃُ الرّسول" کہا گیا:
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ کو (ب) حضرت عمر فاروقؓ کو
(ج) حضرت عثمان غنیؓ کو (د) حضرت علی المرتضیٰؓ کو

4: "خلیفۃُ خلیفۃِ الرّسول" کہا گیا:
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ کو (ب) حضرت عمر فاروقؓ کو
(ج) حضرت عثمان غنیؓ کو (د) حضرت علی المرتضیٰؓ کو

5: سب سے پہلے امیر المؤمنین کا لقب اختیار کیا:
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے (ب) حضرت عمر فاروقؓ نے
(ج) حضرت عثمان غنیؓ نے (د) حضرت علی المرتضیٰؓ نے

6: خلافت راشدہ میں حاکمیتِ اعلیٰ و اقتدار اللہ تسلیم کیا گیا تھا:
(ا) صرف اللہ کے لئے (ب) صرف رسول اللہ ﷺ کے لئے
(ج) اللہ اور اُس کے رسولؐ کے لئے (د) خلیفہ کے لئے

7: کون سے خلیفۂ راشد اپنی زرہ کے مقدمہ کے سلسلہ میں خود قاضی شریح کی عدالت میں گئے؟
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمر فاروقؓ
(ج) حضرت عثمان غنیؓ (د) حضرت علی المرتضیٰؓ

8: کس خلیفۂ راشد کو جامع القرآن کہا جاتا ہے؟
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ کو (ب) حضرت عمر فاروقؓ کو
(ج) حضرت عثمان غنیؓ کو (د) حضرت علی المرتضیٰؓ کو

9: کس خلیفۂ راشد نے اپنے عمال پر خصوصی پابندیاں لگائی تھیں؟
(ا) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے (ب) حضرت عمر فاروقؓ نے
(ج) حضرت عثمان غنیؓ نے (د) حضرت علی المرتضیٰؓ نے

10: عہدِ خلافت راشدہ میں محکمۂ پولیس کا نام تھا:
(ا) جند (ب) حرب (ج) احداث (د) امن

11: حضرت عمرؓ جب بیت المقدس گئے تو استقبال کرنے والے افسروں نے پہنی تھیں:
(ا) قیمتی ٹوپیاں (ب) قیمتی جوتیاں (ج) قیمتی شالیں (د) قیمتی عبائیں

12: افسروں کی قیمتی عبائیں دیکھ کر حضرت عمرؓ ہوئے:
(ا) ناراض (ب) بہت خوش (ج) غمگین (د) الف، ب، ج تینوں نہیں

www.downloadclassnotes.com

:13 فوجی افسروں نے قیمتی عباؤں کے نیچے کیا چھپا رکھا تھا؟
(ا) دولت (ب) ہتھیار (ج) خطوط (د) تحائف

:14 حضرت عمرؓ کے دور میں کن کا جزیہ واپس کر دیا گیا؟
(ا) اہل فارس (ب) اہل حبشہ (ج) اہل حمص (د) اہل نجران

:15 اہل حمص کا جزیہ کیوں واپس کیا گیا؟
(ا) اہل حمص نے تقاضا کیا (ب) حومتی پالیسی کی تبدیلی کی وجہ سے
(ج) ہر علاقے کا جزیہ معاف کر دینے کی وجہ سے
(د) حفاظتی انتظام کرنا ممکن نہیں رہا

:16 حضرت عمرؓ کے اس بیٹے کا کیا نام تھا جسے شراب پینے کے جرم میں اسی کوڑے مارے گئے؟
(ا) ابوشحمہ ابن عمرؓ (ب) عبداللہ ابن عمرؓ (ج) زید ابن عمرؓ (د) حارث ابن عمرؓ

:17 حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں حضرت عمرؓ کتنا عرصہ مدینہ کے قاضی رہے؟
(ا) ایک سال (ب) دوسال (ج) تین سال (د) چار سال

:18 شام کے مشہور رئیس جبلہ کو کس نے تھپڑ مارا؟
(ا) حضرت عمرؓ نے (ب) حضرت خالدؓ بن ولید نے
(ج) ایک عام عرب بدو نے (د) عبداللہ ابنؓ عمر نے

:19 دور خلفائے راشدین میں ''احداث'' کسے کہا گیا؟
(ا) محکمہ بیت المال کو (ب) فوج کو (ج) قاضی کو (د) محکمہ پولیس کو

:20 حضرت عبداللہ ابن ارقم کس خلیفہ کے کاتب (سیکرٹری) تھے؟
(ا) حضرت عمرؓ کے (ب) حضرت ابوبکرؓ کے
(ج) حضرت عثمانؓ کے (د) حضرت امیر معاویہ کے

:21 حضرت عثمان کے کاتب (سیکرٹری) کا کیا نام تھا؟
(ا) عبداللہ بن ارقم (ب) مروان بن حکم (ج) زید بن ارقم (د) عبدالرحمانؓ ابن عوف

:22 صاحب (الاحداث) کا نام کس کو دیا گیا تھا؟
(ا) سپاہی کو (ب) میر منشی کو (ج) پولیس انسپکٹر کو (د) گورنر کو

:23 حضرت ابوبکرؓ نے کون سا لقب اختیار کیا؟
(ا) امیر المؤمنین (ب) خلیفۃ اللہ (ج) صاحب الدیوان (د) خلیفۃ الرسول

:24 بحری بیڑا کس خلیفہ کے عہد میں تیار کیا گیا؟
(ا) حضرت عثمانؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت ابوبکرؓ (د) حضرت علیؓ

:25 حضرت عمرؓ نے خلیفہ بننے کے بعد کون سا لقب اختیار کیا؟
(ا) خلیفۃ اللہ (ب) امیر المؤمنین (ج) خلیفۃ الرسول (د) خلیفۃ الابوبکر

:26 حضرت عمرؓ نے کس کو اپنے ہاتھ سے شراب پینے کے جرم میں اسی کوڑے لگائے؟
(ا) اپنے بھائی کو (ب) اپنے دوست کو (ج) اپنے بیٹے کو (د) اپنے ہمسائے کو

:27 حضرت عمر نے اپنے دور خلافت میں کس مقدس جگہ کا دورہ کیا؟
(ا) مکہ مکرمہ کا (ب) مسجد قبا کا (ج) غار حرا (د) بیت المقدس کا

:28 مرکزی عدالت میں کون چیف جسٹس کے فرائض انجام دیتا؟

(ا) خلیفہ وقت (ب) گورنر (ج) قاضی (د) فوج کا سربراہ

29: بیت المقدس کے عیسائیوں اور یہودیوں نے کون سے مسلم خلیفہ کو بیت المقدس آنے کی دعوت دی؟

(ا) حضرت ابوبکرؓ کو (ب) حضرت عمرؓ کو (ج) حضرت عثمانؓ کو (د) حضرت علیؓ کو

30: عہد فاروقیؓ میں عراق سے خراج کی جو رقم ملتی تھی وہ ڈیڑھ گنا ہوگئی' کتنے سال میں؟

(ا) دو سال میں (ب) تین سال میں (ج) صرف ایک سال میں (د) ڈیڑھ سال میں

جوابات:

ب	:5	ب	:4	الف	:3	د	:2	الف	:1
ج	:10	ب	:9	ج	:8	د	:7	الف	:6
د	:15	ج	:14	ب	:13	الف	:12	د	:11
الف	:20	د	:19	ج	:18	ب	:17	الف	:16
ب	:25	الف	:24	د	:23	ج	:22	ب	:21
ج	:30	ب	:29	الف	:28	د	:27	ج	:26

---☆---☆---☆---☆---☆---

سوالات کے مختصر جوابات:

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:

1: اسلامی اصطلاح میں خلیفہ کا لفظ کس کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

O: پوری مملکتِ اسلامیہ کے سربراہ کے لئے۔

2: حضرت عمر فاروقؓ نے امیر المؤمنین کا لقب کیوں اختیار کیا؟

O: حضور اکرم ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کو "**خلیفۃُ الرّسول**" اور پھر حضرت عمر فاروقؓ کو ابتداء میں "**خلیفۃُ خلیفۃِ الرّسول**" کہا گیا' لیکن پھر سوچا گیا کہ اِس طرح تو ہر بعد میں آنے والے کے لئے سلسلہ دراز ہوتا جائے گا، چنانچہ حضرت عمر فاروقؓ نے "**امیر المؤمنین**" کا لقب اختیار کرلیا کہ یہی آئندہ بھی چل سکے گا۔

3: خلافت راشدہ کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجئے:

O: i: خلافت راشدہ میں حاکمیتِ اعلیٰ کا اختیار حقیقی معنوں میں اللہ ربّ العزت ہی کے لئے تسلیم کیا گیا تھا۔

ii: خلافت راشدہ میں خلیفہ ہر اہم معاملہ میں صاحبِ رائے افراد سے مشورہ ضرور لیتا۔

4: خلافت راشدہ میں اسلامی ترقی سے متعلق کوئی سے دو نکات ذکر کیجئے:

O: i: خلافت راشدہ میں اسلامی علوم اسلامیہ کی بہت زیادہ ترویج و اشاعت ہوئی۔

ii: خلافت راشدہ میں ایشیا، افریق اور یورپ تک پھیلی ہوئی وسیع اسلامی سلطنت میں نہایت منظم نظامِ حکومت قائم تھا۔

5: خلافت راشدہ کے انتظامِ سلطنت کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجئے:

O: i: خلافت راشدہ میں نظامِ سلطنت کو مرکزی نظام اور صوبائی نظام میں تقسیم کیا گیا تھا۔

ii: خلافت راشدہ میں نہایت اعلیٰ فوجی نظام اور بہترین عدالتی نظام بھی رائج تھا۔

6: خلافت راشدہ میں دستوری حیثیت کس چیز کی تھی؟

O: قرآن وسنت کی۔

7: خلفائے اربعہ کے علاوہ کوئی سے چار افراد ذکر کیجئے کہ جو خلافت راشدہ کی کسی نہ کسی مجلسِ شوریٰ میں شریک رہے ہوں:

O: i: حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ ii: حضرت معاذ بن جبلؓ
iii: حضرت ابی بن کعبؓ iv: حضرت زید بن ثابتؓ

8: عہدِ خلافت راشدہ میں قانون کی بالادستی اور قانونی مساوات کی ایک مثال دیجئے:

O: شام کا ایک رئیس جبلہ بن الایہم غسانی کعبہ کا طواف کر رہا تھا کہ ایک بدو کا پاؤں اُس کی چادر پر آ گیا۔ جبلہ نے اُسے تھپڑ لگا دیا۔ اُس بدو نے بھی جوابی تھپڑ لگا دیا۔ جبلہ حضرت عمر فاروقؓ کے پاس شکایت لے گیا۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اُس کی رئیسی کا کوئی خیال نہ کیا اور کہا کہ جو تم نے کیا تھا' اُس بدو نے اس کا صحیح جواب دیا ہے۔

9: عہدِ خلافت راشدہ کے عدل کی ایک مثال ذکر کیجئے:

O: حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنی گم شدہ زرہ کسی شخص کے پاس دیکھ کر قاضی شریح کی عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا۔ گواہ کے طور پر اپنے بیٹے اور غلام کو پیش کیا۔ قاضی نے باپ کے حق میں بیٹے اور آقا کے حق میں غلام کی گواہی کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے خلیفۂ وقت ہونے کے باوجود مزید گواہ نہ ہونے کی وجہ سے قاضی کے فیصلے کو تسلیم کیا۔

10: عہدِ خلافت راشدہ میں رفاہِ عامہ کے جو کام کیے گئے' اُن میں سے کوئی چار ذکر کیجئے:

O: i: عہدِ خلافت راشدہ میں بہت سی نئی سڑکیں اور نئے راستے بنائے گئے۔
ii: عہدِ خلافت راشدہ میں کئی نہریں اور کنویں کھدوائے گئے۔
iii: عہدِ خلافت راشدہ میں پُل تعمیر کروائے گئے اور بند بھی بنائے گئے۔
iv: عہدِ خلافت راشدہ میں سرائیں اور پولیس چوکیاں قائم کی گئیں۔

11: خلافت کے معنی و مفہوم بیان کیجئے۔

O: خلافت کا لفظ خلف سے ہے۔ خلف کا معنی ہے پیچھے یعنی کسی دوسرے کے بعد یا پیچھے آنا جانشینی' نیابت وغیرہ ہے۔

12: حاکمیت اعلیٰ کیا ہے؟ مختصراً لکھیے۔

O: عہد خلافت راشدہ میں حاکمیت اعلیٰ اور اقتدار اعلیٰ کا اختیار صرف اللہ ہی کے لیے تھا۔ کتاب اللہ سے راہنمائی حاصل کی جاتی تھی اس کے علاوہ وحی خفی کی طرف رجوع کیا جاتا تھا۔

13: حضرت عثمانؓ کے دور میں بحریہ کے لیے کیا اہم پیش رفت ہوئی؟

O: حضرت عثمانؓ کے دور میں بحری بیڑے کی تیاری بھی اسلامی ترقی کی طرف ایک نہایت مستحسن اقدام تھا۔

14: نظام خلافت کس طرح سے رائج ہوا؟

O: حضور ﷺ اکرم کی وفات کے بعد خلافت کا نظام رائج ہوا اور ایک خلیفہ کی وفات کے بعد دوسرا خلیفہ منتخب کر لیا جاتا تھا۔

15: مجلس شوریٰ کس نے قائم کی؟

O: مجلس مشاورت (شوریٰ) اکابر صحابہؓ کرام پر مشتمل ہوتی تھی اس حوالے سے باقاعدہ شوریٰ کمیٹی حضرت عمرؓ نے قائم کی جس کے سربراہ عبدالرحمٰنؓ ابن عوف کو بنایا گیا۔

16: نظام خلافت میں مرکزی نظام کی وضاحت کریں۔

O: مرکزی نظام میں خلیفہ اور شوریٰ لازم تھے۔ خلیفہ کا انتخاب عام لوگ کرتے تھے لیکن مجلس شوریٰ کا انتخاب خلیفہ کی صوابدید پر ہوتا تھا۔ مرکزی نظام کے فرائض میں سرحدوں کا دفاع' مفتوحہ علاقوں کا انتظام' عدالتی نظام' اشاعت اسلام اور قیام امن وغیرہ شامل تھے۔ صوبائی اعمال کا تقرر بھی مرکز کی ذمہ داری تھی۔

17: عمال کے تقرر و محاسبہ کا کیا طریق کار تھا؟

O: نظام خلافت میں عمال کے تقرر کا اختیار براہ راست خلیفہ کے پاس ہوتا تھا اور محاسبہ عمال کا نظام نہایت سخت تھا۔ عمال کے اثاثے اور طرز زندگی کے بارے میں مناسب وقفوں کے دوران چیکنگ کی جاتی تھی۔

www.downloadclassnotes.com

:18 عہد خلفاء میں کتابت (سیکرٹری) کی کیا اہمیت تھی؟

:O خلفاء راشدین اگرچہ خود کتابت جانتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود اپنی معاونت کے لیے کاتب سیکرٹری مقرر کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ نے اپنا کاتب یا (سیکرٹری) عبداللہ بن ارقم کو مقرر کر رکھا تھا اور حضرت عثمانؓ نے اپنے چچازاد بھائی مروان بن حکم کو اپنا کاتب (سیکرٹری) بنایا۔

:19 خلفائے راشدین کے عہد میں فوجی نظام کو کیسے منظم کیا گیا؟

:O خلفائے راشدین کے دور میں فوجی نظام آہستہ آہستہ بہت مستحکم ہو گیا فوجی تربیتی مراکز، چھاؤنیاں اور قلعے تعمیر کروائے گئے فوجیوں کی تنخواہیں اور وظائف کا طریقہ کار بنایا گیا، سامان رسد کی فراہمی اور دیگر فوجی اصلاحات کی گئیں حضرت عثمانؓ کے دور میں بحری فوج بھی تیار کر لی گئی۔

:20 عہد خلافت راشدہ میں عدالتی نظام کیسا تھا؟

:O خلفاء کے عہد میں مستقل عدالتیں اور دارالقضا قائم ہوئے اور قاضیوں کا تقرر کیا گیا۔ مرکزی عدالت میں خلیفہ خود چیف جسٹس کے فرائض سرانجام دیتا تھا۔ صوبائی اور ضلعی عدالتیں قائم کی گئیں۔

:21 محکمہ پولیس کس نام سے بنایا گیا؟

:O "احداث" کے نام سے پولیس کا محکمہ بنایا گیا اس محکمے کا کام مجرموں کا سراغ لگانا "انہیں سزا دینا" امن کی بحالی بازاروں کے حالات کا جائزہ وغیرہ سب پولیس کی ذمہ داریاں تھیں۔ پولیس انسپکٹر کو صاحب الاحداث کہا جاتا تھا۔

:22 محکمہ احتساب کی کارکردگی عہد خلفائے راشدین میں کیسی تھی؟

:O تمام شہروں میں محکمہ احتساب بھی قائم کیا گیا محکمہ احتساب کا کام خلاف شریعت کاموں کی روک تھام اور شریعت کے تابع رہنے کی ترغیب دینا تھا۔ خلیفہ خود محکمہ احتساب کا سربراہ ہوتا تھا۔

:23 خلفائے راشدین کے معاشی نظام کے بارے میں مختصراً لکھیں۔

:O حضرت ابوبکرؓ کے دور میں بیت المال موجود تھا۔ حضرت عمرؓ کے عہد میں مزید منظم و باقاعدہ انداز میں بیت المال قائم کیا گیا۔ مختلف صوبوں کے عمال زکوٰۃ و صدقات، خمس، عشر اور خراج وغیرہ مختلف مدت میں اکٹھی کر کے صوبائی ضرورت کے لیے نکال کر باقی بیت المال میں بھیج دیتے۔

:24 تعلیم کے حوالے سے خلفاء راشدین نے کیا کام کیا؟

:O عہد نبویؐ سے ہی تعلیم کی طرف توجہ دی جا رہی تھی۔ عہد خلفائے راشدین میں بھی اس سلسلے میں بھرپور توجہ دی گئی مساجد میں مکاتب قائم کیے گئے باقاعدہ تنخواہ دار معلمین مقرر کیے گئے جو قرآن، حدیث اور فقہ کی تعلیم دیتے تھے۔

:25 زرعی شعبے کی ترقی کے لیے کیا اقدامات کیے گئے؟

:O حضرت عمرؓ نے زراعت کے لیے قابل قدر اصلاحات کا نفاذ کیا بے آباد زمینوں کو قابل کاشت بنانے کی ترغیب دلائی گئی زرعی زمینوں کی پیمائش کا کام کیا گیا کاشت کاروں کو زمینوں کے مالکانہ حقوق دیئے گئے۔

:26 خلفاء کے دور میں مفتوحہ علاقوں کے انتظام و انصرام پر کتنی توجہ دی گئی؟

:O عموماً مفتوحہ علاقوں میں موجود پہلے سے موجود تنظیمی ڈھانچوں کو برقرار رکھا گیا۔ ظالمانہ اور غیر منصفانہ قوانین کی سختی سے کچل دیا گیا اور انہیں اسلام کے مطابق ڈھال دیا گیا۔

---☆---☆---☆---☆---☆---